# حدیثِ قدسی


ملنے کا پتہ

(رجسٹرڈ) کتب خانہ

اثنا عشری لاہور

RAHMATULLAH BOOK AGENCY
opposite: Bara Imam Bargah,
Kharadar, Karachi-74000,
Telephone No. 2431577

Presented by www.ziaraat.com


Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA
یا عباس
۷۸۶
۹۲_۱۱۰
یا صاحب الزماں ادرکنی
DvD
Version
NOT FOR COMMERCIAL USE
لبیک یا حسینؑ
www.ziaraat.com
خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی
اسلامی کتب (اردو) DVD
ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔
SABEEL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.co.cc
sabeelesakina@gmail.com

جملہ حقوق محفوظ

# حدیثِ قدسی

## مترجم

مترجمہ :- عالیجناب فضیلت مآب مولانا سید
شاہ نواز صاحب قبلہ ممتاز الافاضل لکھنؤ
و
منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی

ناشران
کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) مغل حویلی
موچی دروازہ ۔ حلقہ ۲ لاہور ۸

Presented by www.ziaraat.com

# عکسی وظائف الابرار کامل جدید مترجم معہ اضافہ

مترجم :- جناب مولانا حافظ فرمان علی صاحب مرحوم و مغفور۔

یہ دس سُور تہائے قرآنی اور پچیس دُعاؤں کا بہترین مجموعہ ہے۔ جن کے متعلق علمائے کرام نے توثیق فرمائی ہے۔

**سُورۃ ہائے قرآنی** :- ۱ سُورہ یٰسین۔ ۲ سورہ فتح۔ ۳ سورہ عم۔ ۴ سورہ واقعہ۔ ۵ سورہ ملک۔ ۶ سورہ رحمٰن۔ ۷ سُورہ دھر۔ ۸ سورہ المدثر۔ ۹ سورہ مزمل۔ ۱۰ آیۃ الکرسی۔

**دُعائیں** :- (۱) دُعائے مشلول (۲) دُعائے کمیل (۳) دُعائے جوشن صغیر و کبیر (۴) دُعائے طوسی (۵) دُعائے توسل (۶) دُعائے جناب امیر منظوم (۷) دُعائے صد سُبحان (۸) دعائے ہلال (۹) اسمائے اعظم (۱۰) حدیثِ کسا (۱۱) دُعائے سباسب (۱۲) دُعائے صباح (۱۳) دُعائے صنمی قریش (۱۴) دعائے نور کلاں (۱۵) نادِ علی صغیر (۱۶) نادِ علی کبیر (۱۷) دُعائے وُسعتِ رزق (۱۸) دُعائے مغفرت (۱۹) دُعائے عافیت (۲۰) دُعائے حضرت علیؑ (۲۱) دُعائے طلبِ حاجات (۲۲) دُعائے ابُو ذر (۲۳) اعمال صلوٰۃ جُمعہ (۲۴) دُعائے درازیٔ عمر (۲۵) زیارت حضرت حجۃؑ

**چند خصوصیات** :- اسکی لکھائی اتنی موٹی ہے کہ ضعیف العمر لوگ بھی اسکو باآسانی پڑھ سکتے ہیں اس سے پیشتر پاکستان میں اتنی موٹی لکھائی کی اب تک شائع نہیں ہوئی۔

**نوٹ** :- کتاب خریدتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

کتاب "وظائف الابرار کامل جدید معہ اضافہ" کُتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور کی مطبوعہ خریدیں جسکی لکھائی موٹی سے موٹی اور چھپائی بہترین آفسٹ پر اور حجم ۴۱۶ صفحات، سائز $\frac{18\times 23}{8}$ سفید کاغذ مجلد معہ رنگین ٹائیٹل۔ ہدیہ لاگت کے قریب۔ ہدیہ = ۴۰ روپے

ملنے کا پتہ :- **کُتب خانہ اثنا عشری** (رجسٹرڈ) مُغل حویلی موچی دروازہ لاہور



# پیش لفظ

حدیثِ قدسی صحف آسمانی، تورات، زبور کی منتخب آیات کا نادر مجموعہ ہے، جنہیں مولائے کائنات امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے انتخاب فرما کر عربی زبان میں منتقل کیا، بندہ ناچیز کو اس کا ایک نسخہ ایران میں دستیاب ہوا اُسی وقت بمصداق ؎

دریغ آمدم زاں ہمہ بوستاں
تہی دست رفتن سوئے دوستاں

اس دُرِ نایاب کو پلّے باندھ لیا کہ یارانِ وطن کے لئے اس سے بہتر تحفہ نظر سے نہ گُزرا۔ ارادہ تھا کہ وطن پہنچتے ہی اس کو آسان اور سلیس ترجمے کے ساتھ اربابِ عقیدت کی خدمت میں پیش کروں گا۔ مگر اپنی بے بضاعتی اور کم مائیگی کے سبب سے اس ارادہ کو پایۂ تکمیل تک نہ پہنچا سکا۔

بالآخر میرے مشفق و محترم جناب سید شاہ نواز صاحب ممتاز الافاضل منشی فاضل حال مقیم حافظ آباد نے باوجود گوناگوں مصروفیات کے اس کارِ خیر میں میری اعانت فرمائی۔ چنانچہ اُن کی کاوشِ قلم کے طفیل ترجمے کا کام حسبِ خواہش سرانجام پا گیا۔ مَیں جنابِ موصوف کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اُن کی

Presented by www.ziaraat.com

ذرہ نوازی کی بدولت میں اس قابل ہوا کہ اپنی دیرینہ مُراد کو بروئے کار لا سکوں قارئین محترم سے فقط اس قدر التماس ہے کہ گلدستۂ معرفت کو محض میز یا الماری کی زینت نہ بنائیں۔ بلکہ اس میں مندرج ارشادات ربانی کو بطور دستور العمل ہمیشہ پیشِ نظر رکھیں۔ مجھے اُمید ہے کہ اس پر عمل پیرا ہو کر آپ زندگی کے ہر پہلو میں مستفیض ہوں گے۔ انشاء اللہ

غرض نقشیست کز من یاد ماند
کہ ہستی را نمے بینم بقائے

اب چونکہ پہلا ایڈیشن ختم ہو چکا ہے۔ اس لئے آئندہ اِس کی اشاعت وطباعت کی اجازت مینجر صاحب کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور کو دی گئی ہے۔

راجی رحمتہ ربہٖ فی الکونین

خادم حسین وائیں عفی عنہ

خادم منزل جعفریہ سٹریٹ
سادات گنج دستن پورہ لاہور

SOMASO
ANTANANA



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دیباچہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ مُحَمَّدٍ وَاَھْلِبَیْتِہِ الطَّاھِرِیْنَ ٥

امابعد میرے محترم الحاج **خادم حسین** صاحب وائیں (پلیڈر ہائیکورٹ) ساکن خادم منزل جعفریہ سٹریٹ سادات گنج (دستن پورہ) لاہور نے جو بہت نیک نفس اور عابد و زاہد بزرگ ہیں۔ ایک روز مجھ سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ اگر رسالہ "حدیث قدسی" کا اُردو ترجمہ شائع ہو کر عوام الناس بالخصوص مومنین کے ہاتھوں میں پہنچ جائے تو جہاں اُن کے لئے ایمان و معرفت کی زیادتی کا باعث ہو خود میرے لئے ثواب دارین اور نجاتِ آخرت کا ذریعہ بن جائے۔ اثنائے کلام میں مجھے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس نیک مقصد کے لئے وہ اپنے پاس سے روپیہ خرچ کر کے رسالہ چھپوا کر مومنین کو مُفت بطور ہدیہ پیش کریں گے۔ چنانچہ انہوں نے مجھے رسالہ کا ایک نسخہ مطبوعہ طہران دیا۔ جس میں تین نہایت مفید چیزیں بطور ضمیمہ شامل ہیں۔ اوّل نصائحِ زبور، دوسرے نصائحِ لقمان اور تیسرے چہل احادیث نبوی۔ ساتھ ہی انہوں نے اس کا ایک قلمی اُردو ترجمہ بھی دیا اور بطور احتیاط مجھ سے خواہش کی

Presented by www.ziaraat.com

کہ طباعت سے قبل مَیں اس ترجمہ پر نظرِ ثانی کر دوں ۔ مَیں نے جب دیکھا کہ یہ کلام فصیح و بلیغ معرفتِ الٰہی ۔ دنیائے دُوں کی بے ثباتی اور بے مائگی ۔ زہد و تقوےٰ ۔ یقین و توکّل ، بشارت و نذرات اور صفات ایمانی کے بیش قیمت اسباق سے مملو ہے ۔ جس سے قلبِ انسانی اثر پذیر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا ۔ اور جس پر عمل ایک سلیم الفطرت انسان کو قعرِ ذلت سے اُٹھا کر معراجِ معرفت اور روحانی بلندیوں تک پہنچا سکتا ہے ۔ تو مَیں نے باوجود انتہائی عدیم الفرصتی کے اس نیک مقصد میں تعاون کا یقین دلایا ۔ لیکن جب مَیں ترجمہ کا زیادہ حصّہ دیکھ چکا تو اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ سلیس و شُستہ اُردو ترجمہ کسی عالم و فاضل کی محنت کا نتیجہ ہے اور نظرِ ثانی کی حاجت سے بالا ہے ۔ چنانچہ دریافت کرنے پر حاجی صاحب موصوف نے بتایا کہ عالیجناب فضیلت مآب مولانا سید شاہ نواز صاحب قبلہ ممتاز الافاضل لکھنؤ و منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی اس کے مترجم ہیں ۔ پس میں انکی محنت کی داد دیتا ہوا دُعا کرتا ہوں کہ خداوندِ عالم ان اوراق کو مومنین کے لئے ازدیادِ معرفت اور حصولِ حسنات کا باعث بنائے ۔ اور فاضل مترجم کی محنت کو شرفِ قبولیت بخشے اور حاجی صاحب ممدوح کے خلوص و ایثار کو قبول فرما کر ان کے لئے دین و دنیا کی حسنات اور نجات آخرت کا ذریعہ بنائے ۔ فجزاہما اللہ خیر الجزاء ۔

احقر العباد

فرزند علی فیروزپوری
پیش نماز مسجد علامہ حائری اعلی اللہ مقامہ ساداتِ گنج لاہور



# حدیث شریف قدسی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ وہ بلیغ وعظ ہے ۔ جسے جناب امیر المومنین **علی** علیہ السلام نے جناب موسیٰ بن عمران کی زبان یعنی عبرانی سے عربی میں منتقل فرمایا ہے اور وہ چالیس سورے ہیں ۔ جو اللہ تعالیٰ کے پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام یعنی کتاب توراۃ سے منتخب ہیں ۔

اور ابو الفضل کی تفسیر میں ہے کہ تورات ایک ہزار سورت تھی اور ہر سُورت میں ہزار آیات تھیں اور ہر آیت سورہ بقر کے مثل تھی ۔ جو ہزار امر اور ہزار نہی اور ہزار وعدہ اور ہزار وعید پر مشتمل تھی ۔

---

Presented by www.ziaraat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# اَلسُّوْرَۃُ الْاُوْلٰی (پہلی سورت)

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَجِبْتُ لِمَنْ اَیْقَنَ بِالْمَوْتِ کَیْفَ یَفْرَحُ وَعَجِبْتُ لِمَنْ اَیْقَنَ بِالْحِسَابِ کَیْفَ یَجْمَعُ الْمَالَ وَ عَجِبْتُ لِمَنْ اَیْقَنَ بِالْقَبْرِ کَیْفَ یَضْحَکُ وَ عَجِبْتُ لِمَنْ اَیْقَنَ بِزَوَالِ الدُّنْیَا کَیْفَ یَطْمَئِنُّ اِلَیْھَا وَعَجِبْتُ لِمَنْ اَیْقَنَ بِبَقَآءِ الْاٰخِرَۃِ وَ نَعِیْمِھَا کَیْفَ یَسْتَرِیْحُ وَعَجِبْتُ لِمَنْ ھُوَ عَالِمٌ بِاللِّسَانِ وَ جَاھِلٌ بِالْقَلْبِ وَ عَجِبْتُ لِمَنْ ھُوَ مُطَھَّرٌ بِالْمَآءِ وَ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس شخص سے تعجب ہے کہ جو موت کا یقین رکھتا ہے کیونکر خوش ہوتا ہے۔ تعجب ہے اس شخص پر جو حساب کا یقین رکھتا ہے مال کیونکر جمع کرتا ہے۔ تعجب ہے ایسے شخص پر جو قبر میں جانے کا یقین رکھتا ہے ہنستا کیسے ہے۔ مجھے ایسے شخص پر تعجب ہوتا ہے جو دنیا کے زوال کا یقین رکھتا ہے کیونکر اس پر اطمینان رکھتا ہے مجھے تعجب تو ایسے شخص پر ہے جو آخرت اور اُس کی نعمات کا یقین رکھتا ہو۔ کیسے آرام طلبی کرتا ہے۔ مجھے تعجب ہے اس پر جو زبانی تو عالم ہے اور دل سے جاہل ہے۔ میں



غَیْرُ طَاھِرٍ بِالْقَلْبِ وَ عَجِبْتُ لِمَنِ اشْتَغَلَ بِعُیُوْبِ النَّاسِ وَھُوَ غَافِلٌ عَنْ عُیُوْبِ نَفْسِہٖ وَعَجِبْتُ لِمَنْ یَعْلَمُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی مُطَّلِعٌ عَلَیْہِ کَیْفَ یَعْصِیْہِ وَعَجِبْتُ لِمَنْ یَعْلَمُ اَنَّہٗ یَمُوْتُ وَحْدَہٗ وَ یَدْخُلُ الْقَبْرَ وَحْدَہٗ وَیُحَاسَبُ وَحْدَہٗ کَیْفَ یَسْتَاْنِسُ بِالنَّاسِ وَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَقًّا حَقًّا مُحَمَّدٌ عَبْدِیْ وَ رَسُوْلِیْ۔

متعجب ہوتا ہوں اُس کے لئے جو پانی سے طہارت (ظاہری) کرتا ہے اور قلبی طہارت نہیں رکھتا تعجب ہے اس پر جو لوگوں کے عیوب میں لگا ہوا ہے حالانکہ اپنے نفس کے عیوب سے غافل ہے۔ تعجب ہے ایسے آدمی سے جو جانتا ہے کہ خدا اُسکے حالات پر آگاہ ہے۔ نافرمانی کیونکر کرتا ہے۔ تعجب ہے ایسے شخص پر جو جانتا ہے کہ وہ اکیلا مرے گا اور قبر میں بھی تنہا داخل ہوگا اور حساب بھی اس سے تنہا ہی لیا جائے گا۔ وہ لوگوں سے کس طرح مانوس ہوتا ہے۔ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ کوئی معبود نہیں سوائے معبود برحق کے محمدؐ میرا بندہ اور رسول ہے۔

# اَلسُّوْرَۃُ الثَّانِیَۃُ (دوسری سورت)

شَھِدْتُ نَفْسِیْ لِنَفْسِیْ اَنْ

مَیں اپنی ذات کی گواہی دیتا ہوں کہ

Presented by www.ziaraat.com

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا وَحْدِیْ لَا
شَرِیْكَ لِیْ وَمُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ
مَنْ لَّمْ یَرْضَ بِقَضَآئِیْ
وَلَمْ یَصْبِرْ عَلٰی بَلَآئِیْ وَلَمْ
یَشْكُرْ عَلٰی نَعْمَآئِیْ وَلَمْ
یَقْنَعْ بِعَطَآئِیْ فَلْیَطْلُبْ
رَبًّا سِوَائِیْ وَلْیَخْرُجْ مِنْ
تَحْتِ سَمَآئِیْ وَمَنْ اَصْبَحَ
حَزِیْنًا عَلَی الدُّنْیَا فَكَاَنَّمَا
اَصْبَحَ سَاخِطًا عَلَیَّ وَ
مَنِ اشْتَكٰی مُصِیْبَةً نَّزَلَتْ
بِهٖ اِلٰی غَیْرِیْ فَقَدْ شَكَانِیْ
وَمَنْ دَخَلَ عَلٰی غَنِیٍّ
فَتَوَاضَعَ لَهٗ مِنْ اَجْلِ
غِنَآئِهٖ ذَهَبَ ثُلُثُ
دِیْنِهٖ وَمَنْ لَطَمَ وَجْهَهٗ
عَلٰی مَیِّتٍ فَكَاَنَّمَا اَخَذَ
رُمْحًا یُقَاتِلُنِیْ بِهٖ

کوئی لائق پرستش نہیں سوائے ایک
میرے کہ میرا کوئی شریک نہیں اور محمد
صلی اللہ علیہ وسلم میرے بندے اور
رسُول ہیں۔ جو شخص میرے فیصلہ پر راضی
نہ ہو اور میری آزمائش پر صبر نہ کرے
اور میری نعمتوں کا شکر گزار نہ ہو اور
میری عطا پر قناعت نہ کرے پس
ایسے آدمی کو اپنا رب بھی میرے علاوہ
کوئی دوسرا طلب کرنا چاہیئے اور میرے
آسمان کے نیچے سے نکل جانا چاہیئے
اور جو شخص دُنیا پر محزون ہو پس ایسا
ہے گویا وہ مجھ پر ناراض ہو رہا ہے
اور غیض غصّہ کا اظہار کرتا ہے اور جو
شخص اس مصیبت پر جو اُس پر نازل
ہوئی میرے غیر کے سامنے شکایت کرے
تو گویا اسنے میری شکایت کی! اور جو شخص
کسی مالدار کے پاس جائے اور اسکے مال کیوجہ سے
فروتنی کا اظہار کرے تو اسکا ایک تہائی دین
چلا جاتا ہے اور جو شخص کسی مردے پر اپنے مُنہ پر



وَمَنْ كَسَرَ عُوْدًا عَلٰی
قَبْرِ مَیِّتٍ فَكَاَنَّمَا
هَدَمَ كَعْبَتِیْ بِیَدِهٖ
وَمَنْ لَّمْ یُبَالِ مِنْ
اَیْنَ یَاْكُلُ لَمْ اُبَالِ
بِهٖ مِنْ اَیِّ بَابٍ اُدْخِلُهٗ
فِیْ جَهَنَّمَ وَمَنْ لَّمْ یَكُنْ
لَهٗ فِی الزِّیَادَةِ فِیْ دِیْنِهٖ
فَهُوَ فِی النُّقْصَانِ وَمَنْ
كَانَ فِی النُّقْصَانِ فَالْمَوْتُ
خَیْرٌ لَّهٗ وَمَنْ عَمِلَ
بِمَا عَلِمَ زِدْتُهٗ عِلْمًا
اِلٰی عِلْمِهٖ ؛

طمانچہ مارے تو گویا اُس نے میرے ساتھ
لڑائی کرنے کیلئے نیزہ پکڑا۔ اور جو شخص کسی
میّت کی قبر پر سے تختی کو توڑ دے تو گویا
اس نے میرے کعبہ کو اپنے ہاتھ سے گرا
دیا۔ اور جو شخص پرواہ نہ کرے کہ
کہاں سے وُہ کھاتا ہے تو میں بھی اِس
کی پرواہ نہیں کروں گا کہ اِسے کس دروازہ
سے دوزخ میں ڈالوں اور وُہ اپنے دین میں
ترقی اور زیادتی میں نہیں ہے بلکہ وُہ
خسارہ میں ہے اور جس کا دین کمی میں ہو اس
کیلئے تو زندگی سے موت بہتر ہے۔ اور
جو شخص اپنے علم پر عمل کرے تو میں اُسکے
لئے پہلے علم سے مزید علم دیتا ہوں ؛

## السُّوْرَةُ الثَّالِثَةُ (تیسری سورت)

یَا بْنَ اٰدَمَ مَنْ تَنَعَّمَ
اسْتَغْنٰی وَمَنْ رَضِیَ
بِالْقَلِیْلِ مِنَ الدُّنْیَا فَقَدْ

اے آدم کی اولاد جس نے قناعت
اختیار کی وہ بے نیاز ہو گیا اور جو تھوڑی
دُنیا پر راضی رہا۔ اُس نے اللہ تعالیٰ

Presented by www.ziaraat.com

وَ ثَقَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ۔
يَا بْنَ اٰدَمَ مَنْ تَرَكَ الْحَسَدَ اِسْتَرَاحَ وَمَنِ اجْتَنَبَ الْحَرَامَ خَلَصَ دِيْنُهٗ۔
وَمَنْ تَرَكَ الْغِيْبَةَ ظَهَرَتْ مُحَبَّتَهٗ فِي الْقُلُوْبِ۔
وَمَنِ اعْتَزَلَ عَنِ النَّاسِ سَلِمَ مِنْهُمْ۔
وَمَنْ قَلَّ كَلَامُهٗ كَمُلَ عَقْلُهٗ۔
وَمَنْ رَضِيَ مِنَ اللّٰهِ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ۔
يَا بْنَ اٰدَمَ اَنْتَ بِمَا تَعْلَمُ لَا تَعْمَلُ كَيْفَ تَطْلُبُ مَا لَا تَعْلَمُ۔

پر بھروسہ کرلیا۔
اے اولادِ آدم جس نے حسد کو چھوڑ دیا۔ راحت میں ہوگیا اور جو حرام سے بچ گیا۔ اُس نے اپنا دین خالص کرلیا۔
اور جس نے غیبت چھوڑ دی تو اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ظاہر ہوتی ہے۔
اور جو آدمی لوگوں سے کنارہ کش ہوجائے۔ ان سے بچ جاتا ہے۔
اور جو کم گوئی کرے کامل عقل ہوجاتا ہے۔
اور جو اللہ سے کم روزی لینے پر راضی ہوجائے۔ اللہ بھی اس سے کم عمل ہونے پر راضی ہو جائے گا۔
اے اولادِ آدم تو جو کچھ جانتا ہے وہ تو کرتا نہیں تو جو کچھ نہیں جانتا کیونکر طلب کرتا ہے۔



يَا بْنَ اٰدَمَ اَفْنَيْتَ عُمُرَكَ فِيْ طَلَبِ الدُّنْيَا فَمَتٰى تَطْلُبُ الْاٰخِرَةَ ۞

اے اولادِ آدم تو نے اپنی ساری عمر طلبِ دُنیا میں فنا کر ڈالی تو آخر آخرت کب طلب کرے گا ۞

## اَلسُّوْرَةُ الرَّابِعَةُ (چوتھی سورت)

يَا بْنَ اٰدَمَ مَنْ اَصْبَحَ حَرِيْصًا عَلَى الدُّنْيَا لَمْ يَزِدْ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا بُعْدًا وَفِي الدُّنْيَا اِلَّا كَدًّا وَفِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا جُهْدًا وَاَلْزَمَ اللّٰهُ تَعَالٰى قَلْبَهٗ هَمًّا لَا يَنْقَطِعُ عَنْهُ اَبَدًا وَفَقْرًا لَا يَنَالُ غِنَاهُ اَبَدًا وَاَمَلًا لَا يَنَالُ مُنَاهُ اَبَدًا۔
يَا بْنَ اٰدَمَ كُلَّ يَوْمٍ يَنْقُصُ مِنْ عُمُرِكَ وَاَنْتَ لَا تَدْرِيْ وَيَاْتِيْ

اے اولادِ آدم (یاد رکھو) جو شخص دنیا کا حریص ہوگا تو وہ شخص سوائے خدا سے دُوری کے کچھ زیادہ نہیں پائیگا اور دنیا میں تکلیف و رنج اور آخرت میں سوائے مشقت کچھ وصول نہیں ہوگا۔ اور خدا اس کے دل کو رنج لازم قرار دیتا ہے جو کبھی اس سے جدا نہیں ہوتا اور ایسی محتاجی دیتا ہے کہ کبھی سیری اور غنا اس کو مل نہیں سکتی۔ اور وہ اپنی اُمیدوں کو کبھی نہیں پاسکتا۔
اے اولادِ آدم ہر دن تیری عمر کو کم کر رہا ہے اور تو بیخبر ہے۔ ہر روز میرے خزانہ سے تیرے پاس رزق

Presented by www.ziaraat.com

كُلَّ يَوْمٍ رِزْقُكَ مِنْ
عِنْدِيْ وَاَنْتَ لَا تَحْمَدُ
فَلَا بِالْقَلِيْلِ تَقْنَعُ وَلَا بِالْكَثِيْرِ تَشْبَعُ
يَا ابْنَ اٰدَمَ مَا مِنْ يَوْمٍ
جَدِيْدٍ اِلَّا وَيَاْتِيْكَ مِنْ
عِنْدِيْ رِزْقٌ جَدِيْدٌ وَمَا
مِنْ لَيْلَةٍ اِلَّا وَيَاْتِيْنِيْ
مَلٰئِكَتِيْ مِنْ عِنْدِكَ بِعَمَلٍ
قَبِيْحٍ تَاْكُلُ رِزْقِيْ وَ
تَعْصِيْنِيْ وَاَنْتَ تَدْعُوْنِيْ
فَاَسْتَجِيْبُ لَكَ خَيْرِيْ
اِلَيْكَ نَازِلٌ وَشَرُّكَ اِلَيَّ
صَاعِدٌ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى اَنَا
وَبِئْسَ الْعَبْدُ اَنْتَ تَسْئَلُنِيْ
فَاُعْطِيْكَ وَاَسْتُرُ اِلَيْكَ
سُوْءً بَعْدَ قَبِيْحٍ اَنَا اَسْتَحِيْ
مِنْكَ وَاَنْتَ لَا تَسْتَحِيْ مِنِّيْ
وَتَنْسَانِيْ وَتَذْكُرُ غَيْرِيْ
وَتَخَافُ النَّاسَ وَ

آتا ہے اور تو حمد نہیں کرتا۔ اور کم روزی پر تو قناعت نہیں کرتا۔ اور نہ ہی زیادہ سے تیری شکم پُری ہوتی ہے۔ اے اولادِ آدم کوئی دن تازہ ایسا تم پر نہیں گزرتا جس دن تیرے لئے میری طرف سے تازہ روزی نہ آتی ہو اور کوئی رات ایسی نہیں گزرتی کہ جس میں میرے پاس میرے ملائکہ تیرے بُرے اعمال لیکر نہ آتے ہوں تو رزق میرا کھاتا ہے اور نافرمانی میری ہی کرتا ہے حالانکہ تو مجھے پکارتا ہے اور میں جواب دیتا ہوں تیرے لئے میری خیر و برکت نازل ہوتی ہے اور تیری بُرائی میرے پاس صعود کرتی ہے پس میں کیسا اچھا آقا ہوں اور تو کیسا ہی بُرا بندہ ہے۔ تو مجھ سے سوال کرتا ہے تو میں تجھے عطا کرتا ہوں اور تیری ہر بُرائی کے بعد پھر بُرائی کو میں چھپاتا رہتا ہوں اور تیرے ایک عمل قبیح کے بعد دوسرے پر پردہ ڈالتا ہوں۔ اے میرے بندے میں تو تجھ سے حیا کرتا ہوں



تَاْمَنُ غَضَبِيْ ۞

اور تو مجھ سے شرم نہیں کرتا اور تو مجھے بھلائے ہوئے ہے اور میرے علاوہ دوسرے کو یاد رکھتا ہے اور لوگوں سے ان کی مخالفت کرنے پر خائف ہے اور میری نافرمانی کرنے کے باوجود میرے غضب سے بے خوف ہے۞

# اَلسُّوْرَةُ الْخَامِسَةُ (۵) (پانچویں سورت)

يَا ابْنَ اٰدَمَ لَا تَكُنْ
مِمَّنْ يَطْلُبُ التَّوْبَةَ بِطُوْلِ
الْاَمَلِ وَيَرْجُوا الْاٰخِرَةَ
بِغَيْرِ عَمَلٍ يَقُوْلُ قَوْلَ
الزَّاهِدِيْنَ وَيَعْمَلُ عَمَلَ
الْمُنَافِقِيْنَ اِنْ اُعْطِيَ لَا
يَقْنَعُ وَاِنْ مُنِعَ لَا يَصْبِرُ
يَاْمُرُ بِالْخَيْرِ وَلَا يَفْعَلُهُ
وَيَنْهٰى عَنِ الشَّرِّ وَلَا يَنْتَهِيْ
عَنْهُ وَيُحِبُّ الصَّالِحِيْنَ
وَلَيْسَ مِنْهُمْ وَيُبْغِضُ
الْمُنَافِقِيْنَ وَهُوَ
مِنْهُمْ . يَا ابْنَ اٰدَمَ

اے اولادِ آدم تو ان لوگوں میں سے نہ ہو جا جو دُنیا کی لمبی اُمیدیں رکھ کر توبہ طلب کرتا ہے اور آخرت کی عمل کے بغیر اُمید رکھے ہوئے ہے۔ کہنے کو تو تارک الدنیا لوگوں کے قول کہتا ہے اور عمل منافقوں کا سا کرتا ہے کہ اگر عطا کیا جائے تو اِس عطیہ پر قناعت نہیں کرتا اور اگر روک لیا جائے تو صبر نہیں کرتا۔ حکم تو اچھے کاموں کا دیتا ہے اور خود اسے نہیں کرتا اور بُرائی سے روکتا ہے اور خود نہیں باز رہتا اور نیک لوگوں کو دوست رکھتا ہے حالانکہ خود ان میں سے نہیں ہے اور منافقوں

Presented by www.ziaraat.com

مَا مِنْ يَوْمٍ جَدِيْدٍ اِلَّا
وَالْاَرْضُ تُخَاطِبُكَ وَتَقُوْلُ
يَابْنَ اٰدَمَ تَمْشِيْ عَلٰى
ظَهْرِيْ وَمَصِيْرُكَ فِيْ بَطْنِيْ
وَتُذْنِبُ عَلٰى ظَهْرِيْ وَ
تُعَذَّبُ فِيْ بَطْنِيْ يَابْنَ اٰدَمَ
اَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا
بَيْتُ الْوَحْشَةِ وَاَنَا بَيْتُ
الظُّلْمَةِ وَاَنَا بَيْتُ الْعَقَارِبِ
وَالْحَيَّاتِ وَاَنَا بَيْتُ
الْهَوَانِ فَاعْمُرْنِيْ وَلَا
تُخَرِّبْنِيْ ؏

سے بُغض رکھتا ہے اور حقیقتاً انہیں میں سے
وہ خود بھی ہے۔ اے اولادِ آدم کوئی نیا
دن ایسا نہیں گزرتا کہ زمین تجھے خطاب
کرتی ہو کہ اے اولادِ آدم تو میری پُشت
پر چلتا ہے اور ٹھکانا تیرا میرے اندر ہوگا
اور گناہ تو میرے اوُپر کرتا ہے اور
عذاب تجھے میرے اندر کیا جائے گا۔
یاد رکھ اے اولادِ آدم، میں تنہائی
اور وحشت اور ظلمت کا گھر ہوں اور
میں خطرناک بچھوؤں اور سانپوں کا
گھر ہوں۔ میں ذلت و پستی کا گھر
ہوں۔ مجھے آباد کرلے خراب نہ کر؏

# اَلسُّوْرَةُ السَّادِسَةُ (چھٹی سورت)

يَابْنَ اٰدَمَ مَا خَلَقْتُكُمْ
لِاَسْتَكْثِرَ بِكُمْ مِنْ قِلَّةٍ
وَلَا لِاَسْتَاْنِسَ بِكُمْ مِنْ
وَحْشَةٍ وَلَا لِاَسْتَعِيْنَ

اے اولادِ آدم میں نے تمہیں
اس لئے پیدا نہیں کیا کہ پہلے کوئی
کمی تھی اور تمہاری وجہ سے کثرت طلب
کی میں نے اور نہ اس لئے کہ اکیلے میں



بِكُمْ عَلٰى اَمْرٍ عَجَزْتُ عَنْهُ
وَلَا لِاَجْلِ مَنْفَعَةٍ وَلَا لِدَفْعِ
مَضَرَّةٍ بَلْ خَلَقْتُكُمْ لِتَعْبُدُوْ
نِيْ طَوِيْلًا وَتَشْكُرُوْلِيْ
كَثِيْرًا وَتُسَبِّحُوْنِيْ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا
وَلَوْ اَنَّ اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَ
حَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ وَ
صَغِيْرَكُمْ وَكَبِيْرَكُمْ وَ
حُرَّكُمْ وَعَبْدَكُمْ وَاِنْسَكُمْ
وَجِنَّكُمْ اِجْتَمَعْتُمْ عَلٰى
طَاعَتِيْ لَمَا زَادَ ذٰلِكَ فِيْ
مُلْكِيْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَلَوْ اَنَّ
اَوَّلَكُمْ وَاٰخِرَكُمْ وَحَيَّكُمْ
وَمَيِّتَكُمْ وَصَغِيْرَكُمْ وَ
كَبِيْرَكُمْ وَحُرَّكُمْ وَعَبْدَكُمْ
وَاِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ اِجْتَمَعْتُمْ
عَلٰى مَعْصِيَتِيْ مَا نَقَصَ ذٰلِكَ
مِنْ مُلْكِيْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَ
مَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ

وحشت تھی اور تمہاری وجہ سے اُنس ہو
گیا اور نہ اس لئے پیدا کیا کہ میں کسی
بات میں عاجز تھا اور تمہاری وجہ سے
اعانت طلب کروں اور نہ کسی فائدے
کے لئے اور نہ کسی ضرر ہٹانے کے لئے
تمہیں پیدا کیا۔ بلکہ میں نے تمہیں اس لئے
پیدا کیا کہ تم کافی زمانہ تک میری عبادت
کرو اور میرا شکر بہت کرو اور صبح و شام میری
تسبیح کرو۔ یہ تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ تم اوّل و
آخر زندہ اور مُردہ چھوٹا اور بڑا اور آزاد اور
غلام انسان اور جن اگر اکٹھے ہو کر سب میری
عبادت کرو گے تو بھی تمہاری یہ عبادت میری
مملکت کو ذرہ برابر بھی زیادہ نہیں کر سکتی اور
اسی طرح اگر تم پہلے پچھلے، زندہ، مُردہ، چھوٹے
بڑے، آزاد، غلام، جن، انسان اگر میری
نافرمانی پر کمر باندھ لو تو میرے مُلک میں
ذرہ بھر کمی واقع نہ ہو جائے گی۔ جو بھی کوشش
کرے اعمال نیک کرنے میں اُس نے
اپنے فائدے کے لئے کیا۔ خدا تو تمام

Presented by www.ziaraat.com

لِنَفْسِهٖ اِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْنَ ۔

دُنیا والوں سے مستغنی اور بے نیاز ہے۔

## اَلسُّوْرَةُ السَّابِعَةُ (ساتویں سورت)

یَا عَبِیْدَ الدَّنَانِیْرِ وَالدَّرَاهِمِ اِنِّیْ مَا خَلَقْتُ لَکُمُ الدَّرَاهِمَ وَالدَّنَانِیْرَ اِلَّا لِتَاْکُلُوْا بِهَا رِزْقِیْ وَتَلْبَسُوْا بِهَا ثِیَابِیْ وَتُنْفِقُوْا بِهَا فِیْ سَبِیْلِیْ فَاَخَذْتُمْ کِتَابِیْ فَجَعَلْتُمُوْهُ تَحْتَ اَقْدَامِکُمْ وَاَخَذْتُمُ الدُّنْیَا فَجَعَلْتُمُوْهُ فَوْقَ رُؤُسِکُمْ وَرَفَعْتُمْ بُیُوْتَکُمْ وَخَفَضْتُمْ بُیُوْتِیْ وَاٰنَسْتُمْ بُیُوْتَکُمْ وَاَوْحَشْتُمْ بُیُوْتِیْ فَلَا اَنْتُمْ عَبِیْدٌ اَحْرَارٌ اَبْرَارٌ یَا عَبِیْدَ الدُّنْیَا اِنَّمَا مَثَلُکُمْ کَالْقُبُوْرِ

اے درہم دینار کے بندو، میں نے تمہارے لئے درہم دینار سوائے کھانے اور لباس پہننے اور میرے راستہ پر خرچ کرنے کے پیدا نہیں کئے۔ تم نے میری کتاب کو پاؤں کے نیچے اور دنیا کو تم نے اپنے سروں پر قرار دیا۔ تم نے اپنے گھروں کو تو بلند کر رکھا ہے اور میرے گھروں کو پست کر دیا ہے۔ اپنے گھروں سے تو تم مانوس ہوتے ہو اور میرے گھروں سے تمہیں وحشت معلوم ہوتی ہے تم نیک آزاد بندے نہیں ہو، اے دنیا کے بندو تمہاری مثال تو چونا گچ قبروں کی سی ہے کہ ان کا ظاہر خوبصورت دکھائی دیتا ہے۔



الْمُجَصَّصَةِ یُرٰی ظَاهِرُهَا مَلِیْحًا وَبَاطِنُهَا قَبِیْحًا یَا ابْنَ اٰدَمَ کَمَا لَا یُغْنِی الْمِصْبَاحُ فَوْقَ الْبَیْتِ عَنِ الظُّلْمَةِ الدَّاخِلَةِ عَلَیْهَا کَذٰلِکَ لَا یُغْنِیْ کَلَامُکُمُ الطَّیِّبُ مَعَ اَفْعَالِکُمُ الرَّدِیَّةِ یَا ابْنَ اٰدَمَ اَخْلِصْ عَمَلَکَ وَلَا تَسْئَلْنِیْ فَاِنِّیْ اُعْطِیْکَ اَکْثَرَ مِمَّا یَطْلُبُ السَّائِلُوْنَ ۔

اور اندرونی حصہ بُرا اور خراب۔ اے آدم کے بیٹو۔ جیسے چراغ گھر کے اوپر رہنے سے اندر کے اندھیرے کو فائدہ نہیں پہنچاتا۔ اسی طرح تمہارا میٹھا اور پاکیزہ کلام تمہارے افعال بد کو کوئی فائدہ نہیں پہنچائے گا۔ اے آدم کے بیٹے اپنے عمل کو خالص کر اور پھر تو سوال بھی نہ کر۔ پس میں تم کو اس سے بھی زیادہ عطا کروں گا جو کہ سوال کرنے والے طلب کرتے ہیں ۔

## اَلسُّوْرَةُ الثَّامِنَةُ (۸) (آٹھویں سورت)

یَا ابْنَ اٰدَمَ اِنِّیْ لَمْ اَخْلُقْکُمْ عَبَثًا وَلَا جَعَلْتُکُمْ سُدًی وَلَا اَنَا بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ وَاِنَّکُمْ لَنْ تَنَالُوْا مَا عِنْدِیْ اِلَّا بِالصَّبْرِ عَلٰی مَا تَکْرَهُوْنَ فِیْ طَلَبِ

اے آدم کی اولاد میں نے تم کو بیکار اور لغو و مہمل پیدا نہیں کیا۔ اور نہ ہی میں تمہارے اعمال سے غافل ہوں۔ یاد رکھو جو کچھ میرے پاس جنت میں ہے تم ہرگز اس تک نہیں پہنچ سکتے۔ جب تک میری

Presented by www.ziaraat.com

بِرِضَآئِی وَالصَّبْرُ عَلٰی طَاعَتِیْ اَیْسَرُ عَلَیْکُمْ مِنَ الصَّبْرِ عَلٰی حَرِّ النَّارِ وَعَذَابُ الدُّنْیَا اَیْسَرُ عَلَیْکُمْ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَۃِ یَا بْنَ اٰدَمَ کُلُّکُمْ ضَالٌّ اِلَّا مَنْ ھَدَیْتُہٗ وَکُلُّکُمْ مَرِیْضٌ اِلَّا مَنْ شَفَیْتُہٗ وَکُلُّکُمْ فَقِیْرٌ اِلَّا مَنْ اَغْنَیْتُہٗ وَکُلُّکُمْ ھَالِکٌ اِلَّا مَنْ اَنْجَیْتُہٗ وَکُلُّکُمْ مُسِیْئٌ اِلَّا مَنْ عَصَمْتُہٗ فَتُوْبُوْا اِلٰی اَرْحَمْکُمْ وَلَا تَھْتِکُوْا اَسْتَارَکُمْ عِنْدَ مَنْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ اَسْرَارُکُمْ۔

رضا کو طلب کرتے ہوئے تم جس سے کراہت کرتے ہو اس پر صبر نہ کرو اور میرے حکم ماننے پر صبر کرنا دوزخ کی آگ پر صبر کرنے سے زیادہ آسان ہے اور دنیا کا عذاب اور تکلیف آخرت کے عذاب سے بہت آسان ہے اے آدم کی اولاد تم سب راستہ بھولے ہوئے ہو۔ مگر وہ جسے میں ہدایت کروں اور تم سب بیمار ہو مگر وہ جسے میں شفا دوں اور تم سب فقیر ہو مگر وہ جسے میں غنی کروں اور تم سب ہلاکت میں پڑنے والے ہو مگر وہ جسے میں نجات دوں اور تم سب گنہگار ہو مگر وہ جسے میں بچالوں۔ پس تم سب میری طرف توبہ کرو تاکہ میں تم پر رحم کروں اور اپنے پردے چاک نہ کرو۔ اس ذات کے پاس جس پر تمہارے بھید چھپے ہوئے نہیں ہیں۔

# اَلسُّوْرَۃُ التَّاسِعَۃُ نویں سورت (۹)

یَا بْنَ اٰدَمَ لَا تَلْعَنُوا الْمَخْلُوْقِیْنَ فَتَرْجِعُ اللَّعْنَۃُ عَلَیْکُمْ یَا بْنَ اٰدَمَ اسْتَقَامَتْ سَمٰوَاتِیْ فِی الْھَوَآءِ بِلَا عَمَدٍ بِاسْمٍ مِنْ اَسْمَآئِیْ وَلَا تَسْتَقِیْمُ قُلُوْبُکُمْ بِاَلْفِ مَوْعِظَۃٍ مِنْ کِتَابِیْ یَآ اَیُّھَا النَّاسُ کَمَا لَا یَلِیْنُ الْحَجَرُ فِی الْمَآءِ کَذٰلِکَ لَا تُفِیْدُ الْمَوْعِظَۃُ فِی الْقُلُوْبِ الْقَاسِیَۃِ یَا بْنَ اٰدَمَ کَیْفَ لَا تَجْتَنِبُوْنَ الْحَرَامَ وَلَا اِکْتِسَابَ الْاٰثَامِ وَلَا تَخَافُوْنَ النِّیْرَانَ وَلَا تَتَّقُوْنَ غَضَبَ الرَّحْمٰنِ فَلَوْلَا مَشَآئِخُ رُکَّعٌ وَاَطْفَالٌ رُضَّعٌ وَبَھَآئِمُ رُتَّعٌ وَشُبَّانٌ خُشَّعٌ لَجَعَلْتُ السَّمَآءَ فَوْقَکُمْ حَدِیْدًا وَالْاَرْضَ صُفْرًا

اے اولاد آدم مخلوقات پر



لعنت نہ کرو۔ کیونکہ لعنت تم پر پلٹ آئے گی۔ اے اولاد آدم میرے آسمان ہوا میں بغیر ستون میرے ناموں سے ایک نام کے سبب سے کھڑے ہیں اور تمہارے دل میری کتاب کی ہزار نصیحتوں سے بھی قائم نہیں ہوتے۔ اے لوگو! جیسے پانی میں پتھر نرم نہیں ہوتا۔ اسی طرح سخت دلوں پر نصیحت مفید نہیں ہوتی۔ اے اولادِ آدم! تم کس طرح حرام سے نہیں بچتے ہو۔ اور نہ ہی گناہ کرنے سے پرہیز کرتے ہو۔ اور تم دوزخ کی آگ سے بھی نہیں ڈرتے۔ اور نہ ہی تم خدا کے غضب سے ڈرتے ہو یاد رکھو۔ اگر ضعیف لوگ رکوع کرنے والے اور دودھ پینے والے بچے اور حیوانات چرنے والے اور نوجوان ڈرنے والے نہ ہوتے تو میں تم لوگوں پر آسمان مثل لوہے کے

Presented by www.ziaraat.com

وَالتُّرَابَ جَمَادًا وَّلَا اَنْزَلْتُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَآءِ قَطْرَةً وَّلَا اَنْبَتُّ لَكُمْ مِنَ الْاَرْضِ حَبَّةً وَّاَصَبْتُ عَلَيْكُمُ الْعَذَابَ صَبًّا ؁

اور زمین پیتل کی اور مٹی جماد بنا دیتا اور نہ آسمان سے تمہارے لئے ایک قطرہ پانی کا برساتا اور نہ ہی زمین سے دانہ اُگاتا اور تم لوگوں پر بہت سخت عذاب نازل کرتا ؁

## اَلسُّوْرَةُ الْعَاشِرَةُ (۱۰) (دسویں سورت)

يَا بَنِىٓ اٰدَمَ قَدْ جَآئَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ وَاِنَّكُمْ لَا تُحْسِنُوْنَ اِلَّا بِمَنْ اَحْسَنَ اِلَيْكُمْ وَلَا تَصِلُوْنَ اِلَّا لِمَنْ وَصَلَكُمْ وَلَا تُكَلِّمُوْنَ اِلَّا لِمَنْ كَلَّمَكُمْ وَلَا تُطْعِمُوْنَ اِلَّا لِمَنْ اَطْعَمَكُمْ وَلَا تُنْصِفُوْنَ اِلَّا لِمَنْ اَنْصَفَكُمْ وَلَا تُكْرِمُوْنَ اِلَّا لِمَنْ اَكْرَمَكُمْ فَلَيْسَ

اے اولادِ آدم یقیناً تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس حق آیا ہے۔ پس جس کا جی چاہے ایمان لائے اور جس کا جی چاہے کفر اختیار کرے۔ تحقیق تم لوگ تو نیکی اسی سے کرتے ہو جو تم سے نیکی کرے اور صلہ رحمی بھی نہیں کرتے سوائے اسکے جنسے تم سے کی ہو اور تم کلام نہیں کرتے ہو سوائے اسکے کہ جو تم سے کلام کرے اور تم نہیں کھلاتے ہو سوائے اسکے جنسے تم کو کھلایا ہو اور انصاف نہیں کرتے سوائے اسکے جنسے تم سے انصاف کیا ہو اور



لِاَحَدٍ عَلٰى اَحَدٍ فَضْلٌ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ الَّذِيْنَ يُحْسِنُوْنَ اِلٰى مَنْ اَسَآءَ اِلَيْهِمْ وَيَصِلُوْنَ اِلٰى مَنْ قَطَعَهُمْ وَيُعْطُوْنَ اِلٰى مَنْ حَرَمَهُمْ وَيُنْصِفُوْنَ مَنْ خَانَهُمْ وَيُكَلِّمُوْنَ اِلٰى مَنْ هَاجَرَ مِنْهُمْ وَيُكْرِمُوْنَ مَنْ اَهَانَهُمْ ؁

تم عزت و احترام نہیں کرتے سوائے اسکے جنسے تمہاری عزت کی ہو پس تم کسی کو بھی ایکدوسرے پر کوئی فضیلت نہیں ہے یاد رکھو پکے مومن تو بس وہی ہیں جو خدا اور رسولؐ پر ایمان لائے ہیں اور جو ان لوگوں سے بھی احسان کرتے ہیں جو اُنسے بُرا سلوک کرتے ہیں اور جو قطع رحمی کرتے ہیں۔ اُنسے بھی صلہ رحمی کرتے ہیں اور جو لوگ انکو محروم رکھتے ہیں انکو بھی عطا کرتے ہیں اور جو اُنسے خیانت کرے اس سے بھی انصاف کرتے ہیں اور جو اُن سے جُدائی اختیار کرے اُس سے بھی کلام کرتے ہیں اور جو اُن کی اہانت کرے اس کی بھی عزت کرتے ہیں ۔

## اَلسُّوْرَةُ الْحَادِيَةَ عَشَرَ (۱۱) (گیارھویں سورت)

يَآ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا الدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَا دَارَ لَهٗ وَمَالُ مَنْ لَا مَالَ لَهٗ وَ

اے لوگو دُنیا اس کا گھر ہے جس کا حقیقتہً (آخرت میں) کوئی گھر نہیں اور اس کا مال ہے جسکا جاودانی

Presented by www.ziaraat.com

بِهَا يَجْمَعُ مَنْ لَا عَقْلَ لَهُ وَبِهَا يَفْرَحُ مَنْ لَا يَقِيْنَ لَهُ وَعَلَيْهَا يَحْرِصُ مَنْ لَا تَوَكُّلَ لَهُ وَيَطْلُبُ شَهَوَاتِهَا مَنْ لَا مَعْرِفَةَ لَهُ فَمَنْ اَخَذَ نِعْمَةً زَائِلَةً وَحَيٰوةً مُنْقَطِعَةً وَشَهْوَةً فَانِيَةً ظَلَمَ نَفْسَهُ وَعَصٰى رَبَّهُ وَنَسِيَ اٰخِرَتَهُ وَغَرَّتْهُ حَيٰوتُهُ ؛

مال نہیں اس کو وہ جمع کرتا ہے جسے عقل نہیں اور اس پر وہ خوش ہوتا ہے جو یقین نہ رکھتا ہو اور اس پر وہ حریص ہوتا ہے۔ جسے توکل نہیں اور شہوات دنیا کا وہ طالب ہوتا ہے جو معرفت نہیں رکھتا۔ پس جس شخص نے ہمیشہ نہ رہنے والی نعمت کو لیا اور ختم ہونے والی زندگی اور مٹنے والی شہوت کو حاصل کیا۔ اُس نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور اپنے رب کی نافرمانی کی اور اپنی آخرت کو بھول گیا اور اُسے اُس کی زندگی نے دھوکہ میں رکھا؛

# اَلسُّوْرَةُ الثَّانِيَةَ عَشَرَ ۱۲ (بارھویں سورت)

يَا بْنَ اٰدَمَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ الخ كَمَا لَا تَهْتَدُوْنَ السَّبِيْلَ اِلَّا

اے اولادِ آدم میری اس نعمت کو یاد کرو جو میں نے تم پر بخشی ہیں الخ جس طرح راستہ تم کو نہیں مل سکتا۔ سوائے دلیل و علامت کے۔



بِالدَّلِيْلِ فَكَذٰلِكَ لَا تَهْتَدُوْنَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ اِلَّا بِالْعِلْمِ وَكَمَا لَا تَجْتَمِعُوْنَ الْمَالَ اِلَّا بِالتَّعَبِ وَكَذٰلِكَ لَا تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا بِالصَّبْرِ عَلَى الْعِبَادَةِ فَتَقَرَّبُوْا بِالنَّوَافِلِ وَاطْلُبُوْا رِضَائِيْ بِرِضَاءِ الْمَسَاكِيْنِ فَاِنَّ رِضَائِيْ لَا يُفَارِقُهُمْ طَرْفَةَ عَيْنٍ اَبَدًا وَارْغَبُوْا فِيْ مُجَالَسَتِكُمُ الْعُلَمَاءَ فَاِنَّ رَحْمَتِيْ لَا تُفَارِقُهُمْ طَرْفَةَ عَيْنٍ اَبَدًا يَا مُوْسٰى اِسْمَعْ مَا اَقُوْلُ وَالْحَقُّ مَا اَقُوْلُ اِنَّهُ مَنْ تَكَبَّرَ عَلٰى مِسْكِيْنٍ حَشَرْتُهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى صُوْرَةِ ذَرَّةٍ تَحْتَ اَقْدَامِ النَّاسِ وَمَنْ

پس اسی طرح جنت کا راستہ تم کو نہیں مل سکتا۔ بغیر علم کے اور جیسے تم مال بغیر مشقت نہیں جمع کر سکتے۔ اسی طرح جنت میں داخل نہیں ہو سکتے۔ سوائے عبادت پر صبر کرنے کے پس تم نوافل کے ذریعہ سے میرے مقرب بنو اور مساکین کو راضی رکھنے سے میری رضا طلب کرو کیونکہ میری رضامندی ان سے چشم زدن میں بھی جدا نہیں ہوتی اور صحبت علماء کی رغبت کرو۔ اسی لئے کہ میری رحمت ان سے کچھ دیر کیلئے بھی جدا نہیں ہوتی۔ اے موسیٰؑ جو کچھ میں کہتا ہوں سن اور حق یہ ہے جو میں کہتا ہوں کہ جو شخص مساکین پر تکبر کرے گا۔ میں بروز قیامت اُسے لوگوں کے پیروں کے نیچے بصورت ذرہ محشور کروں گا۔ اور جو کوئی کسی مسلم کی پردہ دری کریگا۔ میں اُسکے

Presented by www.ziaraat.com

تعرض بهتك ستر مسلم اهتك ستره سبعين مرة ومن تواضع لعالم او والديه رفعته في الدارين ومن اهان مؤمنا مسلما لفقره فقد بارزني في المحاربة ومن احب مؤمنا من اجلي صافحته الملائكة في الدارين في الدنيا سرا و في الاخرة جهرا ؛

پردہ کو ستر مرتبہ بے حرمت کرونگا۔ اور جو شخص کسی عالم یا ماں باپ کے آگے جھکے گا۔ تو میں اسے دونوں جہان میں بلند مرتبہ دوں گا اور جو کوئی مومن مسلمان کی محتاجی کی وجہ سے اہانت کرے گا۔ پس وہ میرے ساتھ لڑائی میں مبارز ہوا۔ اور جس نے کسی مومن کو میری وجہ سے دوست رکھا اُس کے ساتھ فرشتے دونوں جہان میں مصافحہ کریں گے۔ دُنیا میں مخفی طریقہ سے اور آخرت میں ظاہری صورت میں ؛

## السورة الثالثة عشر (تیرھویں[۱۳] سورت)

يا بن ادم اطيعوني بقدر حوائجكم الي واعصوني بقدر صبركم على النار وتزودوا من

اے آدم کی اولاد میری اطاعت اتنی کرو جس قدر اپنی ضروریات مجھ سے رکھتے ہو اور اتنی بے فرمانی کرو جتنا آگ پر صبر کر سکتے ہو اور دنیا کا



الدنيا بقدر مكثكم فيها ولا تنظروا الى آجالكم المتأخرة وارزاقكم الحاضرة وذنوبكم المستورة وكل شيء هالك الا وجهي ولو خفتم من النار كما خفتم من الفقر لاغنيتكم من حيث لا تحتسبون ولو رغبتم في الجنة كما رغبتم في الدنيا لاسعدتكم في الدارين ولا تميتوا قلوبكم بحب الدنيا فزوالها قريب ؛

توشہ اتنا لو۔ جتنا تمہیں اس میں رہنا ہے اور آخرت کے لئے اتنا زادِ راہ ہمراہ لو جس قدر وہاں پر رہنا ہے۔ اور دیر سے آنے والی موت اور موجود رزق اور مخفی گناہوں کی طرف نظر ہی نہ کرو۔ یاد رکھو ہر شے فنا ہو جائے گی سوائے میری ذات کے اور اے لوگو! اگر تم آتش جہنم سے اُسی طرح ڈرتے ہو جس طرح فقر سے ڈرتے ہو تو میں تم کو اس طرح غنی کرتا کہ تم کو خیال بھی نہ ہوتا، اور اگر تم جنت میں اتنی رغبت کرتے جتنی دنیا میں کرتے ہو تو میں تم کو دونوں جہان میں سعید کر دیتا۔ تم اپنے دلوں کو حُبّ دنیا کی وجہ سے مُردہ نہ کر دو۔ پس اسلئے کہ اس کا زوال قریب ہے ؛

## السورة الرابعة عشر (چودھویں سورت)

يا بن ادم كم من

اے آدم کی اولاد۔ کتنے ہی

Presented by www.ziaraat.com

سِرَاجٍ اَطْفَاتْهُ الرِّيْحُ
وَكَمْ مِنْ عَابِدٍ اَفْسَدَهُ
الْعُجْبُ وَكَمْ مِنْ فَقِيْرٍ
اَفْسَدَهُ الْفَقْرُ وَكَمْ مِنْ
غَنِيٍّ اَفْسَدَهُ الْغِنٰى وَكَمْ
مِنْ صَحِيْحٍ اَفْسَدَهُ الْعَافِيَةُ
وَكَمْ مِنْ عَالِمٍ اَفْسَدَهُ
الْعِلْمُ يَابْنَ اٰدَمَ زَارِعُوْنِیْ
وَرَابِحُوْنِیْ وَاسْئَلُوْنِیْ وَ
عَامِلُوْنِیْ فَاِنَّ رِبْحَكُمْ عِنْدِیْ
مَالَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا
اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ
عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ وَلَا تَنْفَدُ
خَزَائِنِیْ وَلَا يَنْقُصُ مُلْكِیْ
وَاَنَا الْوَهَّابُ يَابْنَ اٰدَمَ
دِيْنُكَ لَحْمُكَ وَدَمُكَ فَاِنْ
صَلَحَ دِيْنُكَ صَلَحَ لَحْمُكَ
وَدَمُكَ وَاِنْ فَسَدَ دِيْنُكَ
فَسَدَ لَحْمُكَ وَدَمُكَ

چراغ ہیں جن کو ہوا نے بُجھا دیا
ہے اور کئی عابد ایسے ہیں جن کو
عُجب نے تباہ کر دیا ہے اور بہت
سے محتاج و فقیر ایسے ہیں جن کے
فقر نے ان کو برباد کر دیا اور کتنے
ہی مالدار ہیں جن کو مال نے فاسد
کر دیا اور کئی ایسے تندرست ہیں جنکو
صحت نے تباہ کر دیا اور بہت سے
عالم ہیں جنکو اُنکے علم نے ہلاک کر دیا۔
اے اولادِ آدم میرے ساتھ مزارعت
کرو اور تجارت میں نفع ہو اور مجھ سے تم
سوال کرو اور میرے ساتھ لین دین
کرو۔ کیونکہ تمہارا نفع میرے پاس
ایسا ہے کہ کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور نہ
ہی کسی کان نے سُنا ہے اور نہ کسی فرد
بشر کے دل پر خیال گزرا ہے اور میرے
خزانے ختم نہیں ہوتے اور نہ ہی میرا ملک
کم ہوتا ہے۔ میں عطا کرنے والا ہوں۔ اے
اولادِ آدم تیرا دین تیرا گوشت و خون ہے



فَلَا تَكُنْ كَالْمِصْبَاحِ
يُضِیْئُ لِلنَّاسِ وَيُحْرِقُ
نَفْسَهُ بِالنَّارِ وَاَخْرِجْ
حُبَّ الدُّنْيَا عَنْ قَلْبِكَ
فَاِنِّیْ لَا اَجْمَعُ حُبِّیْ وَحُبَّ
الدُّنْيَا فِیْ قَلْبٍ وَاحِدٍ
اَبَدًا كَمَا لَا يَجْتَمِعُ الْمَآءُ
وَالنَّارُ فِیْ اِنَآءٍ وَاحِدٍ
وَارْفُقْ بِنَفْسِكَ فِیْ جَمِيْعِ
الرِّزْقِ فَاِنَّ الرِّزْقَ
مَقْسُوْمٌ وَالْحَرِيْصُ
مَحْرُوْمٌ وَالْبَخِيْلُ مَذْمُوْمٌ
وَالنِّعْمَةُ لَا تَدُوْمُ
وَالْاَجَلُ مَعْلُوْمٌ وَخَيْرُ
الْحِكْمَةِ خَشْيَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى
وَخَيْرُ الْغِنٰى الْقَنَاعَةُ وَ
خَيْرُ الزَّادِ التَّقْوٰى وَشَرُّ
صَلَاحِكُمُ الْكِذْبُ وَشَرُّ
نَصِيْحَتِكُمُ النَّمِيْمَةُ وَمَا

پس تیرا دین اگر ٹھیک رہا تو تیرا گوشت و
خون بھی درست رہے گا۔ اور اگر تیرا دین
خراب ہو گیا تو تیرا گوشت و خون فاسد
ہو جائیگا۔ اے انسان تو مثل چراغ کے
نہ ہو کہ لوگوں کے لئے روشن ہوتا ہے اور
اپنی جان کو جلاتا ہے اور دنیا کی محبت
اپنے دل سے نکال ڈال کہ میں اپنی محبت
اور دُنیا کی محبت کو ایک دل میں ہرگز
جمع نہیں کرتا۔ جیسے ایک برتن میں
پانی اور آگ نہیں جمع ہو سکتے اور اپنی
جان پر نرمی کر رزق جمع کرنے میں کیونکہ
رزق و روزی بانٹی ہوئی ہے اور
لالچی محروم رہتا ہے۔ بخیل کی مذمت
ہوتی ہے اور نعمت ہمیشہ نہیں رہتی۔
اور اجل و موت معلوم ہے اور بہترین
حکمت خوفِ خدا ہے اور بہترین
مالداری قناعت ہے اور بہترین توشہ
پرہیزگاری ہے اور بدترین صلاح
جھوٹ ہے اور تمہاری بدترین خیرخواہی

Presented by www.ziaraat.com

رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۞

چُغلی کھاتا ہے اور تیرا رب بندوں پر ظُلم کرنے والا نہیں ۞

# اَلسُّوْرَةُ الْخَامِسَةُ عَشَرَ (پندرھویں سورت)

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ وَ لِمَ تَنْهَوْنَ عَمَّا لَا تَنْتَهُوْنَ وَ لِمَ تَأْمُرُوْنَ بِمَا لَا تَعْمَلُوْنَ وَ لِمَ تَجْمَعُوْنَ مَا لَا تَأْكُلُوْنَ وَ لِمَ التَّوْبَةَ يَوْمًا بَعْدَ يَوْمٍ تُؤَخِّرُوْنَ وَ بِعَامٍ بَعْدَ عَامٍ تَنْتَظِرُوْنَ أَلَكُمْ مِنَ الْمَوْتِ أَمَانٌ أَمْ بِأَيْدِيْكُمْ بَرَاءَةٌ مِنَ النِّيْرَانِ أَمْ تَحَقَّقْتُمُ الْفَوْزَ بِالْجِنَانِ ءَ أَنْظَرَتْكُمُ النِّعْمَةُ وَغَرَّكُمْ مِنَ اللهِ تَعَالٰى طُوْلُ الْاٰمَالِ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ

اے ایماندارو تم کیوں کہتے ہو وہ چیز جس کو کرتے نہیں اور کس لیے تم اس سے روکتے ہو جس سے تم خود نہیں رُکتے اور کیوں اُس چیز کا حکم دیتے ہو جو آپ عمل نہیں کرتے اور جس کو کھاتے نہیں اسے کیوں جمع کرتے ہو اور کس لئے ہر آئے دن تم توبہ کو مؤخر کرتے رہتے ہو اور توبہ میں ہر سال انتظار کرتے ہو۔ کیا موت سے تمہیں امان مل گئی ہے یا تمہارے ہاتھ میں آتشِ جہنم سے نجات کا پروانہ ہے یا تمہیں جنت میں پہنچ جانے کا یقین ہو چکا ہے۔ آیا تمہیں نعمت نے مُہلت دے رکھی ہے اور لمبی



الصِّحَّةُ وَالسَّلَامَةُ فَإِنَّ أَيَّامَكُمْ مَعْلُوْمَةٌ وَأَنْفَاسَكُمْ مَعْدُوْدَةٌ وَسَرَائِرَكُمْ مَكْشُوْفَةٌ وَأَسْتَارَكُمْ مَهْتُوْكَةٌ فَاتَّقُوا اللهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ وَقَدِّمُوْا مَا فِيْ أَيْدِيْكُمْ لِمَا بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ يَا ابْنَ اٰدَمَ تَقَدَّمْ عَلٰى عَمَلِكَ فَإِنَّكَ فِيْ هَدْمِ عُمْرِكَ وَمِنْ يَوْمٍ خَرَجْتَ مِنْ بَطْنِ أُمِّكَ تَدْنُوْا فِيْ كُلِّ يَوْمٍ قَبْرَكَ فَلَا تَكُنْ كَالْخَشَبِ الَّذِيْ يُحْرِقُ نَفْسَهُ بِالنَّارِ لِغَيْرِهٖ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ حَقًّا حَقًّا مُحَمَّدٌ عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ ۞

اُمیدوں نے تمہیں اللہ تعالیٰ سے مغرور کر دیا ہے تمہیں صحت و تندرستی دھوکا نہ دے کیونکہ تمہاری زندگی کے دن معلوم ہیں اور سانس گنتی کے ہیں اور تمہارے مخفی اعمال ظاہر ہو جائیں گے اور تمہارے پردے پھاڑ دیئے جائیں گے۔ اے صاحبانِ عقل خدا سے ڈرو۔ اور جو مال تمہارے ہاتھوں میں ہے اُسکے ذریعے اپنے سامنے (قیامت) کیلئے پہلے سے بھیجو۔ اے آدم کی اولاد اعمالِ خیر کرنے پر بڑھ۔ کیونکہ تیری عمر انحطاط پر ہے۔ اور جس دن سے تو اپنی ماں سے پیدا ہوا ہے تو اپنی قبر سے قریب ہو رہا ہے۔ پس تم کو اُس لکڑی کی مانند نہ ہونا چاہیئے جو غیر کے فائدے کے لیئے از رُوئے اپنے نفس کو آگ سے جلا دیتی ہے۔

تحقیق کوئی معبود برحق سوائے حقیقی خدا کے نہیں اور محمدؐ میرے خاص بندہ اور رسول ہیں ۞

Presented by www.ziaraat.com

# اَلسُّوْرَةُ السَّادِسَةَ عَشَرَ (سولھویں سورت) ١٦

يَا ابْنَ اٰدَمَ اَنَا حَيٌّ لَا
اَمُوْتُ اِعْمَلْ بِمَا اَمَرْتُكَ
وَانْتَهِ عَمَّا نَهَيْتُكَ حَتّٰى
اَجْعَلَكَ حَيًّا لَا تَمُوْتُ يَا ابْنَ
اٰدَمَ اَنَا مَلِكٌ لَا اَزُوْلُ اِذَا
قُلْتُ لِشَيْءٍ كُنْ فَيَكُوْنُ
اَطِعْنِيْ فِيْمَا اَمَرْتُكَ وَانْتَهِ
عَمَّا نَهَيْتُكَ حَتّٰى تَقُوْلَ
لِشَيْءٍ كُنْ فَيَكُوْنُ يَا ابْنَ
اٰدَمَ اِذَا كَانَ قَوْلُكَ
مَلِيْحًا وَعَمَلُكَ قَبِيْحًا
فَاَنْتَ رَاْسُ الْمُنَافِقِيْنَ
وَاِنْ كَانَ ظَاهِرُكَ
مَلِيْحًا وَبَاطِنُكَ قَبِيْحًا
فَاَنْتَ اَهْلَكُ الْهَالِكِيْنَ
يَا ابْنَ اٰدَمَ لَا يَدْخُلُ جَنَّتِيْ

اے آدم کی اولاد میں ہمیشہ زندہ
رہنے والا ہوں مروں گا کبھی نہیں تو
عمل کر جس کا میں نے تجھے حکم دیا ہے
اور جس چیز سے تم کو منع کیا ہے اس
سے رُک جا۔ تاکہ میں تجھے زندہ رہنے
والا بنا دُوں کہ تو مرے نہیں۔ اے آدم
کے بیٹے میں بادشاہ ہمیشہ رہنے والا
ہوں جب میں کسی چیز کو کہتا ہوں
کہ ہوجا، تو ہوجاتی ہے۔ تو میری
اطاعت کر۔ جن چیزوں میں میں نے
تجھے حکم دیا ہے اور باز رہ جس سے
تم کو منع کیا ہے تاکہ تو بھی جس چیز
کو کہے کہ ہوجا تو ہوجائے۔ اے
اولادِ آدم! جب تیرا قول خوشگوار
اور عمل تیرا قبیح ہو تو منافقوں کا سردار
ہوگا۔ اور اگر ظاہر تیرا اچھا اور باطن تیرا



اِلَّا مَنْ تَوَاضَعَ لِعَظَمَتِيْ
وَقَطَعَ نَهَارَهٗ بِذِكْرِيْ
وَكَفَّ نَفْسَهٗ عَنِ
الشَّهَوَاتِ مِنْ اَجْلِيْ
وَيُوَاخِي الْغَرِيْبَ وَيُوَاسِي
الْفَقِيْرَ وَيَرْحَمُ الْمُصَابَ
وَيُكْرِمُ الْيَتِيْمَ
وَيَكُوْنُ لَهٗ كَالْاَبِ الرَّحِيْمِ
وَلِلْاَرَامِلِ كَالزَّوْجِ
الشَّفِيْقِ فَمَنْ كَانَ هٰذِهٖ
صِفَتَهٗ يَكُوْنُ اِنْ
دَعَانِيْ لَبَّيْتُهٗ وَاِنْ
سَئَلَنِيْ اَعْطَيْتُهٗ ؛

خراب ہوگا تو سب سے زیادہ ہلاک ہونے
والا تو ہوگا۔ اے اولادِ آدم یاد رکھو
کوئی بھی داخلِ جنّت نہ ہوسکے گا۔
جب تک میری عظمت کے آگے نہ جھک
جائیگا اور دن گزارے گا مجھے یاد کرتے
ہوئے اور اپنے تئیں خواہش نفسانی
سے روکے گا میری خاطر اور غریب و
مسافر سے برادرانہ تعلق رکھے گا اور
محتاج سے ایثار کریگا اور مصیبت زدہ
پر رحم کریگا اور یتیم کی عزّت اور احترام
کرے اور مانند مہربان باپ کے اس
پر شفیق ہو اور بیوہ کے لئے نیک
شوہر کی طرح سلوک رکھے پس جس
کی یہ صفات ہوں پس وہ دُعا کریگا تو میں قبول کروں گا۔ اور اگر سوال کریگا
تو میں عطا کروں گا ؛

# اَلسُّوْرَةُ السَّابِعَةَ عَشَرَ (سترھویں سورت) ١٧

يَا ابْنَ اٰدَمَ اِلٰى كَمْ

اے اولاد آدم کب تک تم

Presented by www.ziaraat.com

تَشْكُوْنَنِيْ وَاِلٰى كَمْ
تَنْسُوْنَنِيْ وَاِلٰى كَمْ
تَكْفُرُوْنَنِيْ وَلَسْتُ
بِظَلاَّمٍ لِّلْعَبِيْدِ وَاِلٰى
مَتٰى تَجْحَدُوْنَ بِنِعْمَتِيْ
وَرِزْقُكُمْ يَاْتِيْكُمْ فِيْ
كُلِّ يَوْمٍ مِّنْ عِنْدِيْ وَ
اِلٰى مَتٰى تَجْحَدُوْنَ بِرُبُوْبِيَّتِيْ
وَلَيْسَ لَكُمْ رَبٌّ
غَيْرِيْ وَاِلٰى مَتٰى
تَجْفُوْنَنِيْ وَلَمْ اَجْفُكُمْ
وَاِذَا طَلَبْتُمُ الطَّبِيْبَ
لاَبُدَّ اِنْكُمْ فَمَنْ يَشْفِيْكُمْ
عَنْ ذُنُوْبِكُمْ فَقَدْ
شَكَوْتُمْ وَسَخِطْتُمْ
قَضَائِيْ وَاِذَا لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ
قُوْتَ ثَلاَثَةِ اَيَّامٍ
فَقَالَ اَنَا بِشَرٍّ وَلَسْتُ
بِخَيْرٍ فَقَدْ جَحَدَ بِنِعْمَتِيْ

میری شکایت کروگے اور کب تک مجھے بھلاؤ گے اور کب تک تم کفرانِ نعمت کروگے اور میں تو اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا اور کب تک تم میری نعمت کا انکار کرتے رہوگے حالانکہ میری طرف سے تمہارا رزق ہر روز دنیا آتا رہتا ہے اور کب تک تم میری ربوبیت کے منکر رہوگے۔ حالانکہ میرے سوائے تمہارا کوئی رب نہیں ہے اور تم کب تک ظلم کروگے۔ حالانکہ میں تم پر جفا نہیں کرتا اور جس وقت تم حکیم کو ڈھونڈتے ہو اپنے بدنوں کے لئے پس تم کو گناہوں سے شفا کون دیگا (یعنی) پھر تم شکوہ اور ناراضگی بھی میرے قضا و قدر کی کرتے ہو اور جس وقت تم میں سے کسی کو تین دن کی غذا نہ ملے پس وہ کہنے لگ جاتا ہے کہ میں بہت ہی برا ہوں اور میرے لئے اچھائی تو ہے نہیں پس اُس نے



وَمَنْ مَنَعَ الزَّكٰوةَ مِنْ
مَالِهٖ فَقَدِ اسْتَخَفَّ
بِكِتَابِيْ وَاِذَا عَلِمَ بِوَقْتِ
الصَّلٰوةِ وَلَمْ يَفْرُغْ
لَهَا فَقَدْ غَفَلَ عَنِّيْ وَ
اِذَا قَالَ اِنَّ الْخَيْرَ مِنْ
عِنْدِيْ وَالشَّرَّ مِنْ عِنْدِ
اِبْلِيْسَ فَقَدْ جَحَدَ رُبُوْبِيَّتِيْ
وَجَعَلَ اِبْلِيْسَ
شَرِيْكًا لِّيْ ۝

میری نعمت کا انکار کیا اور جس نے اپنے مال سے زکواۃ روک لی۔ اس نے میری کتاب کی توہین کی۔ اور جب کسی کو نماز کا وقت معلوم ہو جائے اور نماز کے لئے وقت نہ نکالے پس وہ میری ذات سے غافل ہو گیا اور نیز جب کسی نے کہا کہ اچھائی تو میری طرف سے ہے اور بُرائی شیطان کی وجہ سے۔ پس اس نے میری ربوبیت کا انکار کر دیا اور ابلیس کو میرا شریک بنا دیا۔

## اَلسُّوْرَةُ الثَّامِنَةَ عَشَرَ (اٹھارویں سورت) ۱۸

يَا ابْنَ اٰدَمَ اِصْبِرْ
وَتَوَاضَعْ اَرْفَعْكَ
وَاشْكُرْ لِيْ اَزِدْكَ
وَاسْتَغْفِرْ لِيْ اَغْفِرْ لَكَ
وَادْعُنِيْ اَسْتَجِبْ لَكَ
وَاسْئَلْنِيْ اُعْطِكَ وَ

اے اولادِ آدم۔ صبر کر تو اور فروتنی اختیار کر تو میں تجھے بلندی دونگا اور میرا شکر کر تو میں تیری روزی زیادہ کروں گا اور تو استغفار کر تو تیرے گناہ بخش دوں گا اور مجھے بلا تو تو میں قبول کروں گا اور تو سوال کر تو

Presented by www.ziaraat.com

تَصَدَّقْ لِيْ اُبَارِكْ
لَكَ فِيْ رِزْقِكَ وَصِلْ
رَحِمَكَ اَزِدْ فِيْ عُمْرِكَ
وَاَنْسِئْ اَجَلَكَ وَاطْلُبْ
مِنِّيَ الْعَافِيَةَ بِطُوْلِ
الصِّحَّةِ وَاطْلُبِ السَّلَامَةَ
فِي الْوَحْدَةِ وَالْاِخْلَاصَ
فِي الْوَرَعِ وَالزُّهْدَ فِي
التَّوْبَةِ وَالْعِبَادَةَ فِي
الْعِلْمِ وَالْغِنٰى فِي الْقَنَاعَةِ
يَا ابْنَ اٰدَمَ كَيْفَ تَطْمَعُ
فِي الْعِبَادَةِ مَعَ الشِّبَعِ
وَكَيْفَ تَطْلُبُ الْجَلَاءَ
الْقَلْبِ مَعَ كَثْرَةِ النَّوْمِ
وَكَيْفَ تَطْمَعُ فِي الْخَوْفِ
مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى مَعَ خَوْفِ
الْفَقْرِ وَكَيْفَ تَطْمَعُ فِيْ
مَرْضَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى مَعَ
اِحْتِقَارِ الْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنِ ؛

مَیں تجھے عطا کرونگا اور تو میرے نام پر
صدقہ دے۔ تو مَیں تیرے رزق میں برکت
دوں گا۔ اپنے قریبوں سے صلہ رحم رکھو
تو تیری عمر زیادہ کرونگا اور تیری موت
میں تاخیر کرونگا اور تو مجھ سے طول
صحت سے سلامتی طلب کر اور تقویٰ
میں اخلاص ڈھونڈ اور توبہ میں زہد
اور علم میں عبادت اور قناعت میں
غنیٰ طلب کر۔ اے اولادِ آدم!
تم کیونکر شکم پُری کے ساتھ عبادت
میں طمع کرتے ہو اور کیسے تم جلائے
قلب ڈھونڈتے ہو۔ باوجودیکہ
تم سوتے زیادہ ہو اور خدا سے
خوف کا طمع کرتے ہو۔ فقر و فاقہ
سے ڈرنے کے باوجود اور خدا کی
رضامندی کی کیونکر طمع کرتے
ہو باوجود اس کے کہ محتاجوں
اور مسکینوں کو حقیر و ذلیل
جانتے ہو ؛



# اَلسُّوْرَةُ التَّاسِعَةَ عَشَرَ (انیسویں[۱۹] سورت)

يَا اَيُّهَا النَّاسُ لَا عَقْلَ
كَالتَّدْبِيْرِ وَلَا وَرَعَ
كَالْكَفِّ عَنِ الْاَذٰى
وَلَا حَسَبَ اَرْفَعُ مِنَ
الْاَدَبِ وَلَا شَفِيْعَ كَالتَّوْبَةِ
وَلَا عِبَادَةَ كَالْعِلْمِ وَلَا
صَلٰوةَ اِلَّا مَعَ الْخَشْيَةِ
وَلَا فَقْرَ اِلَّا مَعَ الصَّبْرِ
وَلَا عِبَادَةَ كَالتَّوْفِيْقِ وَلَا
قَرِيْنَ اَزْيَنُ مِنَ الْعَقْلِ
وَلَا رَفِيْقَ اَشْيَنُ مِنَ
الْجَهْلِ يَا ابْنَ اٰدَمَ تَفَرَّغْ
لِعِبَادَتِيْ لَاَمْلَآءُ قَلْبَكَ
غِنًى وَيَدَيْكَ رِزْقًا وَ
جِسْمَكَ رَاحَةً وَلَا تَغْفُلْ
عَنْ ذِكْرِيْ فَاَمْلَاَ قَلْبَكَ

اے لوگو! سوچ بچار جیسی کوئی
عقل نہیں اور پرہیزگاری کوئی نہیں۔
اذیت و دُکھ دینے سے ہاتھ روکنے
جیسی اور ادب سے زیادہ بلند کوئی نسبت
نہیں اور توبہ کی طرح کوئی شفاعت
کرنے والا نہیں اور علم جیسی کوئی عبادت
نہیں۔ اور کوئی نماز نہیں مگر خوفِ خدا
کے ساتھ اور کوئی فقر نہیں مگر ساتھ
صبر کے اور توفیق کی طرح کوئی عبادت
نہیں اور کوئی ہمنشین عقل سے زیادہ
زینت والا نہیں اور جہالت کی مانند
کوئی بُرا رفیق نہیں ہے۔ اے اولادِ آدم
میری عبادت کیلئے دل خالی کردے
تاکہ مَیں تیرے دل کو بے نیازی سے
پُر کردوں اور تیرے ہاتھ کو رزق اور
تیرے جسم کو راحت دیدوں اور میری یاد سے

Presented by www.ziaraat.com

فَقْرًا وَ بَدَنَكَ تَعَبًا وَ صَدْرَكَ غَمًّا وَ هَمًّا وَجِسْمَكَ سُقْمًا وَ دُنْيَاكَ عُسْرَةً ؕ

غافل نہ ہو ورنہ تیرے دل کو احتیاج تیرے بدن کو مشقت اور تیرے سینہ کو غم و رنج اور تیرے جسم کو بیمار اور تیری دُنیا کو تنگ بنا دوں گا ؕ

# اَلسُّوْرَۃُ الْعِشْرُوْنَ (بیسویں سورت)[۲۰]

يَا ابْنَ اٰدَمَ الْمَوْتُ يَكْشِفُ اَسْرَارَكَ وَالْقِيَامَةُ تَتْلُوْا اَخْبَارَكَ وَالْكِتَابُ يَهْتِكُ اَسْتَارَكَ فَاِذَا اَذْنَبْتَ ذَنْبًا صَغِيْرًا فَلَا تَنْظُرْ اِلٰى صِغَرِهٖ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلٰى مَنْ عَصَيْتَهٗ وَاِذَا رُزِقْتَ رِزْقًا قَلِيْلًا فَلَا تَنْظُرْ اِلٰى قِلَّتِهٖ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلٰى مَنْ رَزَقَكَ يَا ابْنَ اٰدَمَ لَا تَاْمَنْ مِنْ مَكْرِيْ فَاِنَّ مَكْرِيْ اَخْفٰى اِلَيْكُمْ

اے اولادِ آدم! موت تیرے بھید کھول کے رکھ دے گی اور قیامت تیری خبریں بتائے گی اور کتابِ خدا تیرے پردے چاک کر دیگی۔ پس جب تو چھوٹا سا گناہ کرے تو اس کی چھوٹائی نہ دیکھو۔ لیکن تو دیکھ کہ کس کی نافرمانی کی ہے اور جب تجھے رزق ملے تو رزق کی کمی کو نہ دیکھو۔ لیکن یہ دیکھو کہ کس نے رزق دیا ہے۔ اے اولادِ آدم! میرے عذاب و سزا سے بے فکر نہ ہو جا۔ کیونکہ میری سزا ایسی ہے جو معلوم نہیں ہوتی۔ جیسے چیونٹی آہستہ



مِنْ دَبِيْبِ النَّمْلِ عَلَى الصَّفَاءِ فِي اللَّيْلَةِ الظَّلْمَاءِ يَا ابْنَ اٰدَمَ هَلْ اَدَّيْتُمْ فَرَائِضِيْ كَمَا اَمَرْتُكُمْ وَهَلْ وَاسَيْتُمُ الْمَسَاكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَهَلْ اَحْسَنْتُمْ اِلٰى مَنْ اَسَاءَ اِلَيْكُمْ وَهَلْ عَفَوْتُمْ عَمَّنْ ظَلَمَكُمْ وَهَلْ وَصَلْتُمْ مَنْ قَطَعَكُمْ وَهَلْ اَنْصَفْتُمْ مَنْ خَانَكُمْ وَهَلْ كَلَّمْتُمْ مَنْ هَاجَرَكُمْ وَهَلْ اَدَّبْتُمْ اَوْلَادَكُمْ وَهَلْ سَئَلْتُمُ الْعُلَمَاءَ مِنْ اَمْرِ دِيْنِكُمْ وَدُنْيَاكُمْ فَاِنِّيْ لَا اَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَلَا اِلٰى مَحَاسِنِكُمْ وَلٰكِنْ اَنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ وَاَرْضٰى مِنْكُمْ بِهٰذِهِ الْخِصَالِ

اندھیری رات ایک سخت چٹان پتھر پر چلے۔ اے اولادِ آدم! کیا تم میرے فرضوں کو ادا کر چکے۔ جن کا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔ آیا تم نے مساکین سے مواسات اپنے مال و جان سے کی ہے اور کیا تم نے احسان اس سے کیا ہے جس نے تم سے بُرائی کی ہے اور کیا تم نے اس سے درگزر کیا ہے جنے تم پر ظلم کیا ہے اور کیا تم نے قطع کرنیوالے سے صلہ رحمی کی ہے اور جس نے تم سے خیانت کی ہے تم نے ان سے انصاف کیا ہے۔ اور جس نے تم سے دُوری اختیار کی ہے تم اُس سے کلام کرتے ہو۔ اور کیا تم نے اپنی اولاد کو ادب سکھایا ہے کیا تم نے اپنی دُنیا اور دین کے بارے میں علماء سے سوال کیا ہے۔ پس میں تمہاری صورتوں کو نہیں دیکھوں گا اور نہ ہی تمہاری خوبصورتی کو بلکہ میں تو

Presented by www.ziaraat.com

تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھوں گا اور میں ان صفات حمیدہ کے باعث تم سے راضی ہوتا ہوں ؛

# اَلسُّوْرَةُ الْحَادِیَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (اکیسویں سورت)

یَا ابْنَ اٰدَمَ اُنْظُرْ اِلٰی نَفْسِكَ وَاِلٰی جَمِیْعِ خَلْقِیْ فَاِنْ وَجَدْتَ اَحَدًا اَعَزَّ عَلَیْكَ مِنْ نَفْسِكَ فَاصْرِفْ كَرَامَتَكَ اِلَیْهِ وَاِلَّا فَاَكْرِمْ نَفْسَكَ بِالتَّوْبَةِ وَالْعَمَلِ الصَّالِحِ اِنْ كَانَتْ عَلَیْكَ عَزِیْزَةً یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللهِ عَلَیْكُمْ وَاتَّقُوا اللهَ قَبْلَ یَوْمِ الْقِیَامَةِ وَ یَوْمِ الْوَاقِعَةِ وَیَوْمِ التَّغَابُنِ وَیَوْمِ الْحَاقَّةِ وَیَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِیْنَ اَلْفَ

اے آدم کے بیٹے اپنے نفس کی طرف دیکھ اور میری ساری مخلوق کی طرف دیکھ پس اگر تو کسی کو بھی اپنے سے زائد عزت والا پائے تو اُس کی عزت کر اور نہیں تو توبہ اور نیک عمل کر کے اپنی عزت کرا۔ اگر تجھے اپنا نفس عزیز ہے۔ اے ایماندارو! جو نعمت خدا کی تم پر ہے اُسے یاد کرو اور خدا سے ڈرو۔ قیامت کا دن آنے سے پہلے (یوم واقعہ و تغابن۔ حاقہ اور اس دن سے پہلے جو پچاس ہزار سال کے برابر ہو گا۔ اور جس دن کوئی بول نہ سکے گا۔ اور جس دن کلام کی



سَنَةٍ وَیَوْمٍ لَا یَنْطِقُوْنَ وَلَا یُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ وَیَوْمِ الطَّآمَّةِ وَیَوْمِ الصَّآخَّةِ وَیَوْمٍ عَبُوْسٍ قَمْطَرِیْرٍ وَیَوْمٍ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَیْئًا وَیَوْمِ الدَّمِیْرِ وَیَوْمِ الزَّلْزَلَةِ وَیَوْمِ الْقَارِعَةِ فَاتَّقُوا اللهَ لِیَوْمِ مَوَاقِعِ الْجِبَالِ قَبْلَ الصَّیْحَةِ وَالزِّلْزَالِ اِذَا شَابَ مِنْ هَوْلِهِ الْاَطْفَالُ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِیْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا ؛

اجازت نہیں دی جائے گی تاکہ کوئی عذر کر سکے۔ اور مصیبت کے دن اور چیخ پکار کے دن اور سخت دن اور اُس دن جبکہ ایک نفس دوسرے کے لئے کچھ نہ کر سکے گا۔ یوم دمیر اور یوم زلزلہ اور قارعہ اور اُس دن سے ڈرو۔ جب کہ آواز چیخ سے پہلے پہاڑ گر پڑیں گے اور ایسا زلزلہ اُس دن آئے گا کہ زلزلہ سے پہلے اُس کے ہول سے ڈر کر بچے بوڑھے ہو جائیں گے اور اے ایماندارو! تم ایسے نہ ہو جاؤ۔ جنہوں نے کہا کہ ہم نے سنا اور نافرمانی کی

# اَلسُّوْرَةُ الثَّانِیَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (۲۲) (بائیسویں سورت)

یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا یَا مُوْسٰی بْنَ عِمْرَانَ

اے ایماندارو اللہ کا ذکر کرو بہت ہی ذکر اے موسیٰ عمران کے بیٹے۔ اے بیان کرنے والے

Presented by www.ziaraat.com

يَا صَاحِبَ الْبَيَانِ اِسْمَعْ
كَلَامِيْ اَلْوَانًا اَلْوَانًا اِنِّيْ اَنَا
اللّٰهُ الْمَلِكُ الدَّيَّانُ لَيْسَ
بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ تَرْجُمَانٌ
بَشِّرْ اٰكِلَ الرِّبٰوا وَالْعَاقَّ
لِوَالِدَيْهِ بِغَضَبِ الرَّحْمٰنِ
وَمُقَطَّعَاتِ النِّيْرَانِ يَا بْنَ
اٰدَمَ اِذَا وَجَدْتَ قَسَاوَةً
فِيْ قَلْبِكَ وَسُقْمًا فِيْ بَدَنِكَ
اَوْ حِرْمَانًا فِيْ رِزْقِكَ
فَاعْلَمْ اَنَّكَ تَكَلَّمْتَ فِيْمَا
لَا يُغْنِيْكَ يَا بْنَ اٰدَمَ لَا
يَسْتَقِيْمُ دِيْنُكَ حَتّٰى يَسْتَقِيْمَ
لِسَانُكَ وَقَلْبُكَ وَلَا يَسْتَقِيْمُ
قَلْبُكَ حَتّٰى يَسْتَقِيْمَ لِسَانُكَ وَ
لَا يَسْتَقِيْمُ لِسَانُكَ حَتّٰى تَسْتَحِيَ
مِنْ رَّبِّكَ وَاِذَا نَظَرْتَ اِلٰى
عُيُوْبِ النَّاسِ وَنَسِيْتَ
عُيُوْبَكَ فَقَدْ اَرْضَيْتَ

میرے رنگا رنگ کلام کو سنو۔ تحقیق
میں معبود برحق اور بادشاہ جزا دینے
والا ہوں۔ میرے اور تمہارے درمیان
کوئی ترجمان نہیں ہے بشارت دو
سود خواروں کو اور والدین کے
نافرمان کو خدا کے غضب اور دوزخ
کی آگ سے۔ اے آدم کے بیٹے
جب تو اپنے دل میں قساوت اور
بدن میں بیماری اور روزی سے محروم
ہونا محسوس کرے۔ پس جان تو کلام
کرتا ہے جس کے بارے میں تجھ کو
کوئی فائدہ نہیں۔ اے آدم کے بیٹے
(یاد رکھ) جب تک تیرے زبان
اور دل درست نہ ہوں گے تیرا
دین درست نہ ہوگا اور تیرا دل
درست نہ ہوگا جبتک تیری زبان
درست نہ ہوسکے گی اور تیری زبان
درست نہیں ہوسکے گی جبتک تجھے
خدا سے حیا نہ آئے اور جب تو لوگوں کے



الشَّيْطَانَ وَاَغْضَبْتَ الرَّحْمٰنَ
يَا بْنَ اٰدَمَ لِسَانُكَ اَسَدٌ
اِنْ طَلَّقْتَهٗ اَهْلَكَكَ وَ
هَلَاكُكَ فِيْ طَرَفِ
لِسَانِكَ ؞

عیوب دیکھے اور اپنے عیب تو بھول جائے
تو شیطان کو تو نے راضی کیا اور خدا
غضبناک کیا تو نے۔ اے آدم کے
بیٹے! تیری زبان شیر کی طرح ہے اگر
تو اسے چھوڑیگا تو وہ تجھے ہلاک کردے
اور تیری ہلاکت زبان کے پہلو سے وابستہ ہے ؞

## اَلسُّوْرَةُ الثَّالِثَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (تیسویں سورت)

يَا بْنَ اٰدَمَ اِنَّ
الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ
فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا فَاعْمَلُوْا
لِلْيَوْمِ الَّذِيْ تُحْشَرُوْنَ
فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى فَوْجًا
فَوْجًا وَتَقِفُوْنَ بَيْنَ يَدَيِ
اللّٰهِ صَفًّا صَفًّا وَتَقْرَءُوْنَ
الْكِتٰبَ حَرْفًا حَرْفًا وَتُسْئَلُوْنَ
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ سِرًّا وَّجَهْرًا
ثُمَّ يُسَاقُ الْمُتَّقُوْنَ اِلٰى

اے آدم کے بیٹے شیطان
یقیناً تمہارا کھلا دشمن ہے۔ بس
اُسے تم کھلا دشمن جانو۔ پس اُس دن
کیلئے عمل خیر کرو جسدن تمہارا حشر
گروہ گروہ اللہ کے پاس ہوگا اور
تم خدا کے دربار میں صف بستہ
کھڑے ہوگے اور اپنے اعمال کی
کتاب حرف بحرف پڑھو گے اور
جو کچھ ظاہر اور پوشیدہ تم کرتے رہے
اس کا تم سے سوال کیا جائے گا پھر

Presented by www.ziaraat.com

الْجِنَانِ وَفْدًا اَوْفْدًا وَالْمُجْرِمُوْنَ
اِلٰی جَهَنَّمَ وِرْدًا وِرْدًا
كَفَاكُمْ مِنَ اللّٰهِ وَعْدًا
وَوَعِيْدًا فَاَنَا اللّٰهُ فَاعْرِفُوْنِي
وَاَنَا الْمُنْعِمُ فَاشْكُرُوْنِي
وَاَنَا الْغَفَّارُ فَاسْتَغْفِرُوْنِي
وَاَنَا الْمَقْصُوْدُ فَاقْصُدُوْنِي
وَاَنَا الْعَالِمُ بِالسَّرَائِرِ
فَاحْذَرُوْنِي ؛

پرہیزگاروں کو جنّت کی طرف بصورت
وفد لے جائیں گے اور گنہگار لوگ
دوزخ کی طرف پیاسے کی طرح ہانکے
جائیں گے۔ پس تم کو اللہ تعالیٰ کی
طرف سے وعدہ اور وعید کے لئے
اسی قدر کافی ہے۔ پس میں ہی لائق
عبادت معبود ہوں۔ پس مجھے پہچانو
اور میں ہی نعمت دینے والا ہوں
پس شکر ہی کرو اور میں ہی تمہارے
گناہ بخشنے والا ہوں پس تم توبہ واستغفار مجھ سے کرو اور میں مقصود ہوں۔ پس تم
میرا قصد کرو اور پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہوں۔ پس مجھ سے ڈرتے رہو ؛

## السُّوْرَةُ الرَّابِعَةُ وَالْعِشْرُوْنَ ۲۴ (چوبیسویں سورت)

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا
بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ

اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائکہ
اور صاحبانِ علم جو عدل پر قائم ہیں
سب گواہی دیتے ہیں کہ وہی معبود
برحق ہے اور کوئی معبود نہیں سوائے
اس کے جو عزیز و حکیم ہے یقیناً خدا کے



عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ بَشِّرْ
كُلَّ مُحْسِنٍ بِالْجَنَّةِ وَكُلَّ
مُسِيْءٍ هَالِكٌ خَاسِرٌ وَمَنْ
عَرَفَ اللّٰهَ فَاَطَاعَهٗ نَجٰی
وَمَنْ عَرَفَ الشَّيْطٰنَ فَعَصَاهُ
سَلِمَ وَمَنْ عَرَفَ الْحَقَّ
فَاتَّبَعَهٗ اٰمِنَ وَمَنْ عَرَفَ
الْبَاطِلَ فَاتَّقٰهُ فَازَ وَمَنْ
عَرَفَ الدُّنْيَا فَرَفَضَهَا خَلَصَ
وَمَنْ عَرَفَ الْاٰخِرَةَ فَطَلَبَهَا
وَصَلَ اِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ
يَّشَآءُ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ يَابْنَ
اٰدَمَ اِذَا كَانَ اللّٰهُ تَعَالٰی
قَدْ تَكَفَّلَ لَكَ بِرِزْقِكَ
فَطُوْلُ اِهْتِمَامِكَ لِمَاذَا وَ
اِذَا كَانَ الْخَلَفُ مِنِّيْ حَقًّا
فَالْبُخْلُ لِمَاذَا وَاِذَا كَانَ
اِبْلِيْسُ عَدُوًّا اِلٰی فَالْغَفْلَةُ
لِمَاذَا وَاِذَا كَانَ الْحِسَابُ

نزدیک سچا دین اسلام ہی ہے۔ اے
موسیٰ بشارت دے دو ہر نیکوکار
کو جنّت کی اور ہر بدکار کو کہ وہ ہلاک
ہونے والا نقصان اپنا کرنے والا ہے
اور جو شخص اللہ کو پہچان لے اور
اُس کی اطاعت کرے نجات پائیگا
اور جو شیطان کو پہچان لے اور اس کی
نافرمانی کرے وہ بچ جائیگا اور صحیح
وسالم رہے گا اور جو حق کو پہچان لے
اور اس کی اتباع کرے محفوظ رہیگا۔
اور جو باطل کو پہچانے اور اس سے
پرہیز کرے کامیاب ہوگا۔ اور جو دنیا
کو پہچانے اور اُس سے کنارہ کش ہو
جائے خالص ہوگیا اور جو آخرت کو
پہچانے اور اُس کو طلب کرے مطلب
حقیقی تک پہنچ جائیگا۔ یقیناً خدا جس
کو چاہے ہدایت کرتا ہے اور تم تو اسی
کی طرف لوٹو گے۔ اے آدم کے بیٹے
جبتک رزق کا کفیل خدا ہے پس لمبے

Presented by www.ziaraat.com

وَالْمُرُوْرُ عَلَى الصِّرَاطِ حَقًّا
فَاجْتِمَاعُ الْمَالِ لِمَاذَا وَاِنْ
كَانَ عِقَابُ اللّٰهِ حَقًّا
فَالْمَعْصِيَةُ لِمَاذَا وَاِنْ
كَانَ ثَوَابُ اللّٰهِ تَعَالٰى
فِى الْجَنَّةِ حَقًّا فَالْاِسْتِرَاحَةُ
لِمَاذَا وَاِنْ كَانَ كُلُّ
شَیْءٍ بِقَضَائِیْ وَقَدَرِیْ
فَالْجَزَعُ لِمَاذَا لِكَیْلَا تَاْسَوْا
عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا
بِمَا اٰتٰكُمْ ؞

چوڑے انتظام کیسے اور جب کہ پیدا
کرنیوالا میں ہوں تو پھر بخل کیسے اور
جب ابلیس میرا دشمن ہے تو پھر غفلت
کیسی اور جبکہ حساب اور پلصراط سے
گزرنا برحق ہے تو مال جمع کرنا کس لئے
ہے اور جب اللہ تعالیٰ کا عذاب برحق
ہے تو پھر نافرمانی کس لئے اور جب
بہشت میں اللہ تعالیٰ کا ثواب برحق
ہے تو دنیا میں آرام طلبی کس لئے اور
جبکہ ہر چیز میرے قضا و قدر سے ہے
تو جزع و فکر کس لئے (یہ اس لئے ہے)
کہ تم سے جو چیز چلی جائے اُس پر افسوس نہ کرو اور جو چیز تم کو مل جائے اس
پر خوش نہ ہو جاؤ ؞

## اَلسُّوْرَةُ الْخَامِسَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (پچیسویں سورت) ۲۵

يَا ابْنَ اٰدَمَ اَكْثِرْ مِنَ
الزَّادِ فَاِنَّ الطَّرِيْقَ
بَعِيْدٌ بَعِيْدٌ وَجَدِّدِ

اے آدم زاد۔ راستے کا خرچ
(توشہ) زیادہ بنا کیونکہ راستہ بڑا
دُور ہے اور اپنی کشتی کے نئے



السَّفِيْنَةَ فَاِنَّ الْبَحْرَ عَمِيْقٌ
عَمِيْقٌ وَخَفِّفِ الْحِمْلَ فَاِنَّ
الصِّرَاطَ دَقِيْقٌ دَقِيْقٌ وَاَخْلِصِ
الْعَمَلَ فَاِنَّ النَّاقِدَ بَصِيْرٌ
بَصِيْرٌ وَاَخِّرْ نَوْمَكَ اِلَى
الْقَبْرِ وَفَخْرَكَ اِلَى الْمِيْزَانِ
وَشَهْوَتَكَ اِلَى الْجَنَّةِ
وَرَاحَتَكَ اِلَى الْاٰخِرَةِ وَلَذَّاتِكَ
اِلَى الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَكُنْ لِیْ
اَكُنْ لَكَ وَتَقَرَّبْ اِلَیَّ
بِاسْتِهَانَةِ الدُّنْيَا وَتَبَعَّدْ
عَنِ النَّارِ لِبُغْضِ الْفُجَّارِ
وَحُبِّ الْاَبْرَارِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا
يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ؞

رکھنے میں ہمیشہ فکر رکھ کہ سمندر بہت
ہی گہرا ہے اور اپنے ہمراہ بوجھ کم کر کہ
پلصراط بڑی باریک ہے اور عمل خالص
کر اگر کہ پرکھنے والا بڑا دیکھ بھال کرنے
والا ہے اور نیند اور سونا قبر پر چھوڑ
دے کہ وہاں پر تم کو بہت سونا ہے اور
فخر و مباہات کو میزان کے دن کیلئے
چھوڑ دے اور خواہش نفسانی کو جنت
کیلئے مخصوص کر دے اور آرام کو آخرت
کیلئے چھوڑ دو اور لذتیں جنت میں
حوروں کے ساتھ وابستہ رکھو۔ اور
اے بندے تو میرا ہو جا تو میں تیرا ہو
جاؤں گا اور میرا مقرب دنیا کو ذلیل رکھ
کر بن۔ اور آتش جہنم سے دوری اختیار
کر۔ فاجروں سے بغض رکھ کر اور نیکو کاروں سے دوستی رکھ کیونکہ خدا تعالیٰ
نیکو کاروں کا اجر و بدلہ ضائع نہیں کرتا ؞

## اَلسُّوْرَةُ السَّادِسَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (چھبیسویں سورت) ۲۶

يَا بَنِیْ اٰدَمَ كَيْفَ

اے اولادِ آدم تم میری نافرمانی

Presented by www.ziaraat.com

تَعْصُوْنِیْ وَاَنْتُمْ تَجْزَعُوْنَ
مِنْ حَرِّ الشَّمْسِ وَالرَّمْضَاۤءِ
وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَهَا سَبْعُ طَبَقَاتٍ
فِیْهَا نِیْرَانٌ تَاْكُلُ بَعْضُهَا
بَعْضًا وَفِیْ كُلِّ مِنْهَا سَبْعُوْنَ
اَلْفَ وَادٍ مِنَ النَّارِ وَفِیْ
كُلِّ وَادٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
شُعْبَةٍ مِنَ النَّارِ وَفِیْ
كُلِّ شُعْبَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
مَدِیْنَةٍ مِنَ النَّارِ وَفِیْ
كُلِّ مَدِیْنَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
قَصْرٍ مِنَ النَّارِ وَفِیْ كُلِّ
قَصْرٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ دَارٍ مِنَ
النَّارِ وَفِیْ كُلِّ دَارٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ بَیْتٍ مِنَ النَّارِ وَفِیْ
كُلِّ بَیْتٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ بِئْرٍ
مِنَ النَّارِ وَفِیْ كُلِّ بِئْرٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ تَابُوْتٍ مِنَ النَّارِ وَ
فِیْ تَابُوْتٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

کیسے کرتے ہو۔ حالانکہ اس سورج اور
تپتے ہوئے ریگستان کی حرارت سے
تم جزع کرنے لگتے ہو اور یقیناً دوزخ
کے تو سات طبقہ ہیں کہ ان کی ایسی آگ
ہے کہ بعض دوسری کو کھانے لگتی ہے۔
اور یاد رکھو کہ ہر طبقہ نار میں ستر ہزار
آگ کی وادیاں ہیں ستر ہزار آگ کے
شعبے ہیں کہ ہر شعبے میں ستر ہزار شہر
ہیں آگ کے۔ اور ہر شہر میں ستر ہزار
آگ کے محل اور ہر محل میں ستر ہزار
آگ کے گھر اور ہر گھر میں ستر ہزار
مکان آگ کے۔ اور ہر مکان میں ستر
ہزار آگ کے کنوئیں اور ہر کنوئیں میں
ستر ہزار آگ کے تابوت اور ہر تابوت
میں ستر ہزار تھوہر کے درخت اور ہر
درخت کے نیچے آگ کی ستر ہزار میخیں
ہیں اور ہر میخ کے ساتھ ستر ہزار آگ
کی زنجیریں ہیں۔ اور ہر زنجیر کے ساتھ
ستر ہزار بڑے اژدہا کہ طول ہر اژدہا کا



شَجَرَةٍ مِنَ الزَّقُّوْمِ وَ
تَحْتَ كُلِّ شَجَرَةٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ وَقْلٍ مِنَ النَّارِ مَعَ
كُلِّ وَتَدٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
سِلْسِلَةٍ مِنَ النَّارِ وَفِیْ
كُلِّ سِلْسِلَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
ثُعْبَانٍ مِنَ النَّارِ وَطُوْلُ
كُلِّ ثُعْبَانٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ ذِرَاعٍ وَفِیْ جَوْفِ كُلِّ
ثُعْبَانٍ بَحْرٌ مِنَ السَّمِّ
الْاَسْوَدِ فِیْهَا سَبْعُوْنَ اَلْفَ
عَقْرَبٍ مِنَ النَّارِ وَلِكُلِّ
عَقْرَبٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ ذَنَبٍ
مِنَ النَّارِ وَطُوْلُ كُلِّ ذَنَبٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَقَارَةٍ وَفِیْ
كُلِّ فَقَارَةٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ رَطْلٍ مِنَ السَّمِّ الْاَحْمَرِ
فَبِنَفْسِیْ اَحْلِفُ وَالطُّوْرِ وَ
كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ فِیْ رَقٍّ

ستر ہزار ہاتھ اور ہر سانپ
کے پیٹ میں سیاہ زہر کا
سمندر ہے اور نیز ستر ہزار
آگ کے بچھو۔ اور ہر بچھو کے
ستر ہزار ڈنگ آگ کے اور ہر ایک
ڈنگ کا طول ستر ہزار فقارہ (پیٹھ
کی ہڈی)، کہ ہر ایک فقارہ میں
ستر ہزار رطل سرخ زہر ہے۔
پس میں اپنے نفس کی قسم
کھاتا ہوں۔ قسم ہے طور سینا
اور کشادہ کاغذ (لوح محفوظ)
لکھی ہوئی کتاب اور بیت معمور
اور بلند چھت اور دریائے جوش
خوردہ کی۔ اے آدم کے بیٹے!
میں نے یہ آگیں نہیں پیدا
کیں۔ مگر ہر کافر۔ بخیل۔ چغل خور
اور اپنے ماں باپ کے نافرمان
اور زکوٰۃ نہ دینے والے۔
سود خوار اور زناکار اور

Presented by www.ziaraat.com

مَنْشُوْرٍ وَالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ
وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ
وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ يَا ابْنَ
آدَمَ مَا خَلَقْتُ هٰذِهِ النِّيْرَانَ
اِلَّا لِكُلِّ كَافِرٍ وَبَخِيْلٍ
وَنَمَّامٍ وَعَاقٍّ لِوَالِدَيْهِ
وَمَانِعِ الزَّكٰوةِ وَاٰكِلِ
الرِّبٰوا وَالزَّانِيْ وَجَامِعِ
الْحَرَامِ وَنَاسِي الْقُرْاٰنِ
وَمُؤْذِي الْجِيْرَانِ اِلَّا
مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ
صَالِحًا فَارْحَمُوْا اَنْفُسَكُمْ
يَا عِبَادِيْ فَاِنَّ الْاَبْدَانَ
ضَعِيْفَةٌ وَالسَّفَرُ بَعِيْدٌ
وَالْحِمْلُ ثَقِيْلٌ وَالصِّرَاطُ
دَقِيْقٌ وَالنَّارُ لَظٰى وَالْمُنَادِيْ
اِسْرَافِيْلُ وَالْقَاضِيْ رَبُّ
الْعَالَمِيْنَ ۞

حرام سے جماع کرنے والے
اور قرآن بُھلا دینے والے
اور پڑوسیوں کو تکلیف دینے
والے کے لئے ۔ لیکن جو سچے
دل سے توبہ کرے اور ایمان
لائے اور عمل صالح کرے (تو وہ
بچ جائے گا ) پس تم اپنی جانوں
پر رحم کرو ۔ اے میرے بندو کہ
تحقیق تمہارے جسم بالکل ضعیف و
کمزور ہیں (آگ کیونکر برداشت کر
سکو گے ) سفر دُور کا ہے اور بوجھ
بھاری اور پلصراط باریک ہے ۔
اور آگ بھڑکتی ہوئی ہے ۔
اور ندا دینے والے اسرافیل
ہیں اور فیصلہ کرنے والا
خدائے تعالے
(رب العالمین)
ہے ۔



# اَلسُّوْرَةُ السَّابِعَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (ستائیسویں سورت) ۲۷

يَا اَيُّهَا النَّاسُ كَيْفَ
رَغِبْتُمْ وَرَضِيْتُمْ فِي
الدُّنْيَا فَاِنَّهَا فَانِيَةٌ وَ
نَعِيْمُهَا زَائِلَةٌ وَحَيٰوتُهَا
مُنْقَطِعَةٌ فَاِنَّ عِنْدِيْ
لِلْمُطِيْعِيْنَ الْجِنَانَ بِاَبْوَابِهَا
الثَّمَانِيَةِ فِيْ كُلِّ جَنَّةٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ رَوْضَةٍ مِنَ
الزَّعْفَرَانِ وَفِيْ كُلِّ
رَوْضَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
مَدِيْنَةٍ مِنَ اللُّؤْلُؤِ وَ
الْمَرْجَانِ وَفِيْ كُلِّ مَدِيْنَةٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ قَصْرٍ مِنَ
الْيَاقُوْتِ وَفِيْ كُلِّ قَصْرٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ دَارٍ مِنَ
الزَّبَرْجَدِ وَفِيْ كُلِّ دَارٍ

اے لوگو! تم دنیا میں کس
طرح راغب ہوئے ہو اور کیسے
خوش ہو کہ یقیناً یہ دُنیا فانی اور
اس کی نعمات زائل ہو جانیوالی اور
زندگی ختم ہونے والی ہے ۔ پس
بتحقیق میرے پاس فرمانبرداروں کے
لئے جنت ہے کہ جس کے آٹھ دروازے
ہونگے ہر ایک بہشت میں ستر ہزار
زعفرانی باغ اور ہر باغ میں ستر ہزار
مونگے اور موتیوں کے شہر ہیں اور
ہر شہر میں یاقوت کے ستر ہزار محل
اور ہر ایک محل میں ستر ہزار
زبرجد کے گھر اور ہر گھر میں
ستر ہزار مکان سونے کے اور ہر
مکان میں چاندی کے ستر ہزار دُکان
اور ہر دُکان میں ستر ہزار دستر خوان

Presented by www.ziaraat.com

سَبْعُوْنَ اَلْفَ بَيْتٍ مِنَ
الذَّهَبِ وَفِيْ كُلِّ بَيْتٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ دُكَّانٍ
مِنَ الْفِضَّةِ وَفِيْ كُلِّ
دُكَّانٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَائِدَةٍ
وَعَلٰى كُلِّ مَائِدَةٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ صَفْحَةٍ مِنَ الْجَوَاهِرِ
وَفِيْ كُلِّ صَفْحَةٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ لَوْنٍ مِنَ الطَّعَامِ
وَعَلٰى حَوْلِ كُلِّ دُكَّانٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ سَرِيْرٍ مِنَ
الذَّهَبِ الْاَحْمَرِ وَعَلٰى
كُلِّ سَرِيْرٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ
فِرَاشٍ مِنَ الْحَرِيْرِ وَ
الدِّيْبَاجِ وَالْاِسْتَبْرَقِ
وَعَلٰى حَوْلِ كُلِّ سَرِيْرٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ نَهْرٍ مِنْ مَاءِ الْحَيَوَانِ
وَاللَّبَنِ وَالْخَمْرِ وَالْعَسَلِ الْمُصَفّٰى
وَفِيْ كُلِّ نَهْرٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ لَوْنٍ

اور ہر ایک دسترخوان پر ستر ہزار
جوہری کشتیاں اور ہر ایک
کشتی میں ستر ہزار رنگ کے
طعام اور ہر ایک دُکان کے گرد
ستر ہزار سُرخ سونے کے تخت
اور ہر تخت پر ریشمی بچھونے
ستر ہزار اور ہر تخت کے گرد ستر
ہزار نہریں آبِ حیات، دودھ
شراب اور خالص شہد کی اور
ہر نہر میں ستر ہزار رنگ کے
پھل اور اِسی طرح ہر مکان
میں ارغوانی رنگ کے ستر ہزار
خیمے اور ہر خیمہ میں ستر ہزار
غالیچے اور الے علے بچھونے اور
ہر ایک بچھونے پر ستر ہزار حور العین
میں سے حوریں ہوں گی کہ ہر ایک
حور کے سامنے ستر ہزار کنیزیں
مثل سفید انڈے کے ہوں گی۔
اور ہر قصر کے سرے پر ستر ہزار



مِنَ الثِّمَارِ وَكَذٰلِكَ فِيْ
كُلِّ بَيْتٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ خَيْمَةٍ
مِنَ الْاُرْجُوَانِ وَفِيْ كُلِّ
خَيْمَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فِرَاشٍ
وَعَلٰى كُلِّ فِرَاشٍ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ حَوْرَاءَ مِنَ الْحُوْرِ
الْعِيْنِ بَيْنَ يَدَيْهَا سَبْعُوْنَ
اَلْفَ وَصِيْفَةٍ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ
مَكْنُوْنٌ وَعَلٰى رَاسِ كُلِّ
قَصْرٍ مِنْ تِلْكَ الْقُصُوْرِ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ قُبَّةٍ مِنَ
الْكَافُوْرِ وَفِيْ كُلِّ قُبَّةٍ
سَبْعُوْنَ اَلْفَ هَدِيَّةٍ مِنَ
الرَّحْمٰنِ الَّتِيْ لَا عَيْنٌ
رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ
وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ وَ
فَاكِهَةٍ مِمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ وَ
لَحْمِ طَيْرٍ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ
وَحُوْرٌ عِيْنٌ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ

کافور کے قبے اور ہر ایک قبہ میں
ستر ہزار خُدا کی طرف سے
تحفے ہوں گے۔ جن کو نہ کسی آنکھ
نے دیکھا ہو گا نہ کان نے سُنا
ہو گا اور نہ کسی آدمی کے دِل میں
بھی آئے ہوں گے اور میوے
جن کو لوگ پسند کریں۔ وہ
ہوں گے اور پرندوں کے
لذیذ گوشت جن کی خواہش
کریں گے اور حوریں مثل موتیوں
کے چمکتی ہوں گی جو اعمالِ خیر
بجالانے کی عوض میں ملیں گی۔
اور بہشتی وہاں نہ مریں گے۔
نہ روئیں گے نہ رنج کریں گے
نہ بوڑھے ہوں گے نہ عبادت
کریں گے۔ نہ روزہ رکھیں گے
نہ نماز پڑھیں گے نہ مریض ہونگے
نہ پیشاب کریں گے نہ پاخانہ
کریں گے نہ وہ غمناک ہوں گے

Presented by www.ziaraat.com

الْمَكْنُوْنِ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ وَلَا يَمُوْتُوْنَ وَلَا
يَبْكُوْنَ وَلَا يَحْزَنُوْنَ وَ
لَا يَهْرَمُوْنَ وَلَا يَتَعَبَّدُوْنَ
وَلَا يَصُوْمُوْنَ وَلَا يُصَلُّوْنَ
وَلَا يَمْرَضُوْنَ وَلَا يَبُوْلُوْنَ
وَلَا يَتَغَوَّطُوْنَ وَلَا يَتَمَنَّوْنَ
وَلَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَ
مَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ فَمَنْ
طَلَبَ رِضَائِيْ وَ دَارَ كَرَامَتِيْ
وَجِوَارِيْ فَلْيَطْلُبْهَا بِالصَّدَقَةِ
وَالْاِسْتِهَانَةِ بِالدُّنْيَا
وَالْقَنَاعَةِ بِالْقَلِيْلِ شَهِدَتْ
نَفْسِيْ لِنَفْسِيْ اَنْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
اَنَا وَعِيْسٰى وَعُزَيْرٌ عَبْدَانِ
مِنْ عِبَادِيْ وَ رَسُوْلَانِ
مِنْ رُسُلِيْ ؕ

اور نہ وہ لوگ کبھی وہاں سے نکالے جائیں گے۔ پس جو شخص میری رضا کا طالب ہے اور میرے معزز گھر اور پڑوس کو چاہتا ہے۔ پس صدقہ کے ذریعے سے اور دنیا کو معمولی سمجھنے سے اور کم رزق پر قناعت کرنے سے اس جنت اور نعماتِ ابدی کو طلب کرے۔ میری ذات شاہد ہے۔ میری ذات کے لئے کوئی معبود برحق سوائے میرے نہیں اور عیسٰیؑ اور عزیرؑ میرے بندوں میں سے دو بندے ہیں اور میرے برگزیدہ رسولوں میں سے رسول ہیں۔



# اَلسُّوْرَةُ الثَّامِنَةُ وَالْعِشْرُوْنَ (اٹھائیسویں) ۲۸ سورت

يَا ابْنَ اٰدَمَ اَلْمَالُ مَالِيْ
وَاَنْتَ عَبْدِيْ وَمَا لَكَ
اِلَّا مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ وَ
مَا لَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ وَمَا
تَصَدَّقْتَ فَاَبْقَيْتَ وَمَا
دَخَرْتَ نَحَظُّكَ مِنْهُ الْمَقْتُ
وَاِنَّمَا اَنْتَ عَلٰى ثَلٰثَةِ
اَقْسَامٍ فَوَاحِدٌ لِيْ وَوَاحِدٌ
لَكَ وَوَاحِدٌ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ
فَاَمَّا الَّذِيْ لِيْ فَرُوْحُكَ وَ
اَمَّا الَّذِيْ لَكَ فَعَمَلُكَ
وَاَمَّا الَّذِيْ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ
فَمِنْكَ الدُّعَآءُ وَمِنِّي الْاِجَابَةُ
يَا ابْنَ اٰدَمَ تَوَرَّعْ تَعْرِفْنِيْ
وَتَجَوَّعْ تَرَانِيْ وَاعْبُدْنِيْ
تَجِدْنِيْ وَتَفَرَّدْ تَصِلْنِيْ

اے آدم کے بیٹے مال تو حقیقتہً میرا ہے اور تو میرا بندہ ہے اور تیرا تو بس اتنا ہے۔ جو کھالے اور ختم کر دے اور جو پہن لے اور پرانا کر ڈالے اور جو اچھے راستہ پر خرچ کر دے اور ثواب باقی اپنے لئے رکھے۔ اور جو تو جمع کرے پس اس میں سے تیرے حصے کا غیض و غصہ ہوگا اور یقین جان تو تین قسم پر ہے ایک تو میرے لئے ہے اور ایک تیرے لئے اور ایک میرے تیرے درمیان مشترک ہے اور جو خاص میرے لئے ہے وہ تیری رُوح ہے اور جو تیرے لئے خاص ہے وہ تیرا عمل ہے اور وہ جو میرے اور تیرے دونوں کے درمیان ہے۔ پس تیری طرف سے

Presented by www.ziaraat.com

يَا بْنَ اٰدَمَ اِذَا كَانَتِ الْمُلُوْكُ
تَدْخُلُ النَّارَ بِالْجَوْرِ
وَالْعَرَبُ بِالْعَصَبِيَّةِ
وَالْعُلَمَاءُ بِالْحَسَدِ
وَالْفُقَرَاءُ بِالْكِذْبِ
وَالتُّجَّارُ بِالْخِيَانَةِ
وَالْحُرَّاثُ بِالْجَهَالَةِ
وَالْعِبَادُ بِالرِّيَاءِ وَالْاَغْنِيَاءُ
بِالْكِبْرِ وَالْقُرَّاءُ بِالْغَفْلَةِ
وَالصُّبَّاغُ بِالْغِشِّ
وَمَانِعُ الزَّكٰوةِ بِمَنْعِ
الزَّكٰوةِ يَا بْنَ اٰدَمَ مَنْ
يَطْلُبُ الْجَنَّةَ ؛

دعا ہے اور میری طرف سے قبولیت۔ اے
آدم کے بیٹے تو ورع و تقویٰ اختیار کر۔
تو مجھے پہچان لیگا اور تو مجھے دیکھ لیگا۔
اور تو میری عبادت کر تو مجھے پالیگا۔
اور تو تنہائی اختیار کر تو مجھ تک وصال
ہوجائیگا۔ اے آدم کے بیٹے جب بادشاہ
ظلم کرنے کیوجہ سے دوزخ میں داخل ہونگے
اور عرب والے بیجا تعصب کیوجہ سے اور
عالم حسد کی وجہ سے اور محتاج لوگ
جھوٹ کی وجہ سے اور تاجر خیانت کیوجہ
سے اور کسان جہالت کیوجہ سے اور
عابد ریا کیوجہ سے اور رئیس اور غنی
لوگ تکبر کیوجہ سے اور قاری غفلت
کیوجہ سے اور رنگریز دھوکے اور کھوٹ کیوجہ سے اور زکوٰۃ روکنے والے زکوٰۃ
نہ دینے کیوجہ سے۔ اے آدم کے بیٹے۔ پس کون ہے جو جنت کا طالب ہو؛

## اَلسُّوْرَۃُ التَّاسِعَۃُ وَالْعِشْرُوْنَ (انتیسویں ۲۹ سورت)

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اے ایماندارو۔ خدا سے



اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا
تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ
يَا بْنَ اٰدَمَ مَثَلُ الْعَمَلِ
بِلَا عِلْمٍ كَمَثَلِ الرَّعْدِ
بِلَا مَطَرٍ وَمَثَلُ الْعِلْمِ بِلَا
عَمَلٍ كَمَثَلِ الشَّجَرِ بِلَا ثَمَرٍ
وَمَثَلُ الْعِلْمِ بِلَا زُهْدٍ وَ
خَشْيَةٍ كَالْمَالِ بِلَا زَكٰوةٍ
وَالطَّعَامِ بِلَا مِلْحٍ وَكَزَرْعٍ
عَلَى الصَّفَا وَمَثَلُ الْعِلْمِ
عِنْدَ الْاَحْمَقِ كَمَثَلِ
الدُّرِّ وَالْيَاقُوْتِ عِنْدَ
الْبَهِيْمَةِ وَمَثَلُ الْقُلُوْبِ
الْقَاسِيَةِ كَمَثَلِ الْحَجَرِ
الثَّابِتِ فِي الْمَاءِ وَمَثَلُ
الْمَوَاعِظَةِ عِنْدَ مَنْ لَا
يَرْغَبُ فِيْهَا كَمَثَلِ الْمِزْمَارِ
عِنْدَ اَهْلِ الْقُبُوْرِ وَمَثَلُ
الصَّدَقَةِ بِالْحَرَامِ كَمَثَلِ مَنْ

اسطرح ڈرو جسطرح ڈرنے کا حق ہے
اور تم کو موت نہ آئے مگر اس حالت میں
جبکہ تم مسلمان ہو۔ اے آدم کے بیٹے۔
بغیر علم کے عمل کی مثال بغیر بارش کے
کڑک کی سی ہے اور علم جو بغیر عمل
ہو اس کی مثال بغیر پھل کے درخت
کی سی ہے اور جو علم بغیر زہد اور خوف
کے ہو اُس کی مثال اس مال کی سی ہے
جو بغیر زکوٰۃ ہو اور طعام کی سی ہے
جو بغیر نمک ہو اور مثل اُس کھیتی کے
ہے جو سخت چٹان پر ہو اور علم جو
بیوقوف کے پاس ہو ایسا ہے جیسا
جانور کے گلے میں یاقوت اور موتی اور
سخت دل کی مثال ایسی ہے جو پتھر
صحیح و سالم پانی میں پڑا ہو اور پند و
نصیحت اس کی جو اس کی خواہش ہی
نہ رکھتا ہو۔ ایسی ہے جسطرح بانسری
مُردوں کے پاس بجائی جائے اور
حرام رزق کو خدا کے راستہ پر خرچ

Presented by www.ziaraat.com

يَغْسِلُ الْعَذِرَةَ بِلَا زَكٰوةِ الْمَالِ كَمَثَلِ الْجَسَدِ بِلَا رُوْحٍ وَمَثَلُ الْعَمَلِ بِلَا تَوْبَةٍ كَمَثَلِ الْبُنْيَانِ بِلَا اَسَاسٍ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ؁

کرنا ایسا ہے جیسا پاخانہ کو پیشاب سے دھوئے اور بغیر زکوٰۃ مال دیتے ہوئے نماز کی مثال ایسی ہے جیسے جسم روح کے بغیر اور عمل بغیر توبہ کے مثال ایسی ہے جیسے بغیر بنیاد کے دیوار کا قائم کرنا۔ پس کیا غافل لوگ خدا کے خوف سے محفوظ (بے پروا) ہوگئے ہیں۔ پس یاد رہے کہ غضب خدا سے کوئی اپنے آپ کو امن میں نہیں سمجھتا۔ سوائے نقصان میں پڑنے والی قوم کے ؁

## اَلسُّوْرَةُ الثَّلٰثُوْنَ (۳۰) (تیسویں سورت)

يَابْنَ اٰدَمَ بِقَدْرِ مَا يَمِيْلُ قَلْبُكَ اِلَى الدُّنْيَا اُخْرِجُ مَحَبَّتِيْ عَنْ قَلْبِكَ فَاِنِّيْ لَا اَجْمَعُ حُبِّيْ وَحُبَّ الدُّنْيَا فِيْ قَلْبٍ وَاحِدٍ اَبَدًا تَجَرَّدْ لِعِبَادَتِيْ وَاَخْلِصْ مِنَ الرِّيَاءِ عَمَلَكَ حَتّٰى

اے آدم کے بیٹے جس قدر تیرا دل دنیا کی طرف مائل ہوتا ہے میں اپنی محبت تیرے دل سے نکال لیتا ہوں۔ کیونکہ میں ہرگز اپنی محبت کے ساتھ دنیا کی محبت کو جمع نہیں کرتا ایک دل میں میری عبادت کے لئے اکیلا ہو کے آ۔ اور اپنا



اَلْبَسَكَ لِبَاسَ مَحَبَّتِيْ اَقْبِلْ اِلَيَّ وَتَفَرَّغْ لِذِكْرِيْ اَذْكُرْكَ عِنْدَ مَلَائِكَتِيْ يَابْنَ اٰدَمَ اُذْكُرْنِيْ تَذَلُّلًا اَذْكُرْكَ تَفَضُّلًا اُذْكُرْنِيْ بِمُجَاهَدَةٍ اَذْكُرْكَ بِمُشَاهَدَةٍ اُذْكُرْنِيْ فِيْ فَوْقِ الْاَرْضِ اَذْكُرْكَ تَحْتَ الْاَرْضِ اُذْكُرْنِيْ فِي النِّعْمَةِ وَالصِّحَّةِ اَذْكُرْكَ فِي الشِّدَّةِ وَالْوَحْدَةِ اُذْكُرْنِيْ بِالطَّاعَةِ اَذْكُرْكَ بِالْمَغْفِرَةِ اُذْكُرْنِيْ فِي الصِّحَّةِ وَالْغِنَاءِ اَذْكُرْكَ فِي الْفَقْرِ وَالْعَنَاءِ اُذْكُرْنِيْ بِالصِّدْقِ وَالصَّفَاءِ اَذْكُرْكَ بِالْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اُذْكُرْنِيْ بِالْاِحْسَانِ اِلَى الْفُقَرَاءِ اَذْكُرْكَ بِالْجَنَّةِ الْمَاْوٰى اُذْكُرْنِيْ بِالْعُبُوْدِيَّةِ

عمل ریا سے خالص کر تاکہ میں تجھے لباس جنت پہناؤں۔ اے آدم کے بیٹے میری طرف متوجہ ہو (آ) اور اپنا دل دنیا کی چیزوں سے خالی کر تو میں تیرا ذکر ملائکہ کے پاس کرونگا اے آدم کے بیٹے تو ذلیل بن کر میرا ذکر کر تو میں تیرا ذکر تفضلاً کرونگا۔ مجھے جہاد نفس کر کے یاد کر تاکہ میں تیرے ذکر کو لوگوں کے روبرو بڑھا کر کروں تو زمین پر میرا ذکر کر تاکہ میں تیرا ذکر زمین کے نیچے کروں۔ تو مجھے نعمت اور صحت میں یاد کر تاکہ میں سختی اور تنہائی میں تجھے یاد رکھوں تو مجھے طاعت سے یاد کر تاکہ میں تجھے بخشش میں یاد رکھوں تو مجھے تندرستی اور خوشحالی میں یاد رکھ تاکہ میں تجھے محتاجی اور مشکل میں یاد رکھوں تو مجھے صدق اور صفا سے یاد رکھ تاکہ میں تجھے عرش علا پر یاد رکھوں۔

Presented by www.ziaraat.com

اُذْكُرُكَ بِالرُّبُوْبِيَّةِ اُذْكُرْنِيْ
بِالتَّضَرُّعِ اَذْكُرُكَ بِالْكَرَمِ
اُذْكُرْنِيْ بِالتَّلَفُّظِ اَذْكُرُكَ
بِالتَّلَطُّفِ اُذْكُرْنِيْ بِتَرْكِ
الدُّنْيَا اَذْكُرُكَ بِنَعِيْمِ الْبَقَاءِ
اُذْكُرْنِيْ فِي الشِّدَّةِ
الْهَالِكَةِ اَذْكُرْكَ بِالنَّجَاةِ
الْكَامِلَةِ ۞

محتاجوں پر احسان کرنے سے مجھے
یاد رکھ تاکہ میں تجھے جنت ماویٰ
میں یاد رکھوں۔ تو مجھے عبودیت سے
یاد رکھ تاکہ میں تجھے پروردگاری
سے یاد رکھوں تو مجھے تضرع سے
یاد رکھ تاکہ میں تجھے عزت سے یاد
کردں۔ تو مجھے الفاظ سے یاد رکھ
تاکہ میں لطف سے یاد رکھوں۔ تو
مجھے ترک دنیا سے یاد رکھ تاکہ میں تجھے ہمیشہ کی نعمات سے یاد رکھوں۔
تو مجھے ہلاک کر دینے والی سختی میں یاد رکھ تاکہ میں تجھے نجاتِ کاملہ سے
یاد رکھوں ۞

## اَلسُّوْرَةُ الْحَادِيَةُ وَالثَّلٰثُوْنَ (اکتیسویں ٣١ سورت)

یَا بْنَ اٰدَمَ اُذْكُرْنِيْ
اَسْتَجِبْ لَكُمْ اُدْعُوْنِيْ
بِلَا غَفْلَةٍ اَسْتَجِبْ لَكُمْ
بِلَا مُهْلَةٍ اُدْعُوْنِيْ بِالْقُلُوْبِ
الْخَالِيَةِ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

اے آدم کے بیٹے تو مجھے
یاد کر تاکہ میں تیری دعا قبول کروں
تو مجھے بغیر غفلت یاد رکھ تو میں بھی
فوراً تیری دُعا قبول کروں گا۔ تم
مجھے دل سب چیزوں سے خالی



بِالدَّرَجَاتِ الْعَالِيَةِ اُدْعُوْنِيْ
بِالْاِخْلَاصِ وَالتَّقْوٰى
اَسْتَجِبْ لَكُمْ بِالْجَنَّةِ
الْمَاْوٰى اُدْعُوْنِيْ بِالْخَوْفِ
وَالرَّجَاءِ اَجْعَلْ لَكُمْ مِنْ
كُلِّ اَمْرٍ فَرَجًا وَمَخْرَجًا
اُدْعُوْنِيْ بِالْاَسْمَاءِ الْعُلْيَا
اَسْتَجِبْ لَكُمْ بِبُلُوْغِ
الْمَطَالِبِ الْاَسْنَاءِ اُدْعُوْنِيْ
فِيْ دَارِ الْخَرَابِ وَالْفَنَاءِ
اَسْتَجِبْ لَكُمْ فِيْ دَارِ الثَّوَابِ
وَالْبَقَاءِ يَا بْنَ اٰدَمَ كَمْ
تَقُوْلُ اللّٰهُ اَللّٰهُ وَفِيْ
قَلْبِكَ غَيْرُ اللّٰهِ وَلِسَانُكَ
يَذْكُرُ اللّٰهَ وَتَخَافُ
غَيْرَ اللّٰهِ وَتَرْجُوْا غَيْرَ اللّٰهِ
وَلَوْ عَرَفْتَ اللّٰهَ لَمَا اَهَمَّكَ
غَيْرُ اللّٰهِ وَتَذْنِبُ وَلَا
تَسْتَغْفِرُ فَاِنَّ الْاِسْتِغْفَارَ

کر کے پکارو تو میں تمہاری دُعا بلند
درجات سے قبول کرونگا۔ تم خلوص
اور تقویٰ سے یاد کرو تاکہ میں تجھے
جنت ماویٰ سے قبول کرونگا تو
مجھے خوف و اُمید میں یاد کرو تاکہ
تمہیں ہر امر میں خوشی اور خلاصی عطا
کروں تم بلند اسماء سے مجھے یاد کرو
تاکہ میں تمہیں اعلیٰ مطالب تک
پہنچانے میں یاد رکھوں۔ تم مجھے خراب
و فنا ہو جانے والے گھر میں یاد
رکھو تاکہ میں تمہیں بدلہ دینے اور
باقی رہنے والے گھر میں یاد رکھوں
اے آدم کے بیٹے تو زبان سے اللہ
اللہ کہتا ہے اور تیرے دل میں غیر
خدا ہے (محبت اشیائے دنیائے فانی)
تیری زبان ذکر خدا کرتی ہے اور تو
سوائے خدا کے دوسروں سے ڈرتا ہے
اور خدا کے علاوہ دوسروں سے اُمید
کرتا ہے اگر تو اللہ کو حقیقتہً پہچانے

Presented by www.ziaraat.com

مع الاصرار توبة الكاذبين وما ربك بظلام للعبيد ۞

ہوئے ہوتا تو خدا کے علاوہ اور کوئی تجھے فکرمند نہ بناتا اور تو گناہ کرتا ہے اور استغفار نہیں کرتا۔ کیونکہ تکرار گناہ کے ساتھ استغفار جھوٹوں کی توبہ ہے۔ اور تیرا پروردگار اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ۞

# السورة الثانية والثلثين (بتیسویں سورت) ۳۲

يا ابن آدم اجلك يضحك بأملك وقضائي يضحك من حذرك وتقديري يضحك من تدبيرك وآخرتي يضحك من دنياك وقسمتي يضحك من حرصك فان رزقك موزون معروف مكتوب مخزون فبادر للموت بعملك الخير قبل الموت فان رزقك لا يأكله

اے آدم زاد۔ تیری موت تیری اُمیدوں پر خندہ زن ہے اور میری قضا تیرے خوف پر ہنستی ہے اور میری تقدیر تیری تدبیر پر ہنستی ہے اور میری آخرت تیری دنیا پر خندہ زن ہے۔ اور میری تقسیم تیری حرص پر ہنستی ہے۔ اس لئے کہ تیری روزی وزن کی ہوئی مشہور لکھی ہوئی ہے۔ اور ایک جگہ جمع ہوئی ہے پس تو عمل خیر کے ذریعہ موت کی طرف جلدی بڑھ مرنے سے پہلے کیونکہ تیری روزی



غيرك نحن قسمنا بينهم معيشتهم في الحيوة الدنيا الآية يا ابن آدم الدنيا مُرٌّ على اوليائي ولكن يحبون لقائي وحلوٌ لاعدائي ولكن يكرهون لقائي يا ابن آدم الموت نازل بك وان كرهت واصبر لحكم ربك فانك مبعوث فسبح بحمد ربك حين تقوم ومن الليل فسبحه وادبار النجوم ۞

کوئی دوسرا نہیں کھا سکتا۔ ہم نے اپنی مخلوق کے درمیان ان کی زندگی کا سہارا (روزی) خود تقسیم کیا ہے دنیا میں الخ۔ اے آدم زاد دنیا میرے دوستوں پر تو تلخ ہے لیکن وہ میری ملاقات کو دوست رکھتے ہیں اور میرے دشمنوں کے لئے شیریں ہے لیکن وہ میری ملاقات کو اچھا نہیں سمجھتے اے آدم زاد! موت تجھے ضروری واقع ہوگی۔ اگرچہ تو اُسے اچھا نہ جانے۔ اور حکم خدا پر صبر کر۔ کیونکہ تجھے ضرور مرنے کے بعد اٹھایا جائے گا۔ پس تو تسبیح خدا کر حمد کے ساتھ جب تو کھڑا ہووے اور رات کے وقت بھی تو تسبیح کر اور صبح کے وقت بھی جب ستارے غروب ہونے لگیں ۞

# السورة الثالثة والثلثون (تینتیسویں سورت) ۳۳

يا ابن آدم تريد واريد ولا يكون الا ما اريد

اے آدم زاد تو بھی ارادہ کرتا ہے اور میں بھی ارادہ کرتا ہوں اور

Presented by www.ziaraat.com

نَمَنْ قَصَدَنِیْ عَرَفَنِیْ وَ
مَنْ عَرَفَنِیْ اَرَادَنِیْ وَمَنْ
اَرَادَنِیْ طَلَبَنِیْ وَمَنْ طَلَبَنِیْ
وَجَدَنِیْ وَمَنْ وَجَدَنِیْ
خَدَمَنِیْ وَمَنْ خَدَمَنِیْ
ذَکَرَنِیْ وَمَنْ ذَکَرَنِیْ
ذَکَرْتُہٗ بِرَحْمَتِیْ یَا بْنَ اٰدَمَ
لَا یَخْلُصُ عَمَلُكَ حَتّٰی
تَذُوْقَ اَرْبَعَ مَوْتَاتِ اَلْمَوْتُ
الْاَحْمَرُ وَالْمَوْتُ الْاَصْفَرُ
وَالْمَوْتُ الْاَسْوَدُ وَالْمَوْتُ
الْاَبْیَضُ اَلْمَوْتُ الْاَحْمَرُ
اِحْتِمَالُ الْجَفَاءِ وَکَفُّ
الْاَذٰی وَالْمَوْتُ الْاَصْفَرُ
اَلْجُوْعُ وَالْاِعْسَارُ وَالْمَوْتُ
الْاَسْوَدُ مُخَالَفَۃُ النَّفْسِ
وَالْھَوٰی فَلَا تَتَّبِعِ الْھَوٰی فَیُضِلَّكَ
عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَالْمَوْتُ
الْاَبْیَضُ الْعُزْلَۃُ ؎

نہیں ہوتا مگر وہ جو میں ارادہ کروں
پس جو میرا قصد کرے مجھے پہچان لیتا
ہے اور جو مجھے پہچان لے وہ میرا
ارادہ کرتا ہے اور جو میرا ارادہ کرلے
میری طلب کرتا ہے وہ مجھے پا لیتا
ہے اور جو مجھے پالے وہ میری خدمت
کرتا ہے اور جو میری خدمت کرے
مجھے یاد رکھتا ہے اور جو مجھے یاد کرے
میں بھی اسے رحمت سے یاد کرتا ہوں
اے آدم زاد تیرا عمل ہرگز خالص
نہیں ہوسکتا۔ جب تک تو چار
موتیں نہ چکھ لے۔ ایک موت سُرخ
دوسری زرد۔ تیسری سیاہ۔ چوتھی سفید
موت سُرخ ظلم کا سہنا اور اذیت سے
ہاتھ روکے رہنا اور زرد موت بھوک
اور تنگدستی ہے اور سیاہ موت نفس
اور خواہشات نفسانی کی مخالفت
ہے تو خواہش کی اتباع نہ کرو۔ ورنہ
تجھے طریق خدا سے بھٹکا دے گی۔ اور
سفید موت لوگوں سے کنارہ کشی ہے ؎



# اَلسُّوْرَۃُ الرَّابِعَۃُ وَالثَّلٰثُوْنَ (چونتیسویں سورت) ٣٤

یَا بْنَ اٰدَمَ مَلٰٓئِکَتِیْ
یَتَعَاقَبُوْنَ بِاللَّیْلِ وَالنَّھَارِ
لِتَکْتُبُوْا عَلَیْكَ مَا تَقُوْلُ
وَتَفْعَلُ مِنْ قَلِیْلِكَ وَ
کَثِیْرِكَ فَالسَّمَآءُ تَشْھَدُ بِمَا
رَأَتْ مِنْكَ وَالْاَرْضُ تَشْھَدُ
عَلَیْكَ بِمَا عَمِلْتَ عَلٰی
ظَھْرِھَا وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ
وَالنُّجُوْمُ یَشْھَدْنَ عَلَیْكَ
بِمَا تَقُوْلُ وَتَفْعَلُ وَاَنَا
مُطَّلِعٌ عَلٰی مَخْفِیَّاتِ خَطَرَاتِ
قَلْبِكَ وَلَا تَغْفَلْ عَنْ نَفْسِكَ
فَاِنَّ لَكَ فِی الْمَوْتِ شُغْلٌ
شَاغِلٌ وَعَنْ قَلِیْلٍ اَنْتَ
دَاخِلٌ وَکُلُّ مَا قَدَّمْتَہٗ
مِنَ الْخَیْرِ وَالشَّرِّ حَاصِلٌ

اے آدم زاد میرے ملائکہ دن
رات تیرے قول و فعل لکھنے کے
لئے پے در پے آتے رہتے ہیں اور
آسمان بھی گواہی دیگا جو تیرے گناہ
دیکھتا ہے اور روئے زمین پر تو جو
عمل کریگا زمین بھی اُن کی شاہد ہوگی
اور سُورج چاند ستارے بھی تیرے
برخلاف تیرے قول و فعل کی گواہی
دیں گے اور میں خود بھی تیرے دل
میں جو جو مخفی باتیں آتی ہیں سب پر
مطلع ہوں۔ تو اپنے نفس سے غفلت
نہ کر اس لئے کہ تجھے موت کی وجہ سے
کاروبار میں مشغولیت ہو جائیگی۔
اور تھوڑی سی مدت کے اندر تو کوچ
کر جائے گا اور جو کچھ بھی تو نے عمل خیر و
شر دار دنیا سے آگے بھیجا ہے بغیر

Presented by www.ziaraat.com

بِلَا زِيَادَةٍ وَ نُقْصَانٍ وَ
تَسْتَوْفِيْ غَدًا مَا كُنْتَ
نَاعِلًا يَا بْنَ اٰدَمَ اِنَّ
الْحَلَالَ لَيْسَ يَاْتِيْكَ اِلَّا
قَطْرَةً قَطْرَةً وَالْحَرَامُ
يَاْتِيْكَ كَالسَّيْلِ فَمَنْ
صَفٰى عَيْشُهٗ صَفٰى دِيْنُهٗ ؛

کمی و زیادتی تجھے حاصل ہو کر رہے گا اور
تو نے جیسا کام کیا ہے وہ کل کو
(قیامت کو) تجھے فوراً مل جائے گا۔
اے آدم زاد بہ تحقیق تیرے پاس
حلال ہرگز نہیں آئیگا سوائے قطرہ قطرہ
کے اور حرام تیرے پاس آئیگا مثل سیلاب
دریا کے۔ پس جس شخص کی روزی صاف
وپاکیزہ ہوگی۔ اُسی کا دین خالص ہوگا؛

## السُّوْرَةُ الْخَامِسَةُ وَالثَّلٰثُوْنَ (پینتیسویں ۳۵ سورت)

يَا بْنَ اٰدَمَ لَا تَفْرَحْ
بِالْغِنَاءِ فَلَيْسَ بِمُخَلَّدٍ وَ
لَا تَجْزَعْ مِنَ الْفَقْرِ فَلَيْسَ
عَلَيْكَ حَتْمًا وَّوَاجِبًا وَ لَا
تَقْنَطْ بِالْبَلَآءِ فَاِنَّ الذَّهَبَ
يُجَرَّبُ بِالنَّارِ وَالْمُؤْمِنُ
يُجَرَّبُ بِالْبَلَآءِ فَاِنَّ الْغَنِيَّ
عَزِيْزٌ فِي الدُّنْيَا وَ ذَلِيْلٌ فِي

اے آدم زاد تو خوش حالی کی
وجہ سے خوش نہ ہو جا۔ کیونکہ وہ ہمیشہ
رہنے والی نہیں اور فقر و فاقہ سے تو
جزع فزع نہ کر (نہ ڈر) اس لئے کہ
وہ تجھ پر ضروری اور لازم طور پر
نہیں ہے اور آزمائش کی وجہ سے
تو بے اُمید نہ ہو جا۔ کیونکہ سونا آگ کے
ذریعے سے پرکھا جاتا ہے اور مومن کا



الْاٰخِرَةِ وَالْفَقِيْرُ ذَلِيْلٌ فِي
الدُّنْيَا وَعَزِيْزٌ فِي الْاٰخِرَةِ
اِنَّ الْاٰخِرَةَ اَبْقٰى وَ اَبْهٰى
يَا بْنَ اٰدَمَ اِذَا رَاَيْتَ
الضَّيْفَ عِنْدَكَ مَحْبُوْسًا
اَكْثَرَ مِنْ تِسْعَةِ اَيَّامٍ
فَقُلْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ
اللّٰهِ يَا بْنَ اٰدَمَ اَلْمَالُ مَالِيْ
وَاَنْتَ عَبْدِيْ وَالضَّيْفُ
رَسُوْلِيْ فَاِنْ مَنَعْتَ مَالِيْ
مِنْ رَسُوْلِيْ فَلَا تَطْمَعْ فِيْ
جَنَّتِيْ وَنِعْمَتِيْ يَا بْنَ اٰدَمَ
اَلْمَالُ مَالِيْ وَالْاَغْنِيَآءُ
وُكَلَائِيْ وَالْفُقَرَآءُ عِيَالِيْ
فَمَنْ بَخِلَ عَلٰى عِيَالِيْ
اُدْخِلُهُ النَّارَ وَلَا اُبَالِيْ
يَا بْنَ اٰدَمَ ثَلٰثَةٌ وَّاجِبَاتٌ
عَلَيْكَ زَكٰوةُ مَالِكَ
وَصِلَةُ رَحِمِكَ وَ قِرَاءُ

آزمائش و مصیبت میں تجربہ کیا جاتا ہے۔
پس مالدار دنیا میں معزز ہوتا ہے اور
آخرت میں ذلیل ہوگا اور تنگدست
دنیا میں ذلیل سمجھا جاتا ہے اور
آخرت میں اس کی عزت کی جائیگی۔
اور یقیناً آخرت ہمیشہ باقی رہنے والی
اور بیش بہا چیز ہے۔ اے آدم زاد
جب تو نو دن تک مہمان آتا نہ دیکھے
تو اپنے خدا کے غضب سے پناہ مانگ
اے آدم زاد سب مال تو میرے
ہیں تو میرا بندہ و غلام ہے اور مہمان
میرا رسول (بھیجا ہوا) ہے۔ پس اگر
تو میرے مال کو میرے ایلچی پر خرچ
کرنے سے ہاتھ روکے گا۔ تو تو میری
جنت اور نعمت کی بھی طمع نہ کرنا۔
اے آدم زاد مال تو میرے ہی مال
ہیں اور مالدار میرے وکیل ہیں اور
محتاج میرے عیال ہے پس جو شخص
میرے عیال سے بخل کریگا اسے میں

Presented by www.ziaraat.com

ضَيْفِكَ فَاِذَا لَمْ تَفْعَلْ مَا
اَوْجَبْتُهُ عَلَيْكَ فَاِنِّي
اُجْزِعُكَ اِجْزَاعًا وَاَجْعَلُكَ
نَكَالًا لِلْعَالَمِيْنَ يَا بْنَ اٰدَمَ
اِذَا لَمْ تَرْعَ حَقَّ جَارِكَ كَمَا
تَرْعٰى حَقَّ عِيَالِكَ لَمْ اَنْظُرْ
اِلَيْكَ وَلَمْ اَقْبَلْ عَمَلَكَ
وَلَمْ اَسْتَجِبْ دُعَائَكَ يَا بْنَ
اٰدَمَ لَا تَتَكَبَّرْ عَلٰى مِثْلِكَ
فَاِنَّ اَوَّلَكَ نُطْفَةٌ قَذِرَةٌ
مِنْ مَنِيٍّ مُنْهَمِرَةٍ مِنْ
اَيِّ وَجْهٍ خَرَجْتَ مِنْ
مَخْرَجِ الْبَوْلِ مِنْ بَيْنِ
الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ يَا بْنَ
اٰدَمَ اُذْكُرْ ذُلَّ مَوْقِفِكَ
غَدًا بَيْنَ يَدَيَّ فَاِنِّي لَمْ
اَغْفُلْ مِنْ سَرَائِرِكَ طَرْفَةَ
عَيْنٍ وَاِنِّي عَلِيْمٌ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ۞

داخلِ جہنم کرونگا اور پرواہ نہ کرونگا۔ اے آدم زاد تجھ پر تین واجبات بڑے ضروری ہیں۔ اپنے مال کی زکوٰۃ دیا کرو۔ اور اپنے قریبی رشتہ داروں سے صلہ رحمی کیا کرو اور اپنے مہمان کی ضیافت۔ پس اگر تو یہ نہ کرے جو میں نے تجھ پر واجب کیا ہے تو میں تجھے جزع پر مجبور کرونگا بہت بُرے طریقہ سے اور دُنیا بھر کے سامنے ذِلت اور عذاب کا نمونہ بناؤنگا تجھے۔ اے آدم زاد۔ جب تو اپنے اہل و عیال کی مانند اپنے پڑوس کے حق کی رعایت نہ کریگا تو میں تجھ پر نظر رحمت نہ کرونگا اور تیرے اعمال قبول نہ کرونگا اور تیری دُعا بھی مستجاب نہ ہوگی۔ اے آدم زاد تو اپنے مثل پر تکبر نہ کر کیونکہ ابتدا تیری ناپاک نطفہ منی ہے جو کسی وجہ سے اچھل کر نکلتی ہے کہ وہ صلب اور سینے کی ہڈیوں کے بیچ سے پیشاب گاہ سے خارج ہوتی ہے



اے آدم زاد تو کل قیامت کو میرے سامنے کھڑا ہونے کی ذلت کو یاد کر اس لئے کہ میں چشم زدن میں بھی تیرے مخفی رازوں سے غافل نہیں ہوں اور میں تو سینوں والی باتوں کا بھی جاننے والا ہوں ۞

# اَلسُّوْرَةُ السَّادِسَةُ وَالثَّلٰثُوْنَ (چھتیسویں سورت ۳۶)

يَا بْنَ اٰدَمَ كُنْ سَخِيًّا
فَاِنَّ السَّخَاءَ مِنْ حُسْنِ الْيَقِيْنِ
وَالْيَقِيْنُ مِنَ الْاِيْمَانِ
وَالْاِيْمَانُ مِنَ الْجَنَّةِ يَا بْنَ
اٰدَمَ اِيَّاكَ وَالْبُخْلَ فَاِنَّ
الْبُخْلَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْكُفْرَ
مِنَ النَّارِ يَا بْنَ اٰدَمَ اتَّقُوْا
مِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِيْنَ فَاِنَّهَا
لَا يَحْجُبُهَا عَنِّي شَيْءٌ وَلَوْ
لَا اَنِّي اُحِبُّ الصَّفْحَ
وَالْمَغْفِرَةَ لَمَا ابْتَلَيْتُ
اٰدَمَ بِالذَّنْبِ ثُمَّ رَدَدْتُهُ
اِلَى الْجَنَّةِ يَا بْنَ اٰدَمَ لَوْلَا

اے آدم زاد سخی ہو جا۔ کیونکہ سخاوت حُسن یقین کی دلیل ہے اور یقین ایمان کی علامت ہے اور ایمان جنت میں لے جاتا ہے۔ اے آدم زاد کنجوسی سے بچو۔ کیونکہ کنجوسی کُفر کی نشانی ہے اور کفر دوزخ سے ہے۔ اے آدم زاد مظلوموں کی بد دُعا سے ڈرو۔ اس لئے کہ کوئی شے اُن کی دُعا کو نہیں روکتی۔ اور اگر میں چشم پوشی اور بخشش کو پسند نہ کرتا ہوتا تو آدم کی آزمائش گناہ کے ذریعہ میں ہرگز نہ کرتا۔ پھر جنت کی طرف نہ لوٹاتا۔ اے آدم زاد اگر معافی میرے نزدیک بہترین چیز نہ ہوتی تو

Presented by www.ziaraat.com

اِنَّ العَفْوَ اَحَبُّ شَیْءٍ عِنْدِیْ
لَمَا اِبْتَلَیْتُ اَحَدًا بِالذَّنْبِ
یَا ابْنَ اٰدَمَ اَعْطَیْتُکَ الْاِیْمَانَ
وَالْمَعْرِفَۃَ عَنْ غَیْرِ سُؤَالٍ
وَتَضَرُّعٍ فَکَیْفَ اَبْخَلُ
عَلَیْکَ بِالْجَنَّۃِ وَالْمَغْفِرَۃِ
مَعَ سُؤَالِکَ وَتَضَرُّعِکَ
یَا ابْنَ اٰدَمَ اِذَا اعْتَصَمَ
لِیْ عَبْدٌ هَدَیْتُهٗ وَاِذَا
تَوَکَّلَ عَلَیَّ کَفَیْتُهٗ وَاِذَا
تَوَکَّلَ عَلٰی غَیْرِیْ قَطَعْتُهٗ
اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
یَا ابْنَ اٰدَمَ لَا تَدَعْ صَلٰوۃَ
الضُّحٰی فَاِنَّ لِمُصَلِّیْهَا
یَدْعُوْا لَهٗ مَا طَلَعَتْ عَلَیْهِ
الشَّمْسُ یَا ابْنَ اٰدَمَ ضَیَّعْتَ
اَمْرِیْ وَرَکِبْتَ مَعْصِیَتِیْ
فَمَنِ الَّذِیْ یَمْنَعُکَ
مِنْ عَذَابِیْ یَوْمَ

کسی ایک کو بھی گناہ کی وجہ سے مبتلا
نہ کرتا۔ اے آدم کی اولاد ایمان اور
معرفت بغیر سوال و گڑگڑانے تجھے
عطا میں نے کیا ہے پس تم پر جنت
اور مغفرت کا بخل کیسے کروں گا جبکہ
تو اس کا سوال اور زاری بھی کرے۔ اے
آدم زاد جب بندہ مجھ پر بھروسہ کرلے
تو میں اُس کی ہدایت کرتا ہوں اور
جب وہ مجھ پر توکل کرے تو میں اس
کی کفایت کرتا ہوں اور جب وہ
میرے غیر پر توکل کرتا ہے تو میں اس
کے لئے زمین و آسمان کے اسباب منقطع
کر دیتا ہوں۔ اے آدم زاد صلوٰۃ
الضحیٰ ترک نہ کر کیونکہ اسکے پڑھنے
والے کیلئے سب چیزیں دُعا کرتی ہیں
جن پر سُورج چمکتا ہے۔ اے آدم زاد
میرے حکم کو تو نے ضائع کر دیا ہے
اور میری نافرمانی پر تو سوار ہو گیا
ہے۔ پس کون تجھے قیامت کے



الْقِیٰمَۃِ ۞

دن میرے عذاب سے بچائے گا۔

## اَلسُّوْرَۃُ السَّابِعَۃُ وَالثَّلٰثُوْنَ (سینتیسویں سورت) ۳۷

یَا ابْنَ اٰدَمَ اَحْسِنْ
خُلُقَکَ مَعَ النَّاسِ حَتّٰی
اُحِبَّکَ وَحَبَّبْتُکَ فِیْ
قُلُوْبِ الصَّالِحِیْنَ وَغَفَرْتُ
ذَنْبَکَ یَا ابْنَ اٰدَمَ ضَعْ
یَدَکَ عَلٰی رَاْسِکَ فَمَا
تُحِبُّ لِنَفْسِکَ فَاَحِبَّ
لِلْمُسْلِمِیْنَ یَا ابْنَ اٰدَمَ لَا
تَحْزَنْ عَلٰی مَا فَاتَکَ مِنَ
الدُّنْیَا وَلَا تَفْرَحْ بِمَا اُوْتِیْتَ
مِنْهَا فَاِنَّ الدُّنْیَا الْیَوْمَ لَکَ
رَغَدًا لِغَیْرِکَ یَا ابْنَ اٰدَمَ
اُطْلُبِ الْاٰخِرَۃَ وَدَعِ الدُّنْیَا
فَاِنَّ ذَرَّۃً مِنَ الْاٰخِرَۃِ
خَیْرٌ لَکَ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا

اے آدم زاد تو لوگوں سے حسن
خلق اختیار کر تاکہ میں تجھے دوست
رکھوں اور تیری محبت نیک لوگوں
کے دلوں میں ڈال دوں اور تیرا گناہ
بخشدوں۔ اے آدم زاد اپنا ہاتھ
اپنے سر پر رکھ (انصاف سے سوچ)
پس جو چیز تو اپنے لئے پسند کرے وہی
چیز مسلمانوں کے لئے بھی تو اختیار کر۔
اے اولادِ آدم جو تجھ سے فوت ہو جائے
اُس پر ملول خاطر نہ ہو اور جو تجھے دیا گیا ہے
اس پر خوش نہ ہو جا۔ اس لئے کہ دنیا
آج تیرے پاس ہے کل دوسرے کے
پاس ہوگی۔ اے آدم زاد۔ آخرت
طلب کر اور دُنیا چھوڑ دے اس لئے
کہ معمولی سی آخرت تیرے لئے دنیا و

Presented by www.ziaraat.com

مَا فِيهَا يَا بْنَ آدَمَ أَنْتَ فِي طَلَبِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ فِي طَلَبِكَ يَا بْنَ آدَمَ تَهَيَّا لِلْمَوْتِ قَبْلَ وُرُوْدِكَ وَلَوْ تَرَكْتُ الدُّنْيَا لِأَحَدٍ مِنْ عِبَادِي لَتَرَكْتُهَا لِلْأَنْبِيَاءِ حَتّٰى يَدْعُوا عِبَادِي إِلٰى طَاعَتِي يَا بْنَ آدَمَ كَمْ مِنْ غَنِيٍّ قَدْ جَعَلَهُ الْمَوْتُ فَقِيْرًا وَكَمْ مِنْ ضَاحِكٍ قَدْ صَارَ بَاكِيًا بِالْمَوْتِ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ بَسَطْتُ لَهُ الدُّنْيَا فَطَغٰى وَتَرَكَ طَاعَتِي حَتّٰى مَاتَ عَلَيْهِ وَدَخَلَ النَّارَ وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ قَتَرْتُ عَلَيْهِ الدُّنْيَا فَصَبَرَ وَمَاتَ وَدَخَلَ الْجَنَّةَ ٭

مافیہا سے بہتر ہے۔ اے آدم زاد تو دُنیا کا طالب ہے اور آخرت تیری طالب۔ اے آدم زاد تو مرنے سے پہلے موت کی تیاری کرلے اگر دُنیا میں کسی کے لئے چھوڑتا۔ تو انبیاء کے لئے چھوڑ دیتا تاکہ وہ میرے بندوں کو میری طاعت کی طرف بلائے۔ اے اولادِ آدم کتنے ہی مالدار تھے جن کو موت نے محتاج بنا دیا اور کتنے ہی ہنسنے والے تھے۔ جن کو موت نے رونے والا بنا دیا۔ اور بہت سے بندے ایسے ہیں کہ جن کے لئے میں نے دُنیا فراخ کردی تو وہ نافرمان بن گئے اور میری طاعت چھوڑ دی۔ یہاں تک کہ اسی حالت پر مر گئے اور داخل جہنم ہوئے۔ اور بہت میرے بندے ایسے ہیں کہ میں نے دُنیا اُن پر تنگ کردی (محتاج ہوگئے) پس اس پر صبر کیا اور اسی حالت میں مر گئے اور جنّت میں داخل ہوئے ٭



# اَلسُّوْرَةُ الثَّامِنَةُ وَالثَّلٰثُوْنَ (اڑتیسویں سورت)

يَا بْنَ آدَمَ إِذَا أَصْبَحْتَ بَيْنَ نِعْمَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ لَا تَدْرِي أَيَّتُهُمَا أَعْظَمُ عِنْدَكَ ذُنُوْبُكَ الْمَسْتُوْرَةُ عَنِ النَّاسِ أَوِ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ مِنَ النَّاسِ وَلَوْ عَلِمَ النَّاسُ مَا أَعْلَمُ مِنْكَ مَا سَلَّمَ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ خَلْقِي وَأَخْلِصْ عَمَلَكَ مِنَ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ فَإِنَّكَ عَبْدٌ ذَلِيْلٌ لِرَبٍّ جَلِيْلٍ مَامُوْرٌ لِأَمْرِهِ وَتَزَوَّدْ فَإِنَّكَ مُسَافِرٌ وَلَابُدَّ مِنَ الزَّادِ لِكُلِّ مُسَافِرٍ يَا بْنَ آدَمَ خَزَائِنِي لَا تَنْفَدُ أَبَدًا وَيَمِيْنِي مَبْسُوْطَةٌ بِالْعَطَايَا

اے آدم زاد جب تو صبح کرے دو بڑی نعمتوں کے درمیان کہ تو نہ جانے کہ کونسی بزرگتر ہے تیرے نزدیک تیرے وہ گناہ جو لوگوں سے پوشیدہ ہیں یا لوگوں کا تعریف کرنا۔ اگر لوگ تیرے ان گناہوں کو جانتے ہوتے جو میں جانتا ہوں تو میری مخلوق میں سے ایک بھی تم پر سلام نہ کرتا۔ اور تو اپنے عمل کو خالص بنا دکھانے اور سُنانے سے کیونکہ تو اپنے پروردگار کا ذلیل بندہ ہے جو مامور ہے امر پر اور زادِ راہ مہیا کر کیونکہ آخر تو مُسافر ہے اور ہر مُسافر کو لازماً سفر خرچ لینا پڑتا ہے۔ اے آدم زاد! میرا خزانہ کبھی ختم نہیں ہوتا۔ اور میرا یدِ قدرت ہمیشہ عطیے دینے کے لئے کُھلا ہے۔ اور یاد رکھ

Presented by www.ziaraat.com

أَبَدًا وَبِقَدْرِ مَا تُنْفِقُ أُنْفِقُ عَلَيْكَ وَبِقَدْرِ مَا تُمْسِكُ أُمْسِكُ عَلَيْكَ يَا بْنَ آدَمَ خَوْفُ الْفَقْرِ سُوْءُ الظَّنِّ بِاللهِ تَعَالٰى وَمِنْ قِلَّةِ الْيَقِيْنِ تَبْخَلُ عَلَى الْمَسَاكِيْنِ يَا بْنَ آدَمَ مَنْ أَهَمَّ لِلرِّزْقِ فَقَدْ شَكَّ فِيْ كِتَابِيْ وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْ أَنْبِيَائِيْ فَقَدْ جَحَدَ رُبُوْبِيَّتِيْ وَمَنْ جَحَدَ رُبُوْبِيَّتِيْ كَبَبْتُهٗ فِي النَّارِ عَلٰى وَجْهِهٖ ؞

جس قدر تو خرچ کرے گا۔ اتنا ہی میں تم پر خرچ کروں گا۔ اور جس قدر تو روکے گا۔ اُسی قدر میں تم سے روکوں گا۔ اے آدم کے بیٹے۔ یاد رکھو۔ جس نے رزق کا زیادہ اہتمام کیا۔ اُس نے میری کتاب میں شک کیا۔ اور میرے انبیاء کی تصدیق نہ کی۔ پس اُس نے میرے پروردگار ہونے سے انکار کیا اور جس نے میری ربوبیت سے انکار کیا۔ میں اسے مُنہ کے بل آتشِ جہنم میں ڈال دُوں گا ؞

## اَلسُّوْرَةُ التَّاسِعَةُ وَالثَّلٰثُوْنَ (انتالیسویں سورت ۳۹)

يَا بْنَ آدَمَ اِجْعَلْ قَلْبَكَ مُوَافِقًا لِلِسَانِكَ وَلِسَانَكَ مُوَافِقًا لِعَمَلِكَ

اے آدم زاد تو اپنے دل کو اپنی زبان کے موافق بنا۔ اور زبان کو اپنے عمل کے اور عمل کو میرے غیر سے



وَعَمَلَكَ خَالِصًا مِنْ غَيْرِيْ فَإِنِّيْ غَيُوْرٌ لَا أَقْبَلُ إِلَّا خَالِصًا فَإِنَّ قَلْبَ الْمُنَافِقِ مُخَالِفٌ لِلِسَانِهٖ وَلِسَانَهٗ لِعَمَلِهٖ وَعَمَلَهٗ لِغَيْرِ اللهِ يَا بْنَ آدَمَ مَا تَكَلَّمْتَ بِكَلِمَةٍ وَلَا نَظَرْتَ بِنَظْرَةٍ وَلَا خَطَوْتَ بِخُطْوَةٍ إِلَّا وَمَعَكَ مَلَكَانِ يَكْتُبَانِ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ يَا بْنَ آدَمَ مَا خَلَقْتُكُمْ لِتَجْمَعُوا الدُّنْيَا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ بَلْ خَلَقْتُكُمْ لِتَعْبُدُوْنِيْ عِبَادَةَ الْأَذِلَّاءِ طَوِيْلًا وَتَشْكُرُوْلِيْ جَزِيْلًا وَتُسَبِّحُوْنِيْ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا فَإِنَّ الرِّزْقَ مَقْسُوْمٌ وَالْحَرِيْصُ مَحْرُوْمٌ وَالْبَخِيْلُ مَذْمُوْمٌ وَالْحَاسِدُ مَغْمُوْمٌ وَالنَّاقِدُ حَيٌّ قَيُّوْمٌ

خالص کرلے۔ کیونکہ میں بہت ہی غیرتمند ہوں۔ میں سوائے خالص کے کچھ قبول نہیں کرتا۔ اس لئے کہ منافق کا دل اس کی زبان کے مخالف ہوتا ہے اور اُس کی زبان اُس کے عمل کے مخالف اور عمل اس کا خدا کے غیر کے لئے ہوتا ہے اے آدم زاد تو کوئی کلام نہیں کرتا ہے اور نہ دیکھتا ہے اور نہ قدم رکھتا ہے مگر یہ کہ تیرے ہمراہ دو فرشتے تیرے اچھے بُرے اعمال لکھتے ہیں۔ اے آدم زاد میں نے تمہیں اس لئے پیدا نہیں کیا کہ تم ایک دوسرے کے لئے دنیا جمع کرو۔ بلکہ میں نے تم کو اس لئے پیدا کیا ہے کہ تم ذلیلوں کی سی میری لمبی عبادت کرو۔ اور میرا بہت شکریہ ادا کرو اور میری تسبیح صبح وشام کرو۔ کیونکہ روزی تقسیم شدہ ہے اور حرص کرنیوالا محروم رہتا ہے اور بخیل کی مذمت کی جاتی ہے اور حاسد غمناک رہتا ہے

Presented by www.ziaraat.com

يَا بْنَ اٰدَمَ اِخْدِمْنِيْ فَاِنِّيْ
اُحِبُّ مَنْ يَخْدِمُنِيْ فَاِنَّكَ
عَبْدٌ ذَلِيْلٌ عَاجِزٌ وَاَنَا
رَبٌّ قَادِرٌ جَلِيْلٌ قَوِيٌّ لَوْ
اَنَّ اِخْوَتَكَ وَجَدُوْا رِيْحَ
ذُنُوْبِكَ لَمَّا جَالَسُوْكَ
فَذُنُوْبُكَ كُلَّ يَوْمٍ فِي
الزِّيَادَةِ وَعُمْرُكَ فِي
النُّقْصَانِ وَلَا تَهْدِمْ
عُمْرَكَ فِي الْبَاطِلِ
وَالْغَفْلَةِ فَاِنْ اَرَدْتَ
الْمَزِيْدَ فَاصْحَبْ اَرْبَابَ
الْقُلُوْبِ وَاحْذَرْ مِنْ
اَبْنَاءِ الدُّنْيَا وَخَالِطِ الْمَسَاكِيْنَ
يَا بْنَ اٰدَمَ مَنِ انْكَسَرَ
مَرْكَبُهٗ وَعَاذَ عَلٰى لَوْحٍ
مِنَ الْخَشَبِ فِيْ وَسَطِ الْبَحْرِ
مَا يَكُوْنُ بِاَعْظَمَ مُصِيْبَةً
مِنْكَ لِاَنَّكَ مِنْ

اور پرکھنے والا حیّ وقیوم ہے۔ اے آدم
زاد میری خدمت کر اس لئے کہ میں
اُسکو دوست رکھتا ہوں جو میری خدمت
کرے کیونکہ تو میرا عاجز و ذلیل بندہ
ہے اور قدرت رکھنے والا جلیل وقوی
پروردگار ہوں اگر تیرے بھائی بند تیرے
گناہوں کی ہوا بھی پا لیتے تو کبھی تیرے
پاس بھی نہ بیٹھتے۔ اور گناہ تیرے
ہر روز زیادتی میں اور عمر تیری گھاٹے
میں ہے تو اپنی عمر کو باطل اور غفلت
میں برباد نہ کر۔ اگر تو ہر روز زیادتی
چاہے تو صاحبان دل (عقلمندوں)
کی صحبت اختیار کر اور دنیا داروں سے
پرہیز کرو اور فقراء و مساکین سے
میل ملاپ کرو۔ اے آدم زاد جو اپنے
مرکب کو توڑ دے اور لکڑی کے
تختے پر وسط دریا میں پناہ چاہے
تو ایسا آدمی تجھ سے زیادہ مصیبت زدہ
نہ ہوگا۔ اسلئے کہ تو اپنے گناہوں سے یقین پر ہے



ذُنُوْبِكَ عَلٰى يَقِيْنٍ يَا بْنَ
اٰدَمَ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ
بِالْعَافِيَةِ وَبِسَتْرٍ عَلٰى ذُنُوْبِكَ
وَاَنْتَ تَبَغَّضُ اِلَيَّ بِالْمَعَاصِيْ
وَعِمَارَتِكَ الدُّنْيَا وَخَرَابِكَ
الْاٰخِرَةِ يَا بْنَ اٰدَمَ اِذَا
لَمْ تُجَالِسِ الْمُفْلِحِيْنَ
وَالصَّالِحِيْنَ فَمَتٰى تُفْلِحُ
يَا مُوْسٰى بْنَ عِمْرَانَ اِسْمَعْ
مَا اَقُوْلُ اِنَّهٗ مَا اٰمَنَ بِاللّٰهِ
عَبْدٌ حَتّٰى يَاْمَنَ النَّاسُ
مِنْ شَرِّهٖ يَعْنِيْ مِنْ ظُلْمِهٖ
وَكَيْدِهٖ وَمَكْرِهٖ وَ
نَمِيْمَتِهٖ وَغِيْبَتِهٖ وَ
بَغْيِهٖ وَدَخَلِهٖ وَمَضَرَّتِهٖ
وَسِرِّهٖ وَعَلَانِيَتِهٖ وَقُلْ
يَا مُوْسٰى لِلظَّلَمَةِ لَا
تَذْكُرُوْنِيْ فَاِنِّيْ لَا اَذْكُرُهُمْ
فَاِنَّ ذِكْرِيْ لَهُمْ اَنْ اَلْعَنَهُمْ

اے آدم زاد میں تیرا قریبی ہوتا ہوں
تجھے صحت و عافیت دینے کی وجہ سے
اور گناہوں پر پردہ پوشی کرنے سے
اور تو گناہ کرنے کے باوجود مجھ سے
بغض رکھتا ہے اور دنیا بنانے اور
آخرت خراب کرنے سے۔ اے آدم زاد
جب تو نیکو کاروں اور فلاح یافتہ
لوگوں کے پاس نہ بیٹھے گا تو کب چھٹکارا
پائیگا۔ اے موسیٰ عمران کے بیٹے میں جو کچھ
میں کہوں اُسے سُن۔ کبھی بندہ خدا پر
ایمان نہیں لاسکتا جب تک لوگ
اس کے شر یعنی ظلم و فریب، مکر و چغلی
غیبت زیادتی اور حسد سے محفوظ اور
اُس کے نقصان اور اُس کی ظاہرداری
و باطن سے بے خوف نہ ہو جائینگے
اے موسیٰ ظالموں سے کہہ دو کہ مجھے
ہر گز یاد نہ کرو۔ کیونکہ میں اُن کو یاد
نہیں کرتا۔ اس لئے کہ میرا اُن کو یاد
رکھنا انہیں لعنت کرنا ہے۔ پس

Presented by www.ziaraat.com

فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ
شَاءَ فَلْيَكْفُرْ ۞

جس کا دل چاہے ایمان لائے اور
جس کا جی چاہے کُفر اختیار کرے ۞

# اَلسُّورَةُ الْاَرْبَعُونَ (چالیسویں سورت)

يَا ابْنَ آدَمَ لَا تَعْصِنِيْ
وَلَا تَسْئَلِ الْمَغْفِرَةَ يَا ابْنَ
آدَمَ تَضَرَّعْ لِعِبَادَتِيْ وَ
اِلَّا اَمْلَأُ قَلْبَكَ فَقْرًا وَ
يَدَيْكَ سَعْيًا وَبَدَنَكَ
تَعَبًا وَصَدْرَكَ هَمًّا وَلَا
اُجِيْبُ دُعَائَكَ وَاَجْعَلُ
دُنْيَاكَ عُسْرَةً وَرِزْقَكَ
قَلِيْلًا يَا ابْنَ آدَمَ اَنَا رَاضٍ
بِصَلٰوتِكَ يَوْمًا فَيَوْمًا
فَارْضَ عَنِّيْ بِقُوْتِكَ يَوْمًا
فَيَوْمًا يَا ابْنَ آدَمَ مَهْلًا
فَاِنَّ الرِّزْقَ مَقْسُوْمٌ
وَالْحَرِيْصَ مَحْرُوْمٌ

اے آدم کے بیٹے تو میری
نافرمانی نہ کر اور پھر مغفرت و بخشش
کا سوال نہ کر۔ اے آدم زاد میری
عبادت کے لئے تضرع اختیار کر۔
ورنہ میں تیرے دل کو احتیاج سے
پُر کرونگا اور تیرے ہاتھ کو شش
کرنیوالا اور تیرے بدن کو مشقت
اور سینہ کو رنج سے بھر دونگا اور
تیری دُعا قبول نہ کروں گا اور تیری
دُنیا کو سخت اور روزی کو کم کردوں گا
اے ابنِ آدم میں تیری ہر روز کی نماز
سے راضی ہوں۔ تو مجھ سے ہر روز
کی قوت سے راضی رہ۔ اے آدم زاد
گھبرانہیں ذِ ٹھہر اور روزی کی فکر نہ کر)



وَالْحَاسِدُ مَنْ مُؤْمِرٌ وَالنِّعْمَةُ
لَا تَدُوْمُ يَا ابْنَ آدَمَ اِسْتَحْكِمْ
سَفِيْنَةً فَاِنَّ الْبَحْرَ عَمِيْقٌ
عَمِيْقٌ وَاَكْثِرْ مِنَ الزَّادِ
فَاِنَّ الْعَقَبَةَ كَؤُوْدٌ كَؤُوْدٌ
يَا مُوْسٰى اِنَّ الْعَبْدَ يَعْمَلُ
فِي الدُّنْيَا حَتّٰى يُدْرِكَهُ
الْمَوْتُ فَيَنْدَمُ عَلٰى مَا
سَلَفَ مِنَ الذُّنُوْبِ
وَالْخَطَايَا وَيَسْئَلُ الرَّجْعَةَ
اِلَى الدُّنْيَا لِيَعْمَلَ عَمَلًا
صَالِحًا رَبَّنَا اَبْصَرْنَا فَارْجِعْنَا
نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ
فَوَعِزَّتِيْ وَجَلَالِيْ لَا اَرُدُّ
اَحَدًا اَبَدًا يَا مُوْسٰى مَنْ
سَرَّنِيْ وَاتَّقٰى مِنِّيْ اَعْطَيْتُهُ
الْجَنَّةَ يَا مُوْسٰى الدُّنْيَا
لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِيْنَةٌ وَ
تَفَاخُرٌ وَلَيْسَ لِلْمُؤْمِنِ

کیونکہ روزی تیری قسمت میں لکھی جا
چکی ہے اور لالچی محروم رہتا ہے اور
حاسد کی مذمت کی جاتی ہے اور دُنیا
کی نعمت ہمیشہ نہیں رہے گی اے
آدم زاد کشتی مضبوط بنا۔ کیونکہ سمندر
بہت ہی گہرا ہے اور راہ خرچ زیادہ
مُہیا کر۔ کیونکہ گھاٹی بڑی دشوار گذار
ہے۔ اے موسیٰ بہ تحقیق بندہ دُنیا
میں عمل کرتا ہے اور عمل کرتے کرتے
مر جاتا ہے اور اپنے سابقہ کردہ
گناہ اور غلطیوں سے نادم ہوتا ہے
اور دنیا میں عمل صالح کرنے کے لئے
پھر آنے کا سوال کرتا ہے۔ موافق
فرمانِ خُدا کے کہ کہتے ہوں گے کہ
اے ہمارے پروردگار ہم کو بصارت
دے۔ پس ہم کو دُنیا میں لوٹا دے
تاکہ ہم نیک عمل کریں۔ ہم آخرت کا
بیشک یقین کرتے ہیں مجھے اپنی عزت
وجلال کی قسم میں کسی ایک کو بھی کبھی

Presented by www.ziaraat.com

فِيهَا اِلَّا الْعِبَادَةُ وَ اَلْهَمُّ وَالْغَمُّ وَفِى الْاٰخِرَةِ الْجَنَّةُ يَا مُوسٰى الْقِيٰمَةُ يَوْمٌ شَدِيْدٌ لَا يُغْنِى وَالِدٌ عَنْ وَالِدِهٖ شَيْئًا وَلَا مَوْلُوْدٌ عَنْ وَلَدِهٖ شَيْئًا كَمْ مِنْ نَقِيْرٍ قَدْ تَرَكَ نَقْرَهٗ فِى الدُّنْيَا وَخَرَجَ مِنْهَا اِلَى الْاٰخِرَةِ مَسْرُوْرًا وَمَشْكُوْرًا وَكَمْ مِنْ غَنِيٍّ قَدْ تَرَكَ مَا لَهٗ فِى الدُّنْيَا وَخَرَجَ مِنْهَا اِلَى الْاٰخِرَةِ وَهُوَ نَقِيْرٌ وَحِيْدٌ مِنْ مَالِهٖ وَنَادِمٌ عَلٰى عَمَلِهٖ وَجَمَعَ مَالَهٗ

دنیا میں نہ پھیروں گا۔ اے موسےٰ جو شخص مجھے خوش کرے اور مجھ سے ڈرے۔ مَیں اُسے بہشت دے دوں گا۔ اے موسےٰ دُنیا کھیل کود اور زینت اور باہمی مفاخرت کا نام ہے اور مومن کے لئے دنیا میں سوائے عبادت کے کچھ نہیں اور رنج و غم اس کا حصّہ ہے اور آخرت میں جنّت اس کے لئے ہے۔ اے موسےٰ قیامت کا دن بڑا سخت ہے باپ اپنے بیٹے کو فائدہ نہ پہنچا سکے گا۔ اور نہ ہی اولاد باپ کے کام آئے گی۔ کئی ایسے محتاج ہیں کہ دُنیا میں محتاجی چھوڑ گئے اور دُنیا سے آخرت کی طرف خوش ہو کر نکلے۔ اور خدا کو راضی کرتے ہوئے۔ اور بہت سے



لِوَارِثِهٖ وَكَانَ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ؞

مالدار دنیا میں مال چھوڑ کر آخرت کی طرف نکلے جب کہ وہ محتاج تھے۔ اور اکیلے اور خالی مال سے اور اپنے عمل پر ندامت اُٹھاتے ہوئے اور اپنے مال کو اپنے وارثوں کے لئے جمع کیا اور بروز قیامت سب سے زیادہ عذاب اس کے لئے ہو گا۔ اور ہم عذاب پر عذاب کو اور زیادہ کریں گے بوجہ اُس کے بداعمال کے ؞

---


# مفاتیح الجنان اُردو

مترجمہ :۔ جناب شیخ الجامعہ مولانا مولوی اختر عباس صاحب قبلہ۔

یہ کتاب لاکھوں کی تعداد میں ایران میں طبع ہو چکی ہے۔ اور لاکھوں زائرین اس سے زیارات بجا لا چکے ہیں۔ ایران میں ہر شیعہ کے گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ اس کتاب کی اتنی بڑی اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مولانا موصوف نے اُسے اُردو میں ترجمہ کر کے مذہبِ شیعہ کے لئے ایک بہت بڑی خدمت کی ہے۔ آفسٹ چھپائی۔ عمدہ کاغذ سائز ۷½ × ۱۰ حجم ۷۴۰ صفحات۔ ہدیہ قسم اول سفید کاغذ مجلد ڈائیدار ۵۵ روپے۔

نلنے کا پتہ

کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور
مغل حویلی۔ اندرون موچی دروازہ


Presented by www.ziaraat.com

# زبور کی نصیحتیں

## علامہ مجلسی علیہ الرحمۃ کی کتاب "حیات القلوب" سے منتخب

سید بن طاؤس رض نے ذکر کیا ہے کہ داؤدؑ کی زبور کے دوسرے سُورے میں مَیں نے دیکھا کہ اے داؤد ع کہ تجھے میں نے زمین میں اپنا خلیفہ بنایا ہے اور تجھے تزکیہ نفس کرنے والا اپنے وجود کا اور اپنا نبی بنایا ہے اور عنقریب ایک گروہ حضرت عیسےٰ علیہ السّلام کو خدا جانیں گے۔ میرے بغیر اس لئے کہ مَیں اس کو ایسی قدُرت عطا کروں گا کہ وہ مُردوں کو زندہ میرے حکم سے کریں گے۔ اے داؤد میری مخلوق کا وصف کر میری رحمت وکرم سے یعنی جو کمال مخلوق میں پایا جائے وہ میری بخشش وکرم کی وجہ سے ہے اور اس سے کہ مَیں ہر چیز پر قادر ہوں (اگر میں نے اپنی مخلوق کو قدُرت دی ہے تو کوئی بڑی بات نہیں) اے داؤدؑ کس نے لوگوں سے منہ موڑا کہ مَیں نے اس کو نا اُمید کیا ہو اور کس نے میری درگاہ کی طرف رجوع کیا کہ مَیں نے اس کو اپنی درگاہ سے راندہ کیا ہو۔ کیوں خدا کو پاکیزگی سے یاد نہیں کرتے ہو۔ وہ تمہارا پیدا کرنے والا اور تمہیں انسانی صورت دینے والا ہے۔ مختلف صورتوں میں۔ تم کس لئے دن اور رات کی ساعتوں میں اطاعت کے لئے وقت



کی حفاظت نہیں کرتے ہو۔ کس لئے میری معصیت کو اپنے دلوں سے نہیں ہٹاتے۔ گویا تم مروگے ہی نہیں اور تمہاری دنیا ہمیشہ باقی رہے گی اور تم سے زائل نہ ہوگی۔ حالانکہ تمہارے لئے مَیں نے بہشت میں دُنیا سے نعمت زیادہ اور وسیع کھول رکھی ہے۔ اگر سوچو اور سمجھ کرو۔ ورنہ عنقریب جان لوگے۔ جب میرے پاس آجاؤ گے۔ کہ میں دیکھنے والا اور اطلاع رکھنے والا ہوں مخلوق کے کاموں پر۔ پاک ہے وہ خدا جو خالق نور ہے۔ اور دسویں سُورت میں لکھا ہے کہ اے انسانوں کے گروہ آخرت سے غفلت نہ کرو۔ اور دنیا اپنی خوبی وآرائش کی وجہ سے تم کو دھوکہ نہ دے۔ اے بنی اسرائیل اگر تم فکر کرو آخرت کی طرف پلٹنے کے بارے میں اور قیامت کو یاد کرو اور جو کچھ مَیں نے اُس میں مہیا کر رکھا ہے گناہگاروں کے لئے تمہاری ہنسی کم ہو جائے گی اور تم زیادہ گریہ کرنے لگ جاؤ۔ لیکن تم مَوت سے اور میرے عہد سے غافل ہو رہے ہو۔ پس تم پیٹھ پھیرے ہوئے ہو اگر سوچو تو میرے حق کو معمولی سمجھ رہے ہو۔ گویا تم نافرمان اور گناہگار ہی نہیں اور گویا تم سے حساب لیں گے ہی نہیں۔ کتنا ہی تم کہتے ہو اور کرتے نہیں ہو اور کتنی بار تم وعدہ کرتے ہو اور اس کے خلاف کرتے ہو اور کتنے عہد کرتے ہو اور توڑ دیتے ہو۔ اگر تم فکر کرو مٹی کی دشمنی اور قبر کی تنہائی اور اندھیرے میں تو یقیناً تمہاری باتیں کم ہو جائیں گی اور میری یاد زیادہ کرنے لگو گے اور میری اطاعت بہت کرنے لگو گے۔ یقین جانو کہ حقیقی

Presented by www.ziaraat.com

کمال آخرت کا کمال ہے اور دنیا کا کمال زائل ہونے والا اور متغیر ہے اور
آیا تم زمین و آسمان اور جو کچھ کہ اُن میں ہے ان کی پیدائش میں کبھی فکر نہیں
کرتے اور جو کچھ ہوا کے درمیان خوف دلانے والی چیزیں میں نے اکٹھی
کر دی ہیں۔ نشانیاں اور خبریں، ڈر اور خطرے والی اشیاء میں فکر ہی نہیں
کرتے۔ اور میری روزی کی طلب میں دوڑتے پھرتے ہو اور میں ہوں
بخشنے والا مہربان پاک نور کو پیدا کرنے والا خدا۔ اور سترھویں سورہ میں
لکھا ہے کہ اے داودؑ جو کچھ میں کہوں اچھی طرح سُن۔ اور جناب سلیمانؑ
کو حکم دے کہ تیرے بعد کہے کہ زمین کو محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کی
اُمت کو میراث میں دونگا اور وہ لوگ تمہارے برخلاف ہوں گے
(اُن کے اعمال کی نوعیت تم سے الگ ہوگی) اور اُن کی نماز طنبور و
ساز و سارنگی سے نہیں ہوگی۔ پس میری پاکیزگی زیادہ بیان کر اور جس
وقت میری تقدیس نغمہ کے ساتھ بلند کرے۔ تو ہر گھڑی گریہ زیادہ کر
اے داودؑ بنی اسرائیل سے کہہ دو کہ مال حرام جمع نہ کریں کہ میں نماز ان
کی منظور نہ کرونگا اور گناہ کی وجہ سے باپ سے بھی دُوری اختیار کر اور
اپنے بھائی سے بوجہ حرام علیحدہ ہو جا۔ اور بنی اسرائیل کو ان دو آدمیوں کا
واقعہ سناؤ۔ جو حضرت ادریس کے زمانہ میں تھے۔ اور دونوں کے لئے نماز
واجبی کے وقت میں تجارت درپیش آئی۔ پس اُن میں سے ایک نے کہا کہ
میں تو حکم خدا (نماز) سے شروع کروں گا اور دوسرے نے کہا کہ میں تو
پہلے تجارت کروں گا اور بعد میں حکم خدا (نماز) کو بجا لاؤں گا۔ پس ایک



تجارت میں لگ گیا اور دوسرا نماز کی طرف متوجہ ہوا۔ پس میں نے وحی کی
ابر کی طرف کہ وہ ٹھنڈی ہوا اور بجلی و کڑک کے ساتھ اُس پر پڑے۔ چنانچہ
وہ بادل اور اندھیرے میں مشغول ہو گیا اور اُس کی تجارت اور نماز دونوں
ہی ضائع ہو گئیں۔ اور اس کے گھر میں لکھا گیا کہ دیکھو دُنیا اور زیادہ طلبی
اُس کی اس کے طالب کے ساتھ کیا کرتی ہے۔ اے داودؑ! جب تو ظالم
کو دیکھے کہ دُنیا اُسے اٹھائے ہوئے ہے اس کی حالت کی آرزو نہ کر کیونکہ
دو چیزوں میں سے ایک اس کے لئے ضرور ہوگی۔ یا تو کسی ظالم کو اُس
پر مسلط کروں گا کہ اس سے زیادہ ظالم ہو گا جو اس سے انتقام لے گا۔ اور
یا لازم کروں گا اُس پر بروز قیامت کہ وہ لوگوں کے حقوق کو ان کے
مالکوں کو واپس کر دے۔ اے داودؑ اگر تو دیکھے ان کو جو لوگوں کے حقوق اُن
کے ذمہ باقی ہیں۔ وہ قیامت میں اُن کی گردن میں آگ کے طوق بنا کر
ڈال دیئے جائیں گے۔ پس اپنے نفوس کا خود حساب کرو۔ اور لوگوں سے
انصاف سے رہو۔ اور دُنیا اور اس کی زینت کو چھوڑ دو۔ اے آدم کے
غافل بیٹے ایسی دنیا کو تم کیا کرتے ہو۔ جس میں صبح کو آدمی اپنے گھر سے
صحیح باہر جاتا ہے اور شام کو بیمار ہو کر واپس ہوتا ہے۔ اور ناز و نعمت
سے باہر جاتا ہے اور طوق و زنجیروں میں جکڑا ہوا واپس آتا ہے اور
صحیح سلامت گھر سے باہر نکلتا ہے اور مقتول ہو کر لوگوں کے کندھے پر
آتا ہے۔ وائے ہو تم پر اگر تم بہشت اور جو اس میں نعمتیں میں نے
اپنے دوستوں کے لئے مہیا کر رکھی ہیں دیکھتے تو ہرگز دنیا کی کوئی چیز لذیذ

Presented by www.ziaraat.com

سمجھ کر تم نہ چکھتے اور میں بروز قیامت اپنے دوستوں کو پکاروں گا کہ کہاں ہیں میرے دوست جو دنیا میں اچھے کھانے پینے کی خواہش رکھتے تھے. اور میری رضا کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ترک لذات کر دیا۔ وہ کہاں ہیں جو ہنسی کو رونے سے مخلوط کرتے رہے۔ (ہر وقت خوشی خوف خدا کا لحاظ رکھا) کہاں ہیں وہ جو سردی اور گرمی میں میری مسجدوں میں اکٹھے ہوتے تھے. آج دیکھو کہ تمہارے لئے میں نے کیا کیا نعمتیں بنائی ہیں۔ تم بہت جاگتے تھے جب اور لوگ سوتے رہتے تھے۔ پس آج جو چیزیں تم چاہتے ہو۔ آج اُن کی لذت اٹھاؤ کہ تم سے میں راضی ہوا ہوں اور تمہارے خالص و پاکیزہ عمل نے میرے غضب و غصّہ کو ہٹا دیا ہے جو اہل زمین پر تھا۔ اے رضوانِ جنت ان کو پانی دو۔ جب وہ پانی پی لیں گے ان کی رونق و خوبصورتی چہروں کی زیادہ ہو جائے گی۔ پس رضوان کہے گا۔ خداوند تعالیٰ نے یہ نعمتیں تم کو اس لئے عطا کی ہیں کہ تمہاری شرمگاہیں حرام کو نہ پہنچیں (تم حرام سے بچتے رہے) اور تم نے بادشاہوں اور آسودہ حال لوگوں کی آرزو نہ کی تھی۔ پس میں کہتا ہوں کہ اے رضوان ظاہر کر وہ نعمتیں بہشت کی جو اُن پر مقرر کی ہیں میں نے پھر ایک نہیں۔ بلکہ آٹھ بہشت اُن کے لئے بنائے ہیں۔ اے داؤد جو آدمی میرے ساتھ معاملہ تجارت کرے وہ بہترین فائدہ حاصل کرنے والا ہے اور جو کوئی اپنا دل دنیا سے باندھے۔ اور دنیا اُس کو زمین پر گرا دیتی ہے اور بہت خراب طریقہ سے زیادہ گھاٹا اُٹھانے والا ہوگا وہ آدمی۔ افسوس ہے تم پر اے آدم کے



بیٹے تمہارا دل کتنا ہی سخت ہے کہ ماں باپ تمہارے مرجاتے ہیں اور ان کے حالات سے تم عبرت و نصیحت نہیں پکڑتے۔ اے آدم کے بیٹے کیا تو نہیں دیکھتا کہ کوئی حیوان مرتا ہے تو بو کرتا ہے اور مُردار اور گندہ و خراب ہو جاتا ہے۔ حالانکہ وہ حیوان ہے اور کوئی گناہ بھی اُس کا نہیں ہوتا۔ اور تیرے تو اتنے بڑے گناہ ہیں کہ اگر وہ پہاڑوں پر ڈال دیئے جائیں۔ تو پہاڑوں کو اُن کی جگہ سے ہٹا دیں۔ اے داؤدؑ میں اپنی عزت کی قسم کھاتا ہوں کہ کوئی چیز تمہاری اولاد اور مال سے زیادہ تمہارا نقصان کرنے والی نہیں اور کوئی آزمائش تمہارے دلوں میں ان کی مثل نہ ہوگی۔ اور تمہارے اچھے عمل میرے پاس بلند ہوتے ہیں۔ اور میرا علم سب چیزوں کو حاوی ہے اور پاک ہے وہ ذات جو نور کو پیدا کرنے والا ہے اور تیئسویں سُورت میں لکھا ہے کہ اے مٹی کے بیٹو اور گندہ پانی اور غفلت (دنیا) کے مغرور فرزندو بہت متوجہ ہو جاؤ اُن چیزوں کی طرف جو تم پر میں نے حرام کی ہوئی ہیں۔ اس لئے کہ اگر تم جانو کہ حرام تم کو کہاں لے جائے گا تو یقیناً اُس کو بہت بُرا خیال کرنے لگو۔ اگر خوشبوئے زنانِ بہشتی کو خیال کرو کہ وہ بشری طبائع کے ہیجان سے پاک ہیں۔ پس وہ ہمیشہ راضی ہیں اور کبھی غصہ میں نہیں آتیں اور ہمیشہ رہنے والی ہیں۔ کبھی نہ مریں گی۔ جب بھی اُن کا شوہر ان کی بکارت زائل کرے گا پھر ویسی کی ویسی باکرہ ہو جائیں گی۔ مکھن سے زیادہ نرم اور شہد سے زیادہ شیریں اُن کے تخت کے سامنے شراب اور شہد کی نہریں موجیں مارتی ہوں گی۔ وائے ہو تم پر اے غافل انسان بڑی

Presented by www.ziaraat.com

سلطنت اور ہمیشہ کی نعمتیں اور پاکیزہ وخوشگوار زندگی اور دائمی خوشی اور ہر وقت رہنے والی نعمات میرے پاس ہیں (اگر کوئی لینے والا ہو تو مَیں دینے کے لئے بہانہ ڈھونڈ رہا ہوں) پاک ہے وہ ذات خداوند جو نور کا پیدا کرنے والا ہے۔ اور تیسویں سُورت میں لکھا ہے کہ اے آدم کے بیٹو جو موت کے گروی ہو تو تم آخرت کا کام کرو۔ اور اُس کو دُنیا کے بدلے خرید لو اور اس گروہ کی مانند نہ ہو جاؤ جو غفلت وکھیل میں پڑ کر دُنیا میں گزر کرتے ہیں۔ اور خوب سمجھ لو جو مجھے قرض دے گا اس کا سرمایہ بہت فائدہ کو پہنچے گا۔ اور جو شیطان کو قرض دے گا وہ جہنم میں اس کا ہمنشیں ہو گا۔ تمہیں کیا ہے کہ دُنیا سے رغبت رکھتے ہو اور حق سے دُور پھرتے ہو۔ کیا تم کو تمہارے خاندان نے دھوکا دے رکھا ہے۔ اور اس آدمی کا حسب خاندان کیا ہو گا جو خاک سے پیدا ہوا ہے اور میرے نزدیک حسب تو پرہیزگاری ہے۔ اے فرزند آدم یقین جانو جو کچھ بھی سوائے خدا کے تم پوجتے ہو۔ وہ دوزخ کی آگ میں رہیں گے۔ تم مجھ سے بیزار ہو میں تم سے بیزار ہوں۔ اور مجھے تمہاری عبادت کی کوئی حاجت نہیں ہے۔ جب تک خالص اسلام نہ لاؤ گے۔ اور میں ہوں صاحب عزت وغلبہ اور حکمت کا جاننے والا پاک نور کا پیدا کرنے والا اور چھیالیسویں سورت میں لکھا ہے، اے آدم کے بیٹے۔ میرے حق کو معمولی نہ سمجھو۔ ورنہ میں بھی تجھے دوزخ میں رکھ کر تم کو سُبک و معمولی سمجھوں گا۔ اور سود کھانے والوں کے جگر اور رودے ٹکڑے ٹکڑے ہوں گے۔ اور جب خیرات کرو تو اُسے یقین



کے پانی سے دھوؤ کہ پہلے میرے ہاتھ میں آتا ہے سائل کے ہاتھ میں جانے سے۔ اور اگر وہ مال حرام سے ہے تو مَیں اُسے تصدق کرنے والے کے مُنہ مارتا ہوں۔ اگر حلال ہے تو مَیں کہتا ہوں کہ اس کے لئے جنت میں محل عالیشان اور ریاست۔ وہاں کی ریاست دُنیا کی بادشاہی کی طرح نہیں ہے۔ وہ ریاست آخرت کی بادشاہی ہے۔ پاک ومنزہ ہے وہ خدا جو نور کا خالق ہے۔ اور سینتالیسویں سورت میں لکھا ہے کہ اے داوٗدؑ تم جانتے ہو کہ بنی اسرائیل کو بندر اور سور کی شکل میں مَیں نے کیوں مسخ کیا کہ جب کوئی مالدار اور غنی بڑا گناہ کرتا تھا اور اُس کو آسان سمجھتے تھے (اُس کی پرسش کوئی نہیں کرتا تھا) اور اُس کو چھوڑ دیتے تھے اور جس وقت کوئی غریب اُس سے چھوٹا گناہ کرتا تھا تو اس سے بدلہ لیتے تھے۔ پس ضروری ہوئی میری لعنت ہر اس شخص کے لئے جو اس طرح کا تسلط زمین میں بہم پہنچائے گا۔ اور مالدار اور غریب دونوں پر ایک طرح کا حکم جاری نہ کرے گا۔ اور تم تو دنیا میں خواہش ہائے نفسانی کی پیروی کرتے ہو۔ بتاؤ تم مجھ سے کہاں بھاگ جاؤ گے اور جس وقت میں تنہائی میں تمہارے ساتھ ہوتا ہوں کتنا ہی زیادہ منع کرتا ہوں کہ مومن کی عزت کے درپے ہرگز نہ ہونا۔ تم اپنی زبانوں کو دراز کئے ہوئے ہو۔ لوگوں کی عزت کے درپے ہونے میں (یعنی جس وقت تم تنہائی میں مجھے یاد کرتے ہو۔ تو تمہیں خیال ہوتا ہے کہ خواہ مخواہ لوگوں کی عزت کے مَیں درپے کس لئے ہوں) پاک ہے وہ خدا جو خالق نور ہے اور پینٹھویں ۷۵ سُورت میں لکھا ہوا ہے کہ اے داوٗدؑ

Presented by www.ziaraat.com

بنی اسرائیل پر اس آدمی کا قصہ پڑھو جس کے مطیع تمام اطراف زمین کے لوگ ہوتے تھے۔ یہاں تک کہ جب اُس کا کام مضبوط ہوگیا۔ تو زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش میں لگا اور حق کو بھلا دیا اور باطل کو ظاہر کیا اور دنیا بنانے اور قلعے بنانے اور مال جمع کرنے لگا۔ پس عین آرام و عیش و نعمت میں ایک پسُو کو میں نے وحی کی کہ اس پر داخل ہو۔ اور اس کے مُنہ کو کاٹے۔ پس وہ بھڑ (پسُو) اس وقت میں داخل ہوا کہ وزیر اور خاص خاص بڑے لوگ اور اس کے دربان سب حاضر تھے اور ڈنگ اس کے چہرے کے ایک طرف ایسا مارا کہ اُسی گھڑی سُوج گیا اور اس کے چہرے سے خون اور گندگی کے چشمے جاری ہوگئے اور اس کے چہرے کے تمام گوشت کو خراب کر دیا۔ کہ اس کی بدبو اور گندگی کی وجہ سے اُس کے نزدیک کوئی نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ یہاں تک کہ جب وہ مرگیا تو اُس کے جسم کو بغیر سَر کے لوگوں نے دفن کیا۔ اگر لوگوں کو نصیحت و عبرت ہووے تو یہ قصہ میری نافرمانی سے باز رکھنے کے لئے کافی ہے۔ لیکن غافل لوگ دنیا کے کھیل کود میں پڑ گئے ہیں۔ پس تم چھوڑ دو اُن کو اُن کے لہو و لعب میں جب تک کہ میرا حکم ان کو نہ پہنچے۔ اور یاد رکھو میں نیک لوگوں کی اُجرت کو ضائع نہیں کروں گا۔ پاک ہے وہ خدا جو خالق ہے نور کا۔

---



# لقمان حکیم نے اپنے بیٹے کو جو نصائح کی ہیں بعض ان میں سے مندرجہ ذیل ہیں

اے فرزند بہ تحقیق تو جس دن سے کہ دنیا میں آیا ہے دنیا کی طرف پیٹھ اور مُنہ جانب آخرت کئے ہوئے ہے۔ اور آخرت کی منزلوں کو تو طے کر رہا ہے۔ پس اس گھر میں کہ تو جاتا ہے۔ تجھے زیادہ نزدیک ہے اس سے کہ ہر روز جس سے دُور ہو رہا ہے۔ اے بیٹے علما اور داناؤں کے پاس بیٹھا کر اور ادب سے زانو اُن کے سامنے جُھکا دے۔ اور ان سے کبھی جھگڑا نہ کرنا۔ کہ وہ لوگ اپنے علم کو تجھ سے ہٹا لیں گے (روک لیں گے) اور دنیا سے اس قدر لے جتنا تجھے کافی ہو ضرورت بھر کے لئے اور بالکل تحصیل دنیا کو ترک نہ کر۔ تاکہ تو لوگوں کا محتاج نہ ہو جائے اور اسی طرح بالکلیہ دنیا کی طلب میں ہر وقت اس کے پیچھے نہ پڑ جا کہ اپنی آخرت کا نقصان کر بیٹھے گا۔ اور اس قدر روزہ رکھ جو تیری خواہشات کو روک لے اور اتنا روزہ نہ رکھ جو تیری نماز کو مانع ہووے۔ اِس لئے کہ نماز خدا کے نزدیک زیادہ محبوب و پسند ہے روزہ سے۔ اے فرزند دنیا ایسا گہرا دریا ہے جس میں بہت گروہ غرق ہوئے اور ہلاک ہو گئے پس تجھے چاہیئے کہ ایمان کو اپنی کشتی بنائے تو نجات کے لئے ہلاک ہونے

Presented by www.ziaraat.com

سے اس دریا میں اور خدا پر توکّل کو کشتی کا بادبان بنائے اور زادِ راہ اِس کشتی میں حرام اور مکروہ اشیاء سے پرہیزگاری کو بنائے۔ اگر تو نجات پائے تو رحمتِ خدا سے تو نے نجات پائی۔ اور اگر ہلاک ہو جائے تو اپنے گناہوں کی وجہ سے ہلاک ہوا۔ اور دوسری روایات میں اِس طرح وارد ہے کہ پرہیزگاری کو اپنی کشتی بناؤ اور جو مال کہ کشتی میں رکھے تو چاہیئے کہ وہ خدا و انبیاء و رسولوں اور ان کے احکام پر ایمان ہو اور کشتی کا بادبان خدا پر توکّل اور اس کشتی کا ناخدا و ملاح عقل ہو کہ اس کی تدبیر سے راستے پر چلے اور اس کشتی کا رہبر و معلم علم ہو اور اس کشتی کا لنگر یا پیچھے کا چپّو مصائب و بلا پر صبر و شکر اور حرام چیزوں کو ترک کرنے کی محنت اور طاعات کا بجالانا ہو۔ اے بیٹے اگر بچپن میں تو ادب قبول کرلے گا۔ تو بڑے ہونے میں وہی تیرے کام آئے گا۔ جو شخص آدابِ حسنہ کی فضیلت کو جان لے گا۔ تو اُس کی تحصیل کی کوشش کرے گا اور جو شخص کہ اس فکر میں لگا ہوگا۔ اُس کے حصول کی مشقّت برداشت کرنے کا متحمل ہوگا۔ اور جو شخص کہ آدابِ حسنہ کو اسی طرح سیکھنے کی کوشش کرے کہ اُس کو پالے اور اپنے آپ کو اس سے متصف کرے تو اس کا نفع دنیا و آخرت میں پالے گا۔ پس اپنے تئیں آدابِ پسندیدہ کی عادت بنالے تاکہ نیکوں کا خلف ہو جائے تو اور بعد والوں کو فائدہ پہنچائے کہ وہ تیری پیروی کریں اور تیرے دوست تجھ سے اُمید وار اور تیرے دشمن تجھ سے ڈرتے رہیں۔ اس کے طلب کرنے میں تو بالکل



کاہلی و سُستی نہ کر۔ اور اس کے علاوہ کسی چیز کے حصول پر متوجہ نہ ہو۔ اگر تو اپنی دنیا پر مغلوب ہو جائے اور تجھ سے دنیا لے لیں تو یہ آسان ہے (یعنی اُس کی پرواہ نہ کر) اور تو کوشش کر کہ تو آخرت کی بابت مغلوب نہ ہووے کہ آخرت کو تجھ سے نہ لیں۔ اور امرِ آخرت میں مغلوب اس لئے ہوتا ہے کہ جہاں سے علم حاصل کرنا چاہیئے وہاں سے حاصل نہ کرے۔ اور شب و روز میں اور اپنی ساعتوں میں سے اپنے لئے طلبِ علم کے لئے وقت مقرر کر کہ کوئی شے آدمی کے علم کو ضائع نہیں کرتی۔ مثل اس کے کہ اس کو ترک کر دے۔ یعنی تحصیلِ علم کا ترک کر دینا اس کا سبب ہو جاتا ہے کہ جو علم حاصل شدہ ہوتا ہے۔ وہ بھی اس کے قبضے سے چلا جاتا ہے۔ اور علم میں دِل لگی یا جھگڑا (خواہ مخواہ کی بحث) یا کسی بات کے پیچھے چمٹ جانا اور نزاع و بحث نہ کر داناؤں کے ساتھ اور صاحب سلطنت سے دُشمنی ہرگز نہ کر اور ظالم کے ساتھ چلنا پھرنا اور ہمرکابی نہ کر اور بدکار سے دوستی نہ کر اور کسی تہمت زدہ سے برادری نہ جوڑ جس سے لوگ بدگمانی رکھتے ہوں اور اپنے علم کو خوب محفوظ رکھ اور پوشیدہ رکھ۔ جس طرح اپنے سونے کو پوشیدہ رکھتے ہو۔ اے میرے فرزند خدا سے اِس طرح ڈر کہ اگر تو تمام جنوں اور انسانوں کی نیکیاں لے کر بھی قیامت میں آئے تو خوف کرے کہ تجھے عذاب کریں گے اور خدا سے اتنی اُمید رکھ کہ اگر تو تمام جنوں اور انسانوں کے گناہ کے ساتھ محشر میں آئے تو تجھے اُمید ہو کہ خدا تجھے بخش دے گا۔ لقمان کے بیٹے نے کہا کہ اے باپ

Presented by www.ziaraat.com

یہ کیوں کر ہو سکتا ہے کہ ایک دِل میں خوف و اُمید دونوں جمع کروں لقمان نے کہا کہ اے فرزند اگر مومن کے دل کو باہر نکال لیں اور شگاف کریں تو یقیناً اُس میں دو نُور پائے جائیں گے۔ ایک نور خدا کے ڈر کے لئے اور دُوسرا خدا سے اُمید کے لئے۔ اگر دونوں کو تولیں اور اندازہ کریں تو ایک نور دُوسرے سے ذرہ برابر بھی زیادہ نہ ہوگا۔ پس جو شخص خدا پر ایمان رکھے وہ خدائی فرمان کی تصدیق کرے۔ اور جو شخص خدائی فرمان کی تصدیق کرے۔ اُن پر عمل کرے گا اور جو شخص کہ فرمان ہائے خداوندی کو عمل میں نہ لائے۔ وہ خدا کے فرمانوں کا یقین نہیں رکھتا ہے اس لئے کہ اُن میں سے بعض اخلاق و اعمال بعض دیگر کی شہادت دیتے ہیں۔ پس جو شخص خدا پر ٹھیک ٹھیک اور سچا ایمان رکھتا ہو وہ خدا کے لئے عمل خالص کرے گا۔ خیر خواہی کا خیال کرتے ہوئے۔ پس ایسا جو بھی عمل کرے گا محض خدا کے لئے پس درست ایمان لایا ہے وہ اور جو خدا کی اطاعت کرے وہ خدا سے ڈر رکھنے والا ہے۔ جو خدا سے ڈرے۔ وہ خدا کو دوست رکھتا ہے اور جو خدا کو دوست رکھے۔ وہ اس کے حکم کی اطاعت و پیروی کرے گا۔ خدا کے بہشت کا حقدار اور خوشنودی خدا کا مستوجب ہوتا ہے اور جو کوئی خوشنودی خدا کا خیال نہ کرے۔ پس اس نے اپنے اوپر غضب خدا کو آسان جانا ہے۔ میں غضب خدا سے پناہ مانگتا ہوں خدا سے۔ اے میرے پیارے بیٹے تو دُنیا کی



طرف رغبت نہ کر اور اپنے دل کو اُس کی طرف مشغول نہ بنا لے کہ کوئی مخلوق خدا کے نزدیک دنیا سے زیادہ بے قدر نہیں ہے۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ خدا نے اپنے نیک بندوں کے اعمال کا بدلہ دنیا کی نعمات قرار نہیں دیں۔ اور دنیا کی آزمائش و تکالیف کو نافرمانوں کے گناہ کی سزا مقرر نہیں کیا۔

---

# ذخیرہ مناقب کامل جدید معہ اضافہ

## مع

## هفت بند کاشی

اس کتاب کی ابتداء ہفت بند کاشی علیہ الرحمۃ سے کی گئی ہے جسکا ترجمہ بزبان اُردو بین السطور میں درج ہے۔ یہی وہ ہفت بند کاشی ہے جس نے مصنف ممدوح کے نام نامی کو زندہ جاوید بنا دیا اور اکثر حضرات کے وظیفہ روزانہ میں داخل ہے اسکے علاوہ مناقب اُردو شامل ہیں جنکو مومنین برائے حاجات روزانہ پڑھتے ہیں اور استجابت دُعا کیلئے اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں فارسی کے وہ مناقب شامل ہیں جنکے متعین کے اسم گرامی انکی اہمیت کے کافی ضامن ہیں۔ ملا جامی۔ حافظ شیرازی۔ حضرت قدسی و شمس تبریز۔ حسن کاشانی۔ سعدی ثنائی جناب محتشم رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔

نوٹ:۔ کتاب "ذخیرہ مناقب کامل جدید معہ اضافہ" خریدتے وقت کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور کی مطبوعہ خریدیں۔ جسکی لکھائی موٹی سے موٹی اور چھپائی بہترین آفسٹ پر حجم ۲۲۴ صفحات۔ سائز ۱۸×۲۳/۸ سفید کاغذ مجلد معہ رنگین ٹائیٹل۔ ہدیہ لاگت کے قریب۔ ہدیہ ۲۲ روپے پچاس پیسے۔ علاوہ محصول ڈاک۔

ملنے کا پتہ:۔ کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) مغل حویلی۔ اندرون موچی دروازہ لاہور ۸

Presented by www.ziaraat.com

# چہل حدیث نبویؐ

(١) قال رسول الله صلی الله علیه واٰله وسلم من قرأ او حفظ اربعین حدیثا من اُمتی سماه الله تعالی فی السّمآء ولیًا وفی الارض فقیها ویحشره الله من الصالحین الّذین لاخوف علیهم ولاهم یحزنون ؛

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص میری اُمّت سے چالیس حدیثیں پڑھے اور یاد رکھے تو خدا آسمان میں اُس کا ولی نام رکھتا ہے اور زمین میں فقیہ۔ اور اسے اُن نیکو کاروں کے ساتھ محشور کرتا ہے جن پر قیامت کو نہ خوف ہو گا نہ رنج۔

(٢) قال صلی الله علیه واٰله وسلم الصّلوٰة عماد الدّین من ترکها فقد هدم الدّین ؛

فرمایا آنحضرتؐ نے نماز ستون ورکن دین ہے جو شخص اسے چھوڑ دے گا۔ وہ اپنے دین کو گرانے والا ہے ؛

(٣) قال صلی الله علیه واٰله وسلم من ترک الصّلوٰة عامدًا ومتعمدًا القی فی

فرمایا حضرتؐ نے جو شخص جان بوجھ کر نماز چھوڑ دے وہ اسّی۸۰ حقب دوزخ میں رہے گا اور



النّار ثمانین حقبا والحقب ثمانون سنةً ؛

ایک حقب اسّی۸۰ سال کا ہوتا ہے ؛

(٤) قال صلی الله علیه واٰله وسلم عجلوا بالصلوٰة قبل الفوت وعجلوا بالتوبة قبل الموت وعجلوا بالصدقة قبل البلاء ؛

فرمایا حضرتؐ نے نماز فوت ہونے سے پہلے جلدی سے پڑھ لو۔ اور مرنے سے پہلے توبہ میں جلدی کرو اور مصیبت نازل ہونے سے پہلے صدقہ دینے میں جلدی کرو۔

(٥) قال صلی الله علیه واٰله من انفق درهما علی طالب العلم فکانما انفق بمثل جبل احد ؛

فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص طالب علم پر ایک درہم خرچ کرے تو ایسا ہے گویا اُس نے کوہ اُحد کی مانند خرچ کیا ؛

(٦) قال صلی الله علیه واٰله من صلّی صلوٰة الفجر ثم جلس حتی طلع الشّمس اعطاه الله فی الفردوس سبعین قصرًا من ذهب اوفضة ؛

فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص نماز صبح پڑھ کر طلوع آفتاب تک تعقیبات میں بیٹھا رہے تو خدا فردوس میں اُس کو ستّر۷۰ محل سونے یا چاندی کے عطا فرمائے گا ؛

(٧) قال صلی الله علیه واٰله من حافظ علی الصّلوات

فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص پنجگانہ نماز کو وقت پر پڑھے تو

Presented by www.ziaraat.com

الخمس کتب اللہ لہ نجاۃ
من النّار یوم القیٰمہ و
نورا و برھانا و من لم
یحافظ علی الصلوات الخمس
لم یکن لہ نجاۃ و لا
نور و لا برھان و لا ایمان
یوم القیٰمۃ ؛

(۸) قال صلی اللہ علیہ
و آلہٖ من تکلم بکلام الدنیا
عند الاذان یتلجلج لسانہ
عند الموت ؛

(۹) قال صلّی اللہ علیہ
و آلہٖ المؤمن فی المسجد
کالسمک فی الماء و المنافق
فی المسجد کالطیر فی القفس ؛

(۱۰) قال صلّی اللہ علیہ
و آلہٖ من بنی مسجد اللہ
بنی اللہ تعالیٰ لہ فی الجنۃ
سبعین قصرًا ؛

اس کے لئے پروانۂ نجات بروز
قیامت اور نور اور دلیل عطا ہوتی
ہے اور جو حفاظت سے نہ پڑھے
اس کے لئے نہ ہی نجات نہ نور نہ
برہان اور نہ ہی قیامت کے دن
ایمان ہوگا ؛

فرمایا حضرتؐ نے کہ جو آدمی
اذان کے وقت دنیا کی کوئی بات
کرے گا تو اُس کی زبان موت کے
وقت چنچلا جائے گی۔

فرمایا حضرتؐ نے مومن کی
مثال مسجد میں ایسی ہے۔ جیسی
مچھلی پانی میں اور کافر کی ایسی ہے
جیسے پرندہ جال (قید خانہ) میں۔

فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو رضائے
خدا کے لئے مسجد بنوائے گا۔ خدا
جنت میں اُس کے لئے ستر قصرو
محل بنوائے گا ؛



(۱۱) قال صلی اللہ علیہ
و آلہٖ من عرف نفسہ فقد
عرف ربہ ؛

(۱۲) قال صلی اللہ علیہ
و آلہٖ لا یدخل الجنۃ من
کان فی قلبہ مثقال ذرۃ
من الکبر و لا یبقیٰ فی
النّار من کان فی قلبہ
مثقال ذرۃ من الایمان ؛

(۱۳) قال صلی اللہ علیہ
و آلہٖ من قتل حیۃ فقد
قتل کافرا ؛

(۱۴) قال صلی اللہ علیہ
و آلہٖ من اذی مومنًا بغیر
حق فکانما ھدم الکعبۃ
و المدینہ و البیت المعمور ؛

(۱۵) قال صلی اللہ علیہ
و آلہٖ من اکرم غریبا
فی غربتہ فقد اکرم سبعین

فرمایا حضرتؐ نے کہ جس شخص
نے اپنے وجود کو پہچانا اُس نے
خدا کو پہچان لیا ؛

فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جس آدمی
کے دل میں ذرہ بھر بھی تکبر ہوگا وہ
جنت میں داخل نہ ہو سکے گا۔ اور
جس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان
ہے وہ ہمیشہ دوزخ میں باقی نہ
رہے گا ؛

فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو آدمی
سانپ کو مار ڈالے ایسا ہے جیسا
کسی کافر کو قتل کر دیا ؛

فرمایا حضرتؐ نے۔ جو آدمی
کسی مومن کو بغیر گناہ اذیت
پہنچائے گویا اُس نے خانہ کعبہ اور
مدینہ اور بیت المعمور گرا دیا ؛

فرمایا جو کسی غریب الوطن کی
عالم غربت میں عزت افزائی کرے
تو اُس نے ستر نبی و رسولوں

Presented by www.ziaraat.com

نبیا مرسلا ؛

(١٦) قال صلی اللہ علیہ والہٖ من اراد ان یتکلم مع اللہ فلیقرء القرآن ؛

(١٧) قال صلی اللہ علیہ والہٖ اھل القرآن ھو اھل اللہ وخاصتہ ؛

(١٨) قال صلی اللہ علیہ والہٖ المسلم من سلم المسلمون من یدہٖ ولسانہٖ ؛

(١٩) قال صلی اللہ علیہ والہٖ من قضی حاجۃ لاخیہ المسلم فی الدنیا قضی اللہ لہ اثنین وسبعین حاجۃ فی الآخرۃ ؛

(٢٠) قال صلی اللہ علیہ والہٖ من اکرم الضیف و لو کان کافرا اکرم اللہ یوم القیمۃ ؛

کا اکرام کیا ؛

فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص خدا سے کلام کرنا چاہے وہ قرآن کو پڑھے ؛

حضرتؐ نے فرمایا کہ اہل قرآن ہی خدا والے ہیں اور اُس کے مقرب ہیں ؛

فرمایا حضرتؐ نے مسلمان تو وہ ہے کہ جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان لوگ محفوظ رہیں ؛

حضرتؐ نے فرمایا جو اپنے کسی مسلمان بھائی کی ضرورت پوری کرے۔ خدا اُس کی بہتر حاجتیں پوری کرے گا۔ آخرت میں ؛

فرمایا ہے حضرتؐ نے کہ جو مہمان کی قدر کرے گا گو وہ کافر ہی ہو تو بروز قیامت خدا اُس کی عزت کرے گا ؛



(٢١) قال صلی اللہ علیہ والہٖ الدنیا مزرعۃ الآخرۃ ؛

(٢٢) قال صلی اللہ علیہ والہٖ الدنیا سجن المؤمن وجنۃ الکافر ؛

(٢٣) قال صلی اللہ علیہ والہٖ الدنیا دار الغرور و الآخرۃ دار السرور ؛

(٢٤) قال صلی اللہ علیہ والہٖ خصلتان لایجتمعان فی المؤمن البخل و سوء الخلق ؛

(٢٥) قال صلی اللہ علیہ والہٖ العلم بلا عمل کالسحاب بلا مطر والغنی بلا کرم کالشجر بلا ثمر والفقیر بلا صبر کالنھر بلا ماء والشاب بلا توبۃ کالبیت بلا سقف والمرأۃ بلا حیاء

آنحضرتؐ نے فرمایا کہ دُنیا آخرت کی کھیتی ہے ؛

نیز فرمایا حضرتؐ نے کہ دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت کی مانند ہے ؛

فرمایا آنحضرتؐ نے دنیا دھوکہ دینے والی جگہ ہے اور آخرت خوشی کا ٹھکانہ ہے ؛

حضرتؐ نے فرمایا کہ دو عادتیں مومن میں اکٹھی جمع نہیں ہوتیں۔ کنجوسی اور بدخلقی۔

آنحضرتؐ نے فرمایا بغیر عمل کے علم مثل بادل کے ہے جو بغیر بارش ہو۔ اور جو مالدار سخی نہ ہو وہ مانند درخت بے ثمر کے ہے اور جو فقیر محتاج صبر نہ کرے وہ مثل نہر کے ہے جس میں پانی نہ ہو اور بے توبہ نوجوان

Presented by www.ziaraat.com

كالطعام بلا
ملح ؛

---

(۲۶) قال صلى الله عليه
واله قوام ديني باربعة
اشياء بعلم العلماء وسخاوة
الاغنياء وعدل الامراء
ودعاء الفقراء ؛
(۲۷) قال صلى الله عليه
واله من تعلم بابا من
العلم والاحاديث ولوحديثا
واحدا كتب الله له اجر
سبعين نبيا ؛
(۲۸) قال صلى الله عليه
واله من قص شاربه اعطاه
الله اربعة انوار نورا فى
وجهه ونورا فى جبهته
ونورا فى قبره ونورا فى
القيمة ؛

مثل اس گھر کے ہے جو بغیر چھت ہو اور
بے حیا عورت ایسی ہے جیسے کہ کھانا بغیر
نمک ہو ؛
فرمایا حضرتؐ نے کہ میرے
دین کا قوام چار چیزوں سے ہے
علماء کے علم سے اور مالداروں کی
سخاوت سے اور حاکموں کی عدالت
سے اور فقراء و محتاج لوگوں کی دعا سے
فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص
ایک دروازہ علم کا سیکھے اگرچہ
ایک حدیث ہی ہو تو خدا اس
کے لئے ستر انبیاء کا ثواب
لکھتا ہے ؛
فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص
شارب (موچھوں کے بال) کاٹے
خدا اُسے چار نور عطا کرے گا۔
ایک نور چہرہ میں دوسرا پیشانی میں
تیسرا قبر میں اور چوتھے بروز قیامت
نور عطا ہوگا ؛



(۲۹) قال صلى الله عليه
واله من شرب الماء وهو
قائم اوتسرول وهو قائم اوتعمم
وهو قاعد ابتلاء الله ببلاء
لادواء له ؛
(۳۰) قال صلى الله عليه
واله من تمشط بمشط مكسور
وكتب بقلم معقود فتح الله له
سبعين بابا من الفقر ؛
(۳۱) قال صلى الله عليه واله
من شهد بالجماعة كتب الله له
بكل خطوة ذاهبا وراجعا عشر
حسنة ومحى عنه عشر سيئة و
رفع له عشر درجة ؛
(۳۲) قال صلى الله عليه
واله سلموا على اليهود و
النصارى ولا تسلموا يهود
امتى فقال يا رسول الله
من يهود امتك قال الذين

فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص پانی
کھڑے ہو کر پیئے اور شلوار و پاجامہ کھڑے
ہو کر پہنے یا عمامہ بیٹھ کر باندھے تو خدا
اسے ایسی آزمائش میں مبتلا کرے گا
جس کی کوئی دوا ہی نہ ہو ؛
فرمایا حضرتؐ نے کہ جو ٹوٹی ہوئی
کنگھی سے کنگھی کریگا یا ٹوٹے ہوئے قلم
سے لکھیگا تو خدا اس کے لئے ستر
دروازے محتاجی کے کھول دے گا ؛
فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص جماعت
کے ساتھ نماز پڑھے خدا ہر قدم پر
آنے اور جانے کا دس نیکیاں لکھتا ہے
اور دس گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اور
اسکے دس درجے بلند کئے جاتے ہیں ؛
فرمایا حضرتؐ نے کہ مسلمانو تم
یہودیوں اور نصاریٰ پر سلام بھی کر
لینا مگر میری اُمت کے یہودیوں پر
سلام نہ کرنا۔ لوگوں نے پوچھا یا
حضرت آپکی اُمت کے یہودی کون ہیں؟

Presented by www.ziaraat.com

یسمعون الاذان والاقامۃ
ولا یحضرون الجماعۃ ÷
(۳۳) قال صلی اللہ علیہ
والہ من اعان تارك الصلوٰۃ
بلقمۃ واحدۃ اوشربۃ ماء
فکانما قتل الانبیا کلہم اولہم
ادم واخرھم محمد صلی اللہ
علیہ والہ ÷
(۳۴) قال صلی اللہ علیہ
والہ من سمع فاحشۃ فافشاھا
فھو کالذی اتاھا ÷
(۳۵) قال من احتاج الیہ
اخوہ المومن فی قرض وھو
یقدر فلم یفعل حرم اللہ
علیہ ریح الجنۃ ÷
(۳۶) قال صلی اللہ علیہ والہ
من فسر القران برایہ فلیتبوؤ
مقعدہ من النار ÷
(۳۷) قال صلی اللہ علیہ والہ

فرمایا حضرت نے کہ جو لوگ اذان اور اقامت
سُن کر جماعت میں داخل نہیں ہوتے ÷
فرمایا جو بے نماز کی ایک لقمہ یا ایک
گھونٹ پانی سے اعانت کرے گا۔
تو گویا وہ سب انبیاءؑ کا قاتل ہے کہ
پہلا ان میں سے آدمؑ اور آخری
محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہیں ÷
فرمایا حضرتؐ نے کہ جو کسی مومن
کی خرابی سُنے اور اُسے ظاہر کرے
ایسا ہے جیسا اُسنے بے حیائی کی ہے ÷
فرمایا حضرتؐ نے کہ جس کی طرف
کوئی مومن حاجتمند ہو قرض لینے میں
اور وہ دینے پر قدرت بھی رکھے اور
نہ دے تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے ÷
حضرتؐ نے فرمایا کہ جو تفسیر قرآن
اپنی رائے سے کرے پس وہ اپنی
جگہ دوزخ میں بنالے ÷
فرمایا مومن کی نیت اُس کے



نیۃ المومن خیر من عملہ
ونیۃ الکافر شر من عملہ ۔
(۳۸) قال علی علیہ السلام
ان اللہ جمیل یحب الجمال و
یحب ان یری اثر نعمۃ
علیٰ عبدہ ÷
(۳۹) قال الصادقؑ لما سئل
عن مکارم الاخلاق العفو
عمن ظلمك وصلۃ من
قطعك واعطا من حرمك
وقول الحق ولو علیٰ نفسك
وعن سید البشرؐ قال من
اراد ان لا یوقفہ علی قبیحہ
اعمالہ ولا ینشر لہ دیوانا
فلیدع بھذا الدعاء فی
دبر کل صلوٰۃ ÷

عمل سے بہتر اور کافر کی نیت اس
کے عمل سے بدتر ہے ÷
حضرت علیؑ نے فرمایا کہ خدا جمیل
ہے وہ جمال کو دوست رکھتا ہے۔
اور چاہتا ہے کہ اپنے بندے پر
اپنی نعمتوں کا اثر دیکھے ÷
صادق آل محمدؐ سے جب مکارم
اخلاق کی بابت دریافت کیا گیا تو
فرمایا کہ جو تم پر ظلم کرے اُسے معاف
کر دو اور جو قطع رحمی تم سے کرے۔
اس سے صلہ رحمی کرو اور جو تمہیں محروم
رکھے اُسے عطا کرو اور ہمیشہ حق کہو۔
اگرچہ تمہارے لئے وہ باعث نقصان
کیوں نہ ہو۔ حضرت رسول خدا نے
فرمایا کہ جو چاہے قبیح اعمال نہ کرے۔
اور انکی پرسش اُسے نہ ہو اور بروز
قیامت اس کا اعمالنامہ نہ کھولا جائے۔ تو اسے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھنی چاہیئے:

اللھم ان مغفرتك
ارجیٰ من عملی وان رحمتك

اے میرے اللہ تیری مغفرت
میرے عمل سے زیادہ قابل دید ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

اوسع من ذنبی اللّٰھم ان لم اکن ابلغ رحمتك فرحمتك اھلٌ ان تبلغنی لا نّھا وسعت کل شئٍ یا ارحم الرحمٰن ؛

اور تیری رحمت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اے اللہ اگر میں تیری رحمت کو نہیں پہنچ سکا تو تیری رحمت اس بات کی سزاوار ہے کہ وہ مجھے پہنچے اس لئے کہ تیری رحمت ہر چیز کو احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اے رب سب سے زیادہ رحم کرنے والے ؛

(۴۰) وعن الرضا عن ابائہ عن رسول اللہ وھو عن جبرئیلؑ قال سمعت رب العزۃ یقول کلمۃ لا الٰہ الا اللہ حصنی فمن قالھا دخل فی حصنی ومن دخل فی حصنی امن من عذابی وفی بعض الروایات قال الرضا فی اخر ھذا الحدیث بشرطھا و شروطھا وانا من شروطھا؛

حضرت امام رضاؑ سے روایت ہے وہ اپنے آبائے طیبین سے فرماتے ہیں اور وہ رسول اللہؐ سے اور وہ جناب جبرئیلؑ امین سے وہ خدا سے کہ اللہ فرماتا ہے کہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ میرا قلعہ ہے۔ پس جو کہیگا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو گیا اور جو میرے قلعہ میں داخل ہو جائے گا وہ میرے عذاب سے بیخطر رہے گا اور بعض روائیتوں میں یہ بھی اس حدیث کے آخر میں ہے کہ امام رضاؑ نے فرمایا بشرطھا و شروطھا کہ یہ فرمان شرائط کے ساتھ ہے اور ان شرائط میں سے ایک میں ہوں یعنی میری امامت کا قائل ہو تو عذاب خدا سے امان میں رہے گا ؛



# دُعائے خاتمہ

اللہ تعالیٰ ہمیں ان احادیث کے حفظ و ضبط کرنے اور ان کے مضامین پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔
اَللّٰھُمَّ اجعلنا من خیر عبادك الصالحین بمحمد واٰلہ الطیّبین الطاھرین۔

---


حضرات چہاردہ معصومین علیہ السلام کے تمام پاکیزہ حالاتِ زندگی

## چودہ ستارے معہ اضافہ

ہم نے کتاب "چودہ ستارے" معہ اضافہ آفسٹ پر طبع کرائی ہے۔ اس میں ۱۱۲ صفحات کا اضافہ ہے۔ فہرست مضامین اور فہرست ماخذ بھی درج ہے۔ ایران و پاکستان کے چھ علماء کی تقاریظ و فوٹو سے مزین ہے۔ ٹائیٹل پیج پانچ رنگ کے گردپوش سے آراستہ ہے۔

کتاب "چودہ ستارے" خریدتے وقت "امامیہ کتب خانہ لاہور کی مطبوعہ خریدیں کیونکہ یہ ایڈیشن بالکل صحیح ہے۔ لکھائی چھپائی بہترین، حجم ۶۰۸ صفحات بسائز ۲۰×۲۶/۸ قسم اوّل سفید کاغذ مجلد معہ رنگین ڈسٹکور ۔ ۶۰ روپے۔

ملنے کا پتہ:۔ امامیہ کتب خانہ. مُغل حویلی۔ اندرون موچی دروازہ لاہور ۸


Presented by www.ziaraat.com

# امیر المومنین حضرت علیؑ کے مواعظ حسنہ سے اقتباس

إِنَّ الْمَالَ وَالْبَنِينَ حَرْثُ الدُّنْيَا وَالْعَمَلَ الصَّالِحَ حَرْثُ الْاٰخِرَةِ ؕ

بیشک مال اور اولاد دُنیا کی کھیتی ہے اور نیک اعمال آخرت کی کھیتی ہیں ؕ

مَا يَنْجُوا مِنَ الْمَوْتِ مَنْ خَافَهُ وَلَا يُعْطَى الْبَقَاءَ مَنْ اَحَبَّهُ ؕ

جو موت سے ڈرتا ہے وہ موت سے کبھی نہیں بچ سکتا اور جو ہمیشہ زندہ رہنا چاہتا ہے وہ ہمیشہ زندہ نہیں رہتا

لَا يَغْدِرُ مَنْ عَلِمَ كَيْفَ الْمَرْجِعُ ؕ

جو شخص یہ جانتا ہے کہ اُسے خدا کی طرف کیونکر واپس جانا ہے وہ بے وفائی اور عہد شکنی کا ارتکاب کر ہی نہیں سکتا ؕ

إِنَّ اَنْصَحَ النَّاسِ لِنَفْسِهِ اَطْوَعُهُمْ لِرَبِّهِ وَإِنَّ اَغَشَّهُمْ لِنَفْسِهِ اَعْصَاهُمْ لِرَبِّهِ ؕ

سب سے اچھا نصیحت قبول کرنے والا وہ آدمی ہے جو سب سے زیادہ اپنے رب کا اطاعت شعار ہے اور اپنے نفس کے ساتھ بدترین خائن وہ ہے جو سب سے زیادہ اپنے رب کا نافرمان ہے ؕ



إِنَّ مُجَالَسَةَ اَهْلِ الْهَوٰى مَنْسَاةٌ لِلْاِيْمَانِ وَمَحْضَرَةٌ لِلشَّيْطَانِ ؕ

تحقیق اہل ہوای (نفس) کے ساتھ مجلس (نشست و برخاست) ایمان کو بھلا دینے والی اور شیطان کو حاضر کرنے والی ہے ؕ

اَلصَّادِقُ عَلٰى شَفَا مَنْجَاةٍ وَكَرَامَةٍ وَالْكَاذِبُ عَلٰى شَرَفِ مَهْوَاةٍ وَمَهَانَةٍ

سچ بولنے والا نجات اور کرامت کے دہانہ پر اور جھوٹا ذلت اور خواری کے کنارے پر کھڑا ہے ؕ

لَا تَحَاسَدُوا فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاْكُلُ الْاِيْمَانَ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ ؕ

ایک دوسرے سے حسد نہ کرو کیونکہ حسد ایمان کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے ؕ


## پانچ دُعاؤں کا مجموعہ

جس میں زیارت امام حسین علیہ السلام۔ دُعائے ندبہ۔ دُعائے جامعہ۔ دُعائے عہد۔ دُعائے سمیٰ درج ہیں۔ پاکٹ سائز۔ سفید کاغذ۔ آفسٹ چھپائی۔ ٹائیٹل رنگین۔ ہدیہ مناسب

**دُعائے صنمی قریش مترجم** مترجمہ:۔ حافظ سید فرمان علی صاحب قبلہ اعلی اللہ مقامہٗ۔ پاکٹ سائز۔ ہدیہ مناسب۔

ملنے کا پتہ:۔ **کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) مغل حویلی**

اندرون موچی دروازہ لاہور ۸

Presented by www.ziaraat.com

# بنتِ رسولؐ

مؤلفہ :۔ جناب سیّد احمد حسین صاحب ترمذی بی اے (آنرز) بی۔ٹی۔ اسمیں جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی مختصر سوانح عمری درج ہے۔ اسکی لکھائی چھپائی عمدہ ہدیہ مناسب۔

## سیرتِ سجادؑ

مصنفہ :۔ سیّد احمد حسین صاحب ترمذی۔ اس کتاب میں مؤلف صاحب نے جناب سیّد الساجدین حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی پاکیزہ زندگی کے حالات درج کئے ہیں۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

## سیرتِ زینبؑ

مؤلفہ :۔ سیّد احمد حسین صاحب ترمذی۔ اسمیں حضرت زینب سلام اللہ علیہا کے دلخراش واقعات مختصراً درج ہیں۔ عورتوں اور مردوں کے لئے یکساں مفید ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

## پیغامِ حسینی

مؤلفہ :۔ سیّد احمد حسین صاحب ترمذی۔ ان مضامین کی حامل ہے۔ جن میں واقعات کربلا کا مجملاً ذکر ہے۔ مگر ان واقعات کا مفصل ذکر بھی ہے۔ جو روزِ عاشورا رونما ہوئے۔ ان مضامین میں ان خدمات کا ذکر بھی ہے جو مخدراتِ عصمت و طہارت اور اطفال اہلبیتؑ نے روزِ عاشورا سرانجام دیں۔ نہایت مفید کتاب ہے

ملنے کا پتہ :۔ کتب خانہ اثناء عشری (رجسٹرڈ) مغل حویلی موچی دروازہ لاہور ۸



# جواہر البیان ترجمہ اللؤلؤ والمرجان

امام حسین علیہ السّلام پر رونے اور رُلانے کا ثواب۔ مجلس امام مظلوم کے شرائط۔ اخلاص و عبادت کے معنی۔ مجلس کو پُرخلوص پڑھنے سے رکاوٹیں۔ ایک مشہور واعظ کا واقعہ۔ سچائی اور راست گوئی کی مفصل تفصیل اور احکام۔ جھوٹ اور اس کے اقسام اور اس کے مضرات۔ تقیہ اور جھوٹ اور توریہ میں فرق۔ مجلس کو سرمایہ تجارت نہ بنایا جائے۔ ان امور پر مشتمل کتاب اللؤلؤ والمرجان۔ مؤلفہ علامہ مرزا حسین نوری کا ترجمہ اُردو جواہر البیان سفید کاغذ۔ ہدیہ مناسب۔

## آفتابِ شہادت حصہ اوّل و دوم

تالیف :۔ علامہ جزائری مدظلہ۔ اس کتاب میں واقعات کربلا بالکل اچھوتے انداز میں درج ہیں۔ جس کا ایک ایک لفظ وُہ ہے کہ آپ دل پکڑ کر رہ جائیں گے۔ امام حسینؑ کی شہادت عظمیٰ کے متعلق تمام گندہ ذہنوں کا دندان شکن جواب دیا ہے۔ بیشمار منبری گوشے اور پاکیزہ نکات۔ کتاب کی ہر سطر ندرتِ لطافت، متانت اور پرشکوہ عبارت کا آئینہ دار ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

ملنے کا پتہ :۔ کتب خانہ اثناء عشری (رجسٹرڈ) مغل حویلی اندرون موچی دروازہ لاہور ۸

Presented by www.ziaraat.com

# تذکرہ امام زین العابدینؑ

اسمیں پہلا عزادار سید الشہداء امام زین العابدینؑ کی وہ تمام خصوصیات نمایاں ہیں۔ جنہوں نے سید الشہداء کے مقصدِ شہادت کو غیر فانی بنا دیا ہے امام بیمار اور جناب زینبؑ کے وہ خطبات، جو انہوں نے دربار ابن زیاد اور دربارِ یزید میں بیان فرمائے ہیں۔ کاغذ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

## فلسفۂ شہادت

اسمیں ثابت کیا گیا ہے کہ سید الشہداء نے کیوں شہادت اختیار کی۔ اس سے اسلام کو کیا فائدہ پہنچا۔ اسکے عوام و انصار نے کیا کیا کام کئے۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

## شہید

مؤلفہ:۔ سید منظور حسین صاحب۔ اسمیں لفظ "شہید" پر بحث کی گئی ہے۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

## ماہ بنی ہاشم

یعنی سوانح حیات حضرت عباس علمبردار۔ اس کے آخر میں چند معجزات درج ہیں۔ ایسی کتاب آج تک نہیں چھپی۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ ہدیہ مناسب۔

## دلچسپ مکالمہ

اسمیں مولانا الطاف حسین حالی اور سجاد حسین صاحب نے مناظرہ کی اہمیت فریقین کے اختلاف اور شیعوں کا برسرِ حق ہونا ثابت کر کے مولانا ممدوح کو اپنا ہم خیال بنایا۔ ہدیہ مناسب

ملنے کا پتہ: **کتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) مغل حویلی**
اندرون موچی دروازہ لاہور ۸

Presented by www.ziaraat.com

### نئے سال کی بہترین کارآمد اور مقبولِ عام

# اثناء عشری جنتری کلاں

جس میں عیسوی سال کی تاریخوں کے مطابق اسلامی سن ہجری اور سنِ بکرمی کی مکمل تقویم ۔ نوروز عالم افروز کا مکمل خاکہ ۔ تاریخ ہائے سعد و نحس ۔ قمر در عقرب ۔ فہرستِ تعطیلات کے علاوہ ہر سال نئے موضوعات پر مذہبی معاشی ، طبی اور سائنسی عنوانات پر ملک کے مایہ ناز ادیبوں کی تخلیقات اور تحقیقات شامل اشاعت ہوتی ہیں ۔ تقویم و نجوم ۔ بارہ برجوں کے حالات ۔ حضرت امام رضا کی ہدایت کے مطابق ماہانہ حالات ۔ عملیات و تعویذات جیسے موضوعات پر بھی بہترین معلومات سے مرصع "اثناء عشری جنتری" ہر سال ماہ نومبر میں ہزاروں کی تعداد میں طبع ہو کر ہدیہ قارئین ہوتی ہے ۔ جس کے مستقل قاری اس بات کے شاہد ہیں کہ یہ سب سے بہتر کارآمد اور معیاری جنتری ہے ۔ بہترین رنگین ٹائیٹل ۔ آفسٹ پر دیدہ زیب ۔ طباعت و کتابت و کاغذ عمدہ ۔ ضخامت سب سے زیادہ ۔ قیمت سب سے کم ۔ اپنے شہر کے قریبی بک سٹال سے خریدیئے یا براہِ راست ہم سے طلب فرمائیے

ملنے کا پتہ

**امامیہ کتب خانہ مغل حویلی اندرون موچی دروازہ لاہور**

Presented by www.ziaraat.com